Jnoun e mhoobat

Tania tahir novel

complete

چیخوں کی آوازوں پر۔۔۔ایکدم وہ ہڑبڑا کر جاگے اور تیزی سے اوپر کیطرف بھاگے حالانکہ اس کمرے کے آگے ایک فوج تھی گارڈز کی اسکے باوجود وہ چیخ رہی تھی۔۔وہ ہلکان سے ہوتے اوپر آئے۔۔اوپر نرسز اسکو پکڑنے کی کوشش کر رہیں تھیں مگر۔۔۔مقابل درد سے دھری ہوتی۔۔۔چیخیں مار رہی تھی

کیا ہوا ہے اسکو" وہ ایکدم دھاڑے۔۔۔۔نرسز پیچھے ہٹ گئیں۔۔۔

انھوں نے اسکے ہاتھ پاؤں سہلاے اسکا چہرہ اپنے ہاتھوں میں تھام لیا۔۔۔

روشنی ہوش میں آؤ" وہ اسکو جھنجھوڑ کر بولے مگر مقابل پر کوئی اثر نہیں ہوا۔۔اور انھوں نے کسی خوف کے احساس کے تحت جلدی سے۔۔۔اسکے دونوں بازو چیک کیے۔۔۔ تو اسکے بازو پر خون لگا دیکھ کر وہ سر تھام گئے۔۔۔۔۔

انھوں نے ارد گرد دیکھا۔۔۔زمین پر تلاشی لی چیزیں اٹھا کر ادھر ادھر پھینک دیں تو۔۔۔۔انھیں انکی مطلوبہ شے مل گئی۔۔۔ سیرینج کو دیکھ کر۔۔۔۔انکے اندر ایک جلال بھر گیا۔۔۔یہ نہ جانے کتنی سیرینج تھی جو انھیں روشنی کے پاس سے ملی تھی۔۔۔

روشنی کی چیخوں کا تسلسل اب بھی جاری تھی۔۔۔

وہ بے بسی سے بیٹی کو دیکھتے رہے۔۔

کیا کر سکتے تھے۔۔۔کچھ بھی نہیں۔۔۔

جیسے ہاتھ کٹ سے گئے تھے۔۔جب تک سیرینج کا اثر زائل نہیں ہوتا تب تک۔۔۔اسکی چیخیں ختم نہیں ہوتیں تبھی وہ اسکے پاس بیٹھ گئے وہ تکلیف سے دھری ہوتی رہی۔۔انھوں نے سرخ نظروں سے ان گارڈز اور نرسز کو دیکھا۔۔۔۔

گیٹ آؤٹ " غراہٹ کی آواز پورے گھر میں گونج گئی تھی۔۔۔۔

وہ سب جلدی جلدی باہر نکل گئے۔۔۔۔انھوں نے زقی کو فون کیا

مجھے کل ساری نرسز اور گارڈز نئے چاہیے " وہ بولے اور فون بند کر دیا۔۔۔

کس پر یقین کرتے اور کس پر نہیں۔۔۔

اپنے گناہوں کی سزا بیٹی کو پاتے دیکھ وہ تڑپ ہی اٹھے تھے

رو رو کر۔۔۔۔انھوں نے اپنی بھی حالت غیر کر لی۔۔۔

جبکہ۔۔وہ ایک مشہور معروف پولیٹیشین تھے اس

وقت یہ انکو دیکھ کر لگ نہیں رہا تھا۔۔

روشنی کی چیخوں میں کمی ہوئی تو وہ اسکی جانب

متوجہ ہوئے۔۔۔وہ خاموش ہو گئی تھی اور یہ تو تب

سے ہوتا آرہا ہے جب سے وہ اٹھارہ سال کی ہوئی تھی

تب سے ہی یہ سلسلہ شروع تھا۔انکی بیٹی آج

اکیس سال کی ہو گئی تھی۔۔۔وہ پیچھلے چند سالوں سے

یہ تکلیف سہہ رہی تھی۔۔۔

اور جتنی وہ اذیت میں تھی اتنی ہی وہ تکلیف کا شکار ہو

رہے تھے۔۔۔۔

انھوں نے اسکے آنسو صاف کیے۔۔اور آہستہ سے اسپر چادر ڈال دی۔۔۔۔اسکے سر پر پیار کیا۔۔۔اور وہ وہیں صوفے پر بیٹھ گئے۔۔۔۔

وہ اب بلکل ایسا نہیں چاہتے تھے کہ وہ دوبارہ اسی تکلیف سے گزرے تبھی وہ وہیں بیٹھ گئے۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

وہ مسکرا کر ٹی وی آف کر گیا۔۔۔۔۔سارے ووٹ جیت کر وہ اپنے ہلکے کا الیکشن جیت گیا تھا۔۔۔جس کے لیے اسنے سر توڑ کوشش کی تھی۔۔۔۔۔وہ اپنے آفس میں چیئر پر جھولتا۔۔۔خوش تھا۔۔۔

وہاں کھڑے لوگ بھی مسکرا رہے تھے۔۔۔

کہ آج اسکا کونفیڈینس جیت گیا تھا۔۔وہ چیئر چھوڑ کر ایکدم اٹھا۔۔۔اور باہر نکل گیا۔۔جبکہ یہ بھی نہیں بتایا کہاں جا رہا ہے۔۔۔

گاڑی میں بیٹھ کر وہ سیدھا۔۔اپنے باپ کے گھر پہنچا۔۔تھا

گھر میں داخل ہوا۔۔تو ایل سی ڈی پر نیوز ہی چل رہی تھی۔۔۔اسکا بھائی ہار گیا تھا۔۔۔

وہ مسکرا کر۔۔۔سب کو دیکھ رہا تھا اسکی مسکراہٹ میں۔۔۔وہ طنز چھپا تھا جسے سب نے وہاں کھڑے لوگوں میں محسوس کیا۔۔۔۔

اشرف مٹھائی کھلاؤ سب کو" اسکی آواز پر اشرف نے مٹھائی کا ٹوکرہ سب کے آگے کیا۔۔۔

توجہانگیر نے وہ مٹھائی کا ٹوکرہ الٹ دیا اور کھا جانے والی نظروں سے ماہر کیطرف دیکھا۔۔

تمھیں کیا لگ رہا ہے تم نے مجھے ہرا دیا"

وہ چلائے۔۔۔

تمھاری ماں اس سب کا کیا بھگتے گی سمجھے تم"

میں جانتا ہوں تم اتنے ہی گھٹیا ہو" ماہر نے

اسکیطرف دیکھا۔۔۔اور شانے آچکا دیے

ارسل کیطرف بھی دیکھا جو سرخ چہرے سے

بیٹھا تھا اسے ہنسی آگئ۔۔۔۔

چلیں۔۔۔۔چلتا ہوں مٹھائ کھلانے آیا تھا۔۔مگر

آپ نے ضائع کر دی یہ پیسے رکھ کر جا رہا ہوں دل

کرے تو منگا لینا" وہ ہنس کر کہہ کر وہاں سے باہر نکل گیا

۔۔۔جبکہ۔۔۔

وہ جانتا تھا۔۔اسکی ماں بھی انھیں کے جیسی

ہے۔۔ بھلے وہ اسکی سگی ہے مگر وہ سب اسکا کچھ

نہیں بگاڑ سکتے تھے۔۔جہانگیر نے اٹھا کر وہ پیسے پھاڑ دیے۔۔

کتنا پیسہ لگایا تھا ارسل پر کہ کسی طرح وہ الیکشن جیت جائے۔۔مگر پھر بھی ووٹ ماہر کو پڑے تھے ۔۔جبکہ وہ کنگال انکے بقول انکے ٹکڑوں پر پلنے والا۔۔ان سے آگے کیسے نکل گیا تھا۔۔۔

وہ غصے سے بھڑک رہے تھے انھوں نے اسکی ماں کیطرف دیکھا جو خاموش کھڑی تھی۔۔

جشن مناؤ تم تو کیوں ہمارے غم میں کھڑی ہو" وہ اسپر بگڑے۔۔۔

مجھے کیا پتہ تھا وہ جیت جائے گا" وہ بولیں تو۔۔۔

بڑے بیٹے کے لیے لہجے میں کوئی خوشی نہیں تھی جبکہ دوسرے بیٹے کا غم ضرور تھا اور یہ ہی چیز ماہر کو سب سے الگ کر گئی تھی۔۔

اسنے جان لیا تھا جب اسکی کسی کو پرواہ نہیں تو وہ بھی کسی کی پرواہ نہیں کرے گا۔۔۔اسکا اہم مقصد یہ الیکشن جیتنا تھا اور وہ جیت گیا تھا۔۔۔۔

گاڑی ڈرائیو کرتے ہوئے اسے یہ سوچ کر مزہ آرہا تھا۔۔ کہ جہانگیر کا سکون برباد ہو گیا۔۔۔۔۔

جتنی اسے اپنے سوتیلے باپ اور بھائی سے نفرت تھی شاید ہی دنیا میں کسی سے اسے اتنی نفرت تھی

۔۔۔

اسنے گاڑی اپنے بنگلے کیطرف گھمالی۔۔۔۔۔

وہ یہاں اکیلا رہتا تھا۔۔مگر کبھی اسے تنہائی محسوس نہیں ہوئی۔۔

یہ ہوئی تھی۔۔اسنے کبھی بتانے کی کوشش نہیں کی۔۔ بس اسکا ایک مقصد تھا۔۔۔زندگی سے۔۔۔۔بس

اسے ایک چیز چاہیے تھے اور وہ تھا اپنے باپ کے قاتلوں کا گریبان پکڑنا جس نے۔۔۔ انکا ہنستا کھیلتا گھر برباد کر دیا تھا۔۔۔ وہ چاہتا تھا وہ اس شخص تک پہنچے جس نے۔۔۔ اسکے باپ کو م گولی مار دی تھی جبکہ اسکی یاداشت میں جوتوں کی ٹک ٹک تھی۔۔۔ جب کے ایک سیاہ پرچھائی۔۔۔ جس کے لبوں کی مسکراہٹ تھی۔۔۔ ہاتھوں میں بندوق۔۔۔۔

وہ اسکی شکل نہیں دیکھ سکا تھا۔۔۔ اور بچپن سے لے کر جوانی کی چوبیسویں بہار دیکھ لی تھی۔۔۔۔ جو اسپر ٹوٹ کر برسیں تھی۔۔۔۔ مگر آج تک باپ کے قاتل تک نہیں پہنچ سکا تھا اسکی راتوں کی نیند۔۔ حرام تھی۔۔۔ جبکہ دن کا سکون غارت تھا۔۔۔

ایک منزل تھی ایک مقصد تھا۔۔ اپنی زندگی کی حفاظت وہ صرف اس دن تک کے لیے کر رہا تھا

جب اپنے باپ کے قاتل کی آنکھوں میں بھی وہ ہی خوف نہ دیکھ لیتا جو اسکی آنکھوں میں دیکھ کر وہ مسکرایا تھا۔۔۔۔۔۔

بھلے اسکے بعد اسکی جان بھی نکل جاتی اسے پرواہ نہیں تھی۔۔

خیر اسکی جان کی فکر تھی بھی کسے۔۔۔

نہ کوئی مقصد نہ کوئی منزل۔۔ایک بے راہ سی زندگی ایک جنون۔۔۔۔۔۔

ہزار بار اسنے اپنی ماں سے۔۔۔اس بارے میں جاننا چاہا تھا کہ اس رات جس رات۔۔۔ ڈیڈ کو گولی لگی تھی اس رات۔۔وہ کہاں تھیں۔۔جبکہ وہ۔۔۔بس اتنا ہی کہتیں کہ وہ تو۔۔۔شام ہوتے ہی ایک پارٹی میں چلی گئیں تھیں۔۔

جبکہ جہانگیر۔۔۔اسفند کا بہترین دوست تھا

۔۔۔

وہ اکثر۔۔۔وہاں آتا جاتا تھا۔۔۔۔

مگر کسی کو اس رات کا راز نہیں پتہ تھا۔۔کیونکہ۔۔

اسفند اس رات گھر میں تنہا تھا۔۔۔۔

اندر کی داستان کی کھوج نکالنے کو۔۔۔اسنے۔۔۔سالوں لگا

دیے تھے مگر آج تک جان نہیں سکا تھا۔۔

جہانگیر نے اسکی ماں سے شادی کر لی تھی۔۔۔۔

کیونکہ اسکی ماں خوبصورت اور ینگ تھی۔۔۔۔

اور ہر وقت روتی رہتی تھی شاید ترس کھا کر اسنے ان

سے شادی کر لی تھی مگر جہانگیر کو۔۔۔ماہر شروع

دن سے پسند نہیں تھا وجہ وہ نہیں جانتا تھا

۔۔۔۔۔

کیونکہ اسنے توجب پیار محسوس کرنے کی کوشش کی تو سارے رشتے بکھر گئے تھے۔۔۔۔

وہ گھر کے لاونج میں کھڑا اپنی انلارج تصویر دیکھ کر۔۔ اپنا گزرا کل سوچ رہا تھا۔۔

نیوز کی سرخیوں میں اسکا نام تھا وہ مشہور ہو گیا تھا

۔۔۔۔

یہاں تک پہنچنے کے لیے بڑی محنت کرنی پڑی تھی اسے

۔۔۔

اکیلا وہ اس کامیابی۔۔ کا حق دار تھا۔۔۔۔ اسنے۔۔۔ وائن کی بوتل کھولی۔۔۔ اور گلاس میں اپنی ہی تصویر کے آگے وائن الٹ دی۔۔۔۔

گلاس بھر کر چھلک اٹھا۔۔ اوپر جھاگ سے بن گئے۔۔

چیرز" ماہر نے مسکرا کر خود کو کہا اور۔۔۔گلاس کو منہ سے لگا لیا۔۔۔

ایکدم چہرے پر عجیب سا تاثر اتر آیا۔۔۔۔

یہ اسنے پہلی بار پی تھی۔۔۔۔

اسکی زندگی میں کوئی لگژری نہیں تھی کہ وہ۔۔۔ان چیزوں کا عادی ہوتا۔۔۔مگر اب وہ ضد میں خود کو۔۔۔لگژری کرنا چاہتا تھا۔۔

ہائی کلاس۔۔۔" شروع شروع میں اسے بے حد برا ذائقہ لگا تھا۔۔مگر دوسرا گھونٹ بھرنے پر کچھ بہتر ہوا اور تیسرے پر اسے۔۔۔اسکا ذائقہ سمجھ آنا شروع ہو گیا۔۔۔

اشرف۔۔۔" اسنے ملازم کو بلایا۔۔۔

اس گھر میں کچھ خاص نوکر نہیں تھے نہ اسے ان نوکروں کی ضرورت تھی۔۔۔

بس اشرف حکومتی ڈرائیور تھا۔۔۔اسی سے وہ تھوڑے بہت کام کرالیتا تھا۔۔۔

جی سر" اشرف نے ایک نظر اسکو وائن پیتے دیکھا اور پوچھنے لگا۔۔۔۔

پارٹی کی اناونسمینٹ کرو۔۔۔ میں خوش ہوں میں چاہتا ہوں پورا شہر خوش ہو۔۔۔۔اور ہاں جہانگیر کے گھر خاص کر کارڈ جانا چاہیے میں جانتا ہوں وہ آئے گا۔۔۔۔باقی سب ارد گرد کے ۔۔۔سیاسی لوگوں کو بھی مدعو کرنا۔۔" اسنے کہا تو۔۔ اشرف نے سر ہلایا اور وہاں سے باہر نکل گیا۔۔

جبکہ ماہر صوفے پر بیٹھ گیا۔۔اسکے دماغ پر شراب کا مزہ چڑھنا شروع ہو گیا تھا۔۔۔

آنکھیں بند کرتے ہی۔۔۔۔ بچپن کی وہ ہی یاد اسکی آنکھوں میں اتر آئے۔

اور یہ ہی تو تکلیف تھی کہ اسکے اندر کوئی تھا جو اسے بھولنے نہیں دیتا تھا۔۔۔

کہ اسکے جینے کا اصل مقصد کیا ہے۔۔۔

اسنے گلاس کو ٹیبل پر پھینک دیا۔۔۔

لکڑی کی ٹیبل پر نشان پڑ گیا۔۔ اسنے سر کے بالوں میں ہاتھ پھیرہ۔۔۔۔۔

تبھی فون بجنے لگا۔۔۔۔

یس آفیسر ماہر۔۔۔۔ کامیابی مبارک " خوش باش آواز پر۔۔۔ اسنے منہ بنالیا۔۔۔۔

زیادہ خوش نہ ہوں۔۔۔ میں جانتا ہوں۔۔۔

اس میں پورا ہاتھ ہے آپکا" وہ بولا۔۔۔۔

مگر تم نے محنت خوب کی ہے پھر۔۔۔۔ایسا کیوں سوچ رہے ہو"مقابل جو کوئ بھی تھا ہنسا۔۔۔۔۔۔

معلوم ہے" ماہر نے کہا۔۔

مایوس ہو" سوال کیا گیا۔۔۔

بہت" ماہر نے پھر سے۔۔اسے گلاس کو سیدھا کر کے لڑکھڑاتے ہاتھوں سے گلاس بھرنا شروع کر دیا۔۔۔

اور خوش کتنا ہو" سوال ہوا۔۔

بہت" ماہر نے قہقہہ لگایا۔۔۔۔

تمھارے جزبات ہمیشہ سے ابنورمل رہے ہیں"

مقابل کو کچھ اچھا نہیں لگا۔۔۔۔۔

ماہر کھل کر ہنسا۔۔۔۔۔

میں خود بھی نارمل نہیں خیر میں نے آج پارٹی رکھی ہے آپ آئیں گے" ماہر سوال کرنے لگا۔۔۔

وہ کون تھا وہ نہیں جانتا تھا۔۔۔ مگر۔۔۔۔ وہ جو کوئی بھی تھا۔۔۔ ماہر کو عزیز تھا۔۔۔ بے حد۔۔۔۔

دوسری طرف خاموشی چھا گئی۔۔

مطلب نہیں آئیں گے" ماہر نے گھونٹ بھرا۔۔

گڈ بائے آفیسر۔۔۔ مگر نظر چاروطرف رکھنا اور اپنے مقصد سے مت ہٹنا" کہہ کر فون بند ہو گیا

۔۔

ماہر نے گھونٹ حلق میں اتارا

۔اور موبائل کو ٹیبل پر پھینک دیا۔۔۔۔

وہ سامنے دیکھ رہا تھا لہراتے درخت جھومتی ہوا جب سے سب خوش تھے۔۔

وہ مسکرا دیا۔۔۔اب وائن کا ذائقہ برا نہیں لگ رہا تھا

۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بمشکل بھاری پردوں کا بوجھ آنکھوں پر سے ہٹایا۔۔۔۔

تو کمرے کے فانوس پر اسکی نگاہ گئ۔۔۔۔اسکو اپنے ہاتھوں پر بوجھ سا محسوس ہوا۔۔۔۔

اسنے سر جھٹک کر ہاتھوں کو دیکھا اور اٹھانے کی کوشش کی مگر ہاتھ یہ پاؤں حرکت نہیں کر رہے تھے وہ کچھ دیر یوں ہی بیٹھی رہی۔۔۔۔اسکی آنکھوں سے پھر سے آنسو نکلنے لگے۔۔۔۔

اسے دروازہ کھلنے کی آواز سنائ دی۔۔۔

اپنے باپ کو جلدی سے اندر آتا دیکھ۔۔وہ سسکیوں سے رو

دی۔۔۔۔

ب۔۔ا۔۔با" ٹوٹے پھوٹے لفظ منہ سے نکلے۔۔۔۔

میری جان روشنی" وہ دوڑ تک اس تک پہنچے

تھے۔۔۔۔

میری بیٹی" انکی اپنی آواز بھیگ گئ۔۔۔۔۔

بابا میرے ہاتھ نہیں اٹھ رہے میں حرکت نہیں

کر پا رہی" وہ بے بسی سے بولی انکا دل پھٹنے کو ہو گیا۔۔۔۔

جبکہ انھوں نے اسکے ہاتھ پاؤں کو زور زور سے مسلہ۔۔

تم ٹھیک ہو جاؤ گی۔۔روشنی۔۔۔ابھی بس کچھ دیر

میں" وہ اسے تسلی دینے لگے۔۔

روشنی کو انکے ہاتھوں سے جسم میں خون کی روانگی محسوس

ہوئی۔۔۔

جبکہ نرسز بھی اسکے پاؤں ملنے لگیں تھیں جس سے روشنی کو لگا جیسے اب جسم میں خون نے گردش کی ہو

اسنے اپنا ہاتھ ہلایا۔۔۔

اور اٹھنے کی کوشش کی۔۔

جبکہ اسکے بابا نے اسکی مدد کی اور اسکے پیچھے تکیے لگائے

اسکے چہرے پر بھی نیلے نشان سے بن گئے تھے۔۔انھوں نے ضبط سے۔۔یہ منظر دیکھا۔۔

بابا میں باہر جانا چاہتی ہوں مجھے اس کمرے سے خوف آرہا ہے"روشنی نے کہا۔۔۔تو انھوں نے جلدی سے سر ہلایا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔ میں اور تم آج خود گھومنے کے لیے جائیں گے۔۔ انجوائے کریں گے پورا دن" وہ مسکرائے تو روشنی بھی مسکرا دی۔۔

بابا" اسنے انھیں پھر سے پکارہ۔۔

جی میری جان۔۔۔۔۔۔" وہ ہمہ تن گوش ہوئے۔۔۔

کیا میں پاگل ہوں" بھیگے لہجے میں وہ ایسے بولی کہ انکا ضبط کرنا مشکل ہو گیا۔۔۔

انھوں نے اسے سینے میں جکڑ لیا۔۔

بلکل نہیں۔۔۔ تم بلکل پاگل نہیں ہو" وہ اپنے آنسو روکتے اسکی پیٹھ سہلا رہے تھے۔۔

پھر میں ایسا ریاکٹ کیوں کرتی ہوں" وہ جاننا چاہتی تھی۔

وہ جانتے تھے اسکی یاداشت پر بھی اس ایک زہریلے انجیکشن سے فرق پڑتا ہے۔۔۔

انھوں نے اسکی دونوں ہتھیلیوں پر پیار کیا۔۔

میرا بچہ زیادہ نہیں سوچنا۔۔ بلکل ٹھیک ہو جاؤ گی تم اوکے ابھی ہم باہر جا رہے ہیں" وہ اسکے بال درست کرتے اٹھے۔۔

بابا مجھے پیزا کھانا ہے" وہ سنجیدگی سے بول رہی تھی۔۔وہ مسکرا دی۔۔

ٹھیک ہے تم تیار ہو جاؤ اچھا سا" ۔۔وہ اسکا گال تھپتھپا کر باہر نکل گئے۔۔۔

آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گیرہ تھا جو انکی بے بسی ظاہر کر گیا۔۔وہ نہیں جانتے تھے ان نوکروں کی فوج

میں ایسا کون منحوس انسان ہے جو انکی بیٹی کو انجیکٹ کرتا ہے۔۔۔

انھوں نے وہاں چلتے سب ملازموں کو دیکھا۔۔انسکیورٹی سی اندر اتر گئ۔۔انھوں نے ایکدم سب کو وہاں سے باہر چلے آنے کا آرڈر دے دیا یہاں تک کے خان ساما کو بھی۔۔

سب ملازم باہر چلے گئے۔۔۔

بابا کے جاتے ہی وہ اٹھی۔۔۔اور چلتی رہی ڈریسنگ کے سامنے آ گئ۔۔

سپاٹ چہرہ۔۔۔کوئ تاثر نہیں۔۔خوبصورتی میں دکھ عزیت برداشت کی ہوئ تکلیف کے عناصر موجود تھے۔۔۔۔

جبکہ چہرے پر نیلے نشان بھی تھے۔۔

اپنی حالت دیکھ کر وہ چہرے پر ہاتھ پھیرنے لگی۔۔اور بھاگ کر ایکدم باتھروم میں بند ہو گئ۔

خوف نے اسکے دل کو جکڑ لیا تھا۔۔وہ کھل کر ہنس بھی نہیں پاتی تھی۔۔جبکہ کالج جانا تو بہت پہلے ہی چھوڑ دیا تھا۔۔۔

اکثر ارمان صاحب اسکو کہتے کے وہ کالج دوبارہ جوائن کرے مگر وہ۔۔۔ایسا کبھی نہیں کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔

لوگ اسکو امزاض بناتے تھے کوئ اس سے دوستی نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔سب اسکی گردن سے نیچے موجود نشان کے بارے میں سوال کرتے تو۔۔وہ پاگل سی ہوا اٹھتی۔۔۔۔

وہ خود بھی نہیں جانتی تھی یہ نشان اسے کس نے دیا

تھا۔۔۔

مگر نشان بہت بدصورت تھا۔۔وہ اسکو چھپانے

کی کوشش کرتی۔۔۔مگر نہ جانے کیسے۔۔۔اس

نشان کو لوگ دیکھ لیتے تھے۔۔۔۔

شاور کے نیچے تادیر کھڑے ہونے کے بعد اسے

احساس ہوا

۔۔کہ اسکا دماغ کچھ سوچنے قابل ہے۔۔

اسنے جلدی سے اپنے ہاتھوں کو دیکھا خون کے نشان پر۔۔

پانی پر رہا تھا اسے تکلیف بھی ہو رہی تھی جبکہ۔۔۔یہ

سورنج کا نشان۔۔۔۔وہ ہاتھ کو رگڑ رگڑ کر دھونے لگی۔۔۔

ارمان کے ساتھ وہ گاڑی میں بیٹھی ہی تھی۔۔۔

وائٹ شرٹ اور جینز میں۔۔۔وہ خاموش خاموش سی بیٹھی بہت خوبصورت لگ رہی تھی

ارمان اکثر خود اسکی خوبصورتی سے ڈر جاتے۔۔۔اور زیادہ سے زیادہ کوشش کرتے کے وہ کہیں آئے جائے نہ۔

تانیہ طاہر ناولز

۔

اور جائے بھی تو۔۔۔گارڈز کے ساتھ مگر گارڈز پر بھروسہ انھیں نہیں رہا تھا۔۔۔

www.BestUrduBook.com

وہ خود بھی کہیں آتی جاتی نہیں تھی۔۔

اکسکیوزمی سر" گاڑی میں انکے موبائل کی آواز گونجی۔۔۔

میں فلحال بیزی ویں بعد میں بات کرتا ہوں"

ارمان نے کہا۔۔

سر ایکچلی ارجنٹ ہے" دوسری طرف سے بولا گیا

ارمان نے غصے سے ایک نظر موبائل پر ڈالی۔۔

آپ سن لیں بات "روشنی نے انکا ہاتھ پکڑ لیا۔۔۔

ارمان صاحب مسکرا دیے جبکہ انکا پی آئے بولنے لگا۔۔

سر رات پولٹیشن ماہر کے ہاں دعوت ہے آپ کو فیملی انویٹیشن ہے" پی آئے نے بتایا۔۔

ماہر "وہ سوچنے لگتا اور اچانک انھیں یاد آیا۔۔ یہ وہی لڑکا ہے جس کے بارے میں بہت چرچے ہو رہے تھے آج کل کے اتنی سی عمر میں وہ اپنے شہر کا ڈی سی بن گیا تھا۔۔۔

اس سے پہلے وہ انکار کرتے روشنی نے انکیطرف دیکھا۔۔

بابا میں بھی چلوں گی" وہ زرا پر جوش۔۔ لگی۔۔۔۔

ارمان صاحب نے اسکیطرف دیکھا وہ اسے لے کر نہیں جانا چاہتے تھے

گر اسکے چہرے پر برسوں بعد خوشی دیکھ کر وہ انکار نہیں کر سکے۔۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔ میرے اور روشنی کے ڈریسز ریڈی کرادو" انھوں نے کہا۔۔۔ اور مسکرائے روشنی بھی مسکرائی۔۔۔



کیسی ہو گی بابا یہ پارٹی" وہ پوچھنے لگی۔۔۔۔

ام م م بور" وہ ہنسے۔۔۔

روشنی مایوس ہو گئ۔۔۔

مطلب میری گڑیا یہ اس طرح کی پارٹی نہیں ہو گی۔۔ جس کو لے کر تم خوش ہو رہی ہو۔۔ یہ ایک

سیاسی انویٹیشن ہے۔" وہ بولے تو اسنے اداسی سے رخ پھیر لیا۔۔

مگر تم چلنا۔۔ ہو سکتا ہے کچھ الگ ہو۔۔ لڑکا نوجوان ہے ۔۔۔"وہ شرارتی انداز میں ہنسے جبکہ روشنی نے باپ کیطرف حیرانگی سے اور خفگی سے دیکھا۔۔

اوکے سوری سوری" وہ بولے تو روشنی بھی ہنس دی۔۔

اور ارمان صاحب کو لگا برسوں بعد کوئی خوشی ملی ہو۔۔

[12/8/2022, 7:06 PM] Tania Tahir: روشنی کو شوپینگ کرا کر۔۔۔ وہ گھر لوٹے تو سب ملازم ایکٹیو تھے۔۔ وہ آج کافی خوش تھے کیونکہ انکی بیٹی نے عرصے بعد شوپینگ کی تھا اپنی پسند کی وہ چاہتے تھے وہ خوش ہی رہے۔۔۔ اسے کوئی دقت نہ ہو۔۔۔ تبھی پیسے وہ پانی کیطرح اسپر بھا دیا تھا۔۔۔

ارمان نے اس سے پھر سے بات کی کہ وہ کالج جوائن کر لے۔۔۔ جس پر روشنی خاموش ہو گئ۔۔

بیٹا۔۔۔ تمھاری تعلیم کا حرج ہو رہا ہے" ارمان کی بات پر روشنی نے انکیطرف دیکھا۔۔۔

ڈیڈ۔۔۔ مجھے لوگوں سے ڈر لگتا ہے" وہ اسقدر معصومیت سے بولی کہ وہ ضبط کر کے رہ گئے۔۔

انکی بیٹی تو معصوم تھی اسکا کیا قصور تھا وہ جو کوئ بھی تھا۔۔۔ کیوں اس سے بدلہ لے رہا تھا۔۔ انھوں نے زندگی میں جتنے بھی غلط کام کیے وہ جانتے تھے۔۔۔ یہ کون ہے جو ان سے بدلہ لے رہا ہے

سمجھ نہیں آتی تھی آخر کون ہے جو انکی بیٹی کو اتنی تکلیف میں رکھ رہا ہے۔۔۔۔

وہ خاموش ہو گئے اور انھوں نے۔۔گاڑی گھر کے سامنے روک کر روشنی کو تیار ہونے کا کہا۔

روشنی کا دل بھیا بھج سا گیا تھا۔۔

ڈیڈ میں نہیں جانا چاہتی" اسنے ایکدم کہا تو۔۔

ارمان نے اسکیطرف دیکھا۔۔

اپنی بیٹی سے وہ دنیا میں سب سے زیادہ پیار کرتے تھے

۔۔۔

اور جب وہ اس طرح انسکیور محسوس کرتی تھی انکا بس نہیں چلتا تھا۔۔وہ سب تہس نہس کر دیں۔۔۔

بیٹا۔۔۔آپ چلو گی اس سے مائیڈ ریلکس ہو جائے گا" انھوں نے کہا تو۔۔۔روشنی نے آہستگی سے سر ہلا دیا۔۔۔

جبکہ اسوقت اسکا بلکل دل نہیں تھا کہیں جانے کا

اور وہ کیوں جاتی۔۔۔کوئی تھا اسکے پیچھے وہ کہیں نہیں

جانے دیتا تھا اسکو۔۔اور جب وہ۔۔خود سے ہمت

کر کے کوشش کرتی تو۔۔۔اسکو وہ تکلیف جھلینی پڑتی جو۔۔۔

کوئی سہہ نہیں سکتا تھا۔۔۔۔

روشی کی نظروں کے خوف نے انھیں بھڑکا دیا تھا

۔۔

ہاں وہ ان گارڈز کے حوالے کر کے اسے جانا نہیں چاہتے

تھے۔۔وہ جانتے تھے جبکہ یہ سارے گارڈز نیو ہیں

مگر پھر بھی انھیں کسی پر یقین نہیں تھا۔۔۔

تبھی روشنی کو تیار ہونے کا کہا۔۔۔

روشنی اپنے روم میں آئی۔۔۔

تو پیاری پیاری نارسز کو دیکھ کر مسکرا دی۔۔۔

اسکی مسکراہٹ دیکھ کر نارسز بھی مسکرائیں۔۔۔۔

آپ سب بہت پیاری ہیں" اسنے انکی تعریف کی اور اپنے شوپینگ بیگز ایکطرف رکھے۔۔۔۔جو وہ زبردستی اپنے ہاتھ میں لائی تھی جبکہ۔۔ارمان نے تو کہا تھا کہ سرونٹس لے جائیں گے مگر اسنے خود لانے تھے سو وہ لے آئی۔۔

آپ بھی بہت پیاری ہیں"وہ تینوں بولیں۔۔۔تو روشنی ہنس دی۔۔۔۔ہم آپکو تیار کرنے کے لیے کھڑے ہیں آپ شاور لے لیں" وہ بولیں تو۔۔۔۔ روشنی نے سر ہلایا اور انکا حکم مانتی شاور لینے چلی گئ

پندرہ منٹ کے شاور کے بعد وہ۔۔۔ٹاول میں اچھے سے لیپٹی تھی۔۔

یہ ڈریس بہت ہیوی ہے۔۔۔اور اب میں کسی پارٹی میں بھی نہیں جانا چاہتی" روشنی نے منہ بسورا۔۔۔۔

تو وہ تینوں مسکرا دیں۔۔

میڈیم۔۔۔ہم آپکا یوں ہی میکپ کر دیتے ہیں۔۔تب تک آپ بہتر محسوس کریں گی" ان میں سے ایک بولی

۔۔۔

پلیز مجھے روشنی کہیں" وہ ڈریسر کے سامنے بیٹھتی بولی۔۔ تو ان تینوں نے اپنی کارکردگی کے جوہر مسکرا کر میکپ اپ کرنا شروع کر دیے۔۔۔۔

جلد ہی وہ اسکا میکپ اپ کر چکیں تھیں اور میکپ اپ میں وہ اور بھی حسین لگ رہی تھی ایک پل کو تو روشی خود کو پہچان بھی نہ سکی۔۔

اسکے بالوں کو دوسری ڈرائیر کر رہی ہے تھی جبکہ تیسری اسکا ڈریس لے آئی۔۔۔

ڈرائیر کر کے اسکے بال کرلی کر دیے۔۔۔جو اسکے چہرے پر خوب جچ رہے تھے۔ہیئر سیرم لگا کر ان بالوں کو شائینگ کر دیا۔۔وہ تینوں مسلسل اسکی تعریفیں کیے جا رہی تھی۔۔

جبکہ وہ شرما رہی تھی لگ ہی نہیں رہا تھا وہ وہی روشی ہے۔۔۔

خوش باش بلکل ایک عام انسان جیسے لگ رہی تھی کہ۔۔۔

روشنی نے ان تینوں کی مدد سے ڈریس پہنا۔۔سفید موتیوں سے لبریز ڈریس۔۔۔

اسکو کے حسن کو چار چاند لگا گیا کہ وہ منہ پر ہاتھ رکھے اسکو دیکھنے لگیں۔۔

ڈائمنڈ ہائیٹ ساسیٹ پہن کر وہ تیار ہو گئ۔۔جبکہ دوپٹہ بھی گلے میں ڈال لیا۔۔۔

کاش میں آپ میں سے کسی کو ساتھ لے جاتی

بلکہ میں بابا سے پوچھتی ہوں" ایک جھٹکے کر اسکے پاؤں میں سینڈلز پہنا رہی تھی تبھی وہ وہاں سے بھاگی

میڈیم آرام سے "ان میں سے ایک نے کہا۔۔۔اور ارمان۔۔ان لفظوں پر روم سے باہر نکلے کہ خدانخواستہ کیا ہو گیا ہے مگر روشنی کو اپنی سمت ہنستے ہوئے بھاگتے آتے دیکھ۔۔۔۔وہ حیران رہ گئے۔۔۔

وہ کس قدر خوبصورت لگ رہی تھی وہ اپنی نگاہیں جھکا گئے انکی نظر ہی نہ لگ جائے۔۔اور گھبرا بھی گئے کیا اسکو لے جانا مناسب ہوگا اس پارٹی میں

بابا میں چاہتی وہ میری نیو نارسز میں سے بھی کوئی میرے ساتھ چلے" وہ فرمائش کرنے لگی۔۔

اوکے "ارمان بھلا کیسے انکار کر سکتا تھا وہ خوش ہوتی دوبارہ اور بھاگ آئی۔۔۔

بابا نے اجازت دے دی" وہ چہکتی ہوئی بولی تو وہ تینوں ہسن دیں جبکہ انکے ساتھ روشی بھی۔۔۔

وائٹ ڈنر سوٹ میں ماہر سب سے ملتا پھیر رہا تھا اسکی ماں سوتیلا باپ اور سوتیلا بھائی تینوں بھی اس پارٹی میں مدعو تھے۔۔۔۔چہرے پر مغرور مسکراہٹ سجائے وہ سب سے مل رہا تھا میڈیا بھی تھا۔۔اور ماحول پر لطف تھا۔۔۔

ماہر عباس بے حد ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔ سبکی نگاہوں کا مرکز تھا خاص کر خواتین کی کئی لڑکیاں تھیں اس پارٹی میں اور ماہر کو سب میں انٹرسٹ تھا۔۔وہ وہ رانجھا تھا۔۔جو ہر دن ہیر بدلتا تھا۔۔۔۔

ماہر سب سے مل کر۔۔کچھ لوگ کے پاس کھڑا ہو کر بات چیت کرنے لگا اسنے میڈیا کو بھی انٹرویو دیا تھا۔۔

جس میں اسنے اس عہدے کے مل جانے پر
خوشی کا اظہار کیا۔۔اور اس بات کا وعدہ کیا کہ وہ
اپنے فرض پوری طرح سر انجام دے گا۔۔۔
میڈیا کھٹا کھٹ اسکی تصویریں بنا رہا تھا اور وہ بھی
پورے کونفیڈینس سے بنوا رہا تھا۔۔۔۔
کچھ لڑکیوں کے ساتھ بھی بنوائی۔۔اور اب وہ تنہا کھڑا
تھا یہ بھرپور منظر دیکھ رہا تھا جس کا خواب
سجایا تھا۔
اسکا سوتیلا باپ تلملا رہا تھا۔۔۔سوتیلا بھائی
ٹھنڈی آہیں بھر رہا تھا
جبکہ نہ ماں کو اسکی پروا تھی نہ اسکو ماں کی۔۔
اچانک اسکا سیل فون رینگ کرنے لگا نمبر دیکھ
کر وہ مسکرایا۔۔۔۔

آپ نہیں آئے" شکایتی انداز تھا۔۔۔

آج تم سے کوئی خاص ملنے والا ہے" مسکرا کر بتایا گیا۔۔

میں تو بہت لوگوں سے ملا ہوں مگر ایسا محسوس تو

نہیں ہوا۔۔" ماہر نے ناک پر سے مکھی اڑائی

۔۔کر لو گے۔۔ تمھیں پتہ چل جائے گا۔۔خود" وہ معنی

خیزی سے بولے۔۔۔

ماہر نے گھیرہ سانس بھرا۔۔

اور مجھے اس بات سے کیا فائدہ ہے" اسنے

شانے اچکائے

کبھی کبھی فائدے کے علاوہ بھی سوچا جاتا

ہے" مسکرا کر جتایا گیا۔۔۔

مگر مجھے ہر چیز میں نفع پسند ہے" ماہر نے چیڑ کر

کہا۔۔

چلو۔۔شاید یہ نفع بخش ہو آنے والے زندگی

میں"معمولی سے لہجے میں کہا گیا۔۔۔

اور اچانک فون بند وہ گیا۔۔

ماہر نے جھنجھلا کر۔۔۔منہ میں کہا۔۔

اولڈ پرورٹ" سر جھٹک کر وہ۔۔۔دوبارہ پارٹی کہ

رنگینیوں کو دیکھنے لگا۔۔

جبکہ اچانک مین اینٹریس سے۔۔سفید

لباس میں آسمان سے اتری۔۔ایک ڈری سہمی

سے پری پر نگاہ گئ۔۔۔۔

ماہر کی نظریں وہیں جم گئیں

۔۔۔وہ اسکے چھوٹے چھوٹے قدموں کو آگے بڑھتے ہوئے

دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

جبکہ اسکے ساتھ مشہور پولیٹیشین ارمان بھی تھا۔۔۔

بیوٹی۔۔۔" اسکے منہ سے نکلا۔۔۔اور ارمان کو دیکھا۔۔

نوٹ بیسٹ بٹ بیسٹ ٹائپ" وہ اپنی سوچ پر مسکرایا۔۔

اور وائن پیتا رہا۔۔۔

اس لڑکی کے پیچھے بھی ایک لڑکی تھی۔۔۔جو شاید اتنی پر کشش نہیں تھی۔۔۔ تبھی ماہر کی نگاہ۔۔سفید لباس میں موجود اپسرا پر ٹھہری ہوئی تھی گویا۔۔اس وقت سے وہ اسی کو دل لگا کر دیکھ رہا تھا جو ارد گرد نہیں دیکھ رہی تھی پیچھے موجود لڑکی کا اسنے سختی سے ہاتھ پکڑا ہوا تھا۔۔۔۔

ارمان صاحب کی نگاہیں کسی کو ڈھونڈ رہیں تھیں ماہر کے لیے یہ پر لطف تھا مگر وہ مہمان نواز تھا تبھی وائن کا گلاس ویٹر کی ٹرے میں رکھتا۔۔ان تک پہنچا۔۔۔

وہ ماہر کو ایک نگاہ دیکھ کر رہ گئے آنکھوں۔ میں اسکے لیے ستائش بھر گئ جو ماہر نے محسوس کر لیا۔۔۔ تھا

۔۔۔۔

مبارک ہو تمھیں اتنی چھوٹی عمر میں اچھا رتبہ ملا ہے" ارمان نے کہا تو ماہر مسکرا دیا۔۔

جی کیا۔۔ اس بوڑھے کو چھوڑ کر اس کی بیٹی سے بات کرے جو پیچھے کھڑی تھی۔۔ مگر خود پر قابو رکھتا وہ اسی سے مخاطب تھا۔۔

چند مزید باتوں کے بعد اسنے ارمان کو ایک ٹیبل پر بیٹھنے کا کہا۔۔ کھانا کھل چکا تھا۔۔ حیرت انگیز کھانے کی خوشبو رات کی چاندنی کی مہک میں گھل گئ کہ سب کی بھوک چمک اٹھی

سب کھانا کھانے میں مگن ہو گئے جبکہ ماہر اب بھی۔۔ وائن پیتا اسی لڑکی کو دیکھ رہا تھا جو تھوڑا سا مسکرائی تھی

۔۔۔جب تک وہ آدمی اسکے ساتھ ہوتا وہ اس سے بات نہیں کر سکتا تھا۔۔اسنے ویٹر کو بلایا۔۔۔

اور اسکے کان میں کچھ کہا ویٹر سر ہلا کر ارمان کے پاس سے گزرا اور جوس کا پورا گلاس اسکے اوپر الٹ دیا۔۔۔

ایکدم شور سا ہو گیا۔۔

تانیہ طاہر ناولز

روشنی پریشانی سے اس تک پہنچا۔۔۔ڈیڈ آپکے سارے کپڑے خراب ہو گئے۔۔۔

بھیگی بھیگی آواز پر ماہر جو کہنے آیا تھا کہہ نہیں سکا

۔۔۔

ارے بیٹا رونے والی کیا بات ہے میں تو بلکل ٹھیک ہوں" ارمان وہ اسکی فکر ہوئی جبکہ ویٹر پر تپ الگ چڑھی۔۔

مسٹر ارمان پلیز آپ اشرف کے ساتھ چلے جائیں یہ آپکو۔۔کوئی شرٹ دے دے تا"ماہر نے کہا۔۔

نو پرابلم ماہر"وہ مسکرائے۔۔۔

پلیز مجھے بلکل اچھا نہیں لگ رہا" ماہر نے فکر واضح کی ۔۔

ارمان کچھ سوچ کر اٹھے۔۔اور اس لڑکی کو سختی سے کہا کہ روشنی کے پاس سے کہیں نہ جائے اور وہاں سے چلے گئے۔۔

جبکہ روشنی کو اس لڑکی نے بیٹھایا۔۔۔

روشنی میڈیم بیٹھ جائیں"ماہر کو اپنے پیچھے سے اسکا نام سنائی دیا۔۔وہ واقعی ہی۔۔روشنی تھی۔۔۔۔

اسنے سوچا اور مسکرا کر پلٹا۔۔۔

کیا آپ میرے ساتھ ڈانس کریں گی" ماہر نے اسکے آگے سنجیدگی سے ہاتھ بڑھایا۔۔

روشنی کے تو ہاتھ پاؤں کانپ گئے۔۔

یلیز سر ڈونٹ مائنڈ میڈیم لوگوں سے زیادہ گھلتی ملتی نہیں" وہ لڑکی بولی تو ماہر نے دانت پیس کر سر ہلایا

شرٹ بھی گئی ضائع۔۔اور لڑکی ہاتھ بھی نہ لگی۔۔

روشنی نے تو سر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔۔اور اسنے کوشش ترک کر دی۔۔

کیا یہاں لڑکیوں کی کمی تھی مگر یہ تو حقیقت تھی ویسی لڑکی اس پوری پارٹی میں نہیں تھی

وہ گھر لوٹے تو روشی کی خوشی دیکھ کر۔۔ارمان کے دل کو سکون ہوا۔۔۔۔۔

روشنی گڈ نائیٹ کہہ کر اپنے کمرے میں آ گئی۔۔۔

جبکہ ارمان کو نہ جانے نیند نہیں آ رہی تھی

رات دیر تک وہ یوں ہی ٹہلتا رہا اور اچانک جیسے اسے کسی سائے کا احساس ہوا۔۔لون میں۔۔۔وہ ایکدم چوکنا ہوا۔۔اور اسنے سائے کو دیکھنے کے لیے وہ نیچے آیا ۔۔۔

اور جیسے ہی اسنے عکس کو گھر میں داخل ہوتے دیکھا وہ چھپ گیا۔۔۔

سیاہ لباس میں وہ کون تھا۔۔ بلکل اندازا نہیں ہو پا رہا تھا۔۔۔

انھیں روشنی کی فکر لاحق ہوئی اندازا ہو گیا تھا

روشنی خطرے میں ہے۔۔

انھوں نے گارڈز کو الرٹ کرنے کے لیے سیل فون ڈھونڈا مگر ڈیل فون کہیں نہیں ملا۔۔۔وہ ہتھیلی پر مکہ مار کر۔۔۔ رہ گئے۔۔اور جیسے ہی وہ سایہ سیڑھیاں چڑھنے لگا ۔۔ارمان ایکدم باہر نکلے۔۔

کون ہو تم" وہ دھاڑے۔۔۔۔

تو وہ سایہ رک گیا۔۔۔۔

پلٹ کر اسکیطرف دیکھا مگر۔۔۔اسکے جسم کا کوئ حصہ نظر نہیں آرہا تھا

ارمان بنا ڈرے کھڑے تھے۔۔۔اور آگے بڑھنے لگے۔۔۔

وہ سایہ ویسے ہی کھڑا تھا۔۔

کون ہو تم" وہ دھاڑے اور وہ سایہ ایکدم انپر اچھل کر لات مار چکا تھا۔۔"

ارمان چلائے۔۔۔۔

زور زور سے سایہ ایک پل کو ٹھٹکا اور وہ باہر کیطرف بھاگا ارمان نہیں چاہتے تھے وہ جائے

پکڑو اسکو" مگر وہاں کوئ نہیں آیا جبکہ وہ سایہ بھاگ گیا۔۔

آج انھیں اندازا ہو گیا تھا۔۔ کہ انکے گارڈز میں بھی کوئ انکا نہیں تھا وفادار۔۔۔۔

ماہر کی آنکھوں میں روشنی کا عکس اترا ہوا تھا۔۔۔۔

وہ آرام سے سیگریٹ پیتا سوچ رہا تھا کہ۔۔۔۔وہ لڑکی تھی

یہ اپسرا۔۔

لب مسکرا دیے۔۔

اسنے اشرف سے ساری ڈیٹیلز نکالنے کو کہا۔۔۔

تو ماہر نے فیصلہ کیا۔۔کہ وہ خود انکے گھر جائے گا۔۔۔

وہ روشنی کو دیکھنا چاہتا تھا۔۔۔

جس کی وجہ سے۔۔۔وہ اپنے بستر پر سے جلدی سے

اٹھا

شاور لے کر [12/8/2022, 7:06 PM] Tania Tahir:

وہ باہر نکلا۔۔۔اور اچھے سے تیار ہوا اشرف سے وہ

شرٹ منگائی جو کہ خراب ہوئی تھی ارمان کی۔۔۔۔

وہ شرٹ سے اسنے کیری میں ڈلوا کر اور ایک نیو شرٹ اچھے برینڈ کی ڈال کر۔۔۔وہ خوشبوں میں بسا تیار تھا۔۔۔۔

ارمان کے پاس جانے کا اسکے پاس صرف یہ ایک بہانا تھا۔۔۔

وہ ایک بار پھر سے اس لڑکی کو دیکھنا چاہتا تھا ۔۔۔

بس۔۔۔۔ تبھی وہ گاڑی میں سوار ہوا اشرف کو گھر کا پتہ سمجھا کر۔۔۔وہ بیس منٹ کی ڈرائیو کے بعد ۔۔ارمان ویلا کے سامنے گاڑی روک چکا تھا۔۔۔ مگر یہاں اتنی خاموشی دیکھ کر وہ کچھ حیران سا ہوا۔۔۔ حالانکہ کہ یہاں مکین بستے تھے مگر پھر بھی گھر ایسا لگ رہا تھا باہر سے جیسے اندر کوئی بھی نہیں اسکے ڈرائیور نے دروازہ بجایا اور۔۔ایک گارڈ نے سوال کیا۔۔ کہ کون

ہے اسنے ماہر کے بارے میں بتایا تو گارڈ نے سر ہلا دیا

--

اندر صرف روشنی بی بی ہے ارمان صاحب گھر پر نہیں ہے" اس گارڈ نے کہا اور ایک کھڑکی جو دروازے میں سے چھوٹی سی کھولی تھی بند کر دی

اشرف نے ماہر کو بتایا جو سنجیدگی سے بات سن کر اسکیطرف دیکھنے لگا۔۔۔

تم انکو کہو ارمان کی اجازت سے آیا ہوں" ماہر بولا۔۔۔

موقع اچھا تھا۔۔۔وہ ملنے ہی تو اس سے آیا تھا

اشرف پھر سے گیا اور ارمان کا نام لیا مگر گارڈ پھر بھی نہیں مانا

ماہر کو شدید غصہ آیا اور اشرف سے گاڑی موڑنے کا کہا۔۔۔

جیسے ہی اسنے گاڑی موڑنے چاہی اسے اچانک جیسے دبی

دبی چیخوں کا احساس ہوا۔۔

ماتھے پر شکنے ڈالے وہ اشرف کو گاڑی روکنے کا کہہ کر۔۔۔

جلدی سے خود گاڑی سے نکلا۔۔

یہ چیخیں ہر حالت میں اسی کی تھیں۔۔ مگر

کیوں تھیں یہ چیخیں اسکی۔۔ اسنے خود دروازہ بجایا

اشرف بھی اسکے پیچھے تھا۔۔ مگر گارڈ نے دروازہ

نہیں کھولا۔۔

یوڈیم دروازہ کھولو" وہ چلایا۔۔۔۔

مگر کوئی ریسپوں س نہیں آیا اسے گڑبڑ کا احساس ہوا

۔۔۔اور اسی احساس کے تحت اسنے

چاروطرف گھر کے نظر دوڑائی۔۔۔۔

گھر کی دیواریں مظبوط اینٹوں کی تھیں جبکہ انکے اوپر تار لگی ہوئیں تھیں جن میں سے ضرور کرنٹ گزرتا ہو گا۔۔

ماہر صاحب۔۔۔۔ آپ روکیں میں کھلوانے کی کوشش کرتا ہوں" اشرف نے اسکو کسی بھی حرکت سے باز رکھنا چاہا۔۔ مگر ماہر۔۔۔ خطرات اور تکلیفوں کو سہہ کر یہاں تک پہنچا تھا اسنے۔۔ اپنی ٹرینینگ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ دیوار پر ایکدم جمپ کر کے چڑھا۔۔ اشرف اسے حیرت سے دیکھنے لگا اور اسنے۔۔ تاروں کے اوپر سے دوسری طرف بنا تاروں سے ٹچ ہوئے چھلانگ لگا دی۔۔

اندر جیسے ہی وہ اترا تو اندر اترتے ہی اسکی چیخوں کی آواز میں اضافہ ہو گیا۔۔ جیسے۔۔ کوئی درد سے بلبلا رہا ہو۔۔۔۔

وہ بھاگ کر اندر کیطرف بڑھا کہ گارڈز نے اسے روکا اسے سخت تپ چڑھی اسنے کھونی گارڈ کے منہ پر

ماری گارڈ تلملا کر اس سے الگ ہوا اور پیچھے جا گیرہ جبکہ وہ۔۔۔اندر آ گیا۔۔۔

گھر تھا یہ محل وہ آواز کا تعاقب لگانا چاہ رہا تھا ۔۔۔۔کہ آواز کہاں سے آ رہی ہے اسنے سیڑھیوں کے اوپر دیکھا ایک کمرے کا دروازہ کھلا تھا۔۔وہ اس سے پہلے بھاگتا کہ ایک اور آدمی اوپر آ گیا۔۔

کون ہو تم" اسنے ماہر کا گریبان پکڑا جبکہ ماہر کو شدید غصہ آیا۔۔اس سے پہلے تو پریشانی سی تھی ان چیخوں پر مگر اسکا گریبان پکڑنے پر سخت غصے سے بھڑکتا وہ ۔۔اسپر مکوں کی برسات کر گیا۔۔۔اسکی ناک پر مکہ مارا۔۔تو وہ دور جا گیرہ۔۔۔۔اور ماہر اوپر آ گیا۔۔۔

اسنے جلدی سے اس دروازے تک پہنچنا چاہا اور وہاں کا منظر دیکھ کر۔۔وہ پریشان رہ گیا۔۔

روشنی زمین پر پڑی تڑپ رہی تھی چلا رہی تھی۔۔۔۔

جبکہ اسکے ارد گرد تین اور لڑکیاں بھی تھیں جو اسکو سنبھالنا چاہ رہیں تھیں۔۔جبکہ کئی گارڈز بھی وہاں کھڑے تھے۔۔اسنے۔۔۔حیران نظروں سے یہ منظر دیکھا۔۔اور وہ ایکدم روشنی تک پہنچا تھا

۔۔۔۔۔

کون ہو تم" ایک گارڈ بولا۔۔جبکہ۔۔۔ماہر ان میں سے کسی سے بھی فلحال بحث نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔

ماہر نے سر اٹھایا تو ان پریشان شکلوں میں ایک شکل کے چہرے پر طنزیہ مسکان تھی وہ نا سمجھی سے اسکو دیکھ کر۔۔روشنی کو کوزمین پر سے اٹھا کر اپنے بازوؤں میں بھر چکا تھا۔۔وہ تلملا رہی تھی ماہر کی پیشانی پر پسینہ پھیلنے لگا۔۔

کیا ہوق ہے اسکو" ماہر نے گھور کر وہاں موجود لوگوں کو دیکھا۔۔۔۔

میڈیم کو نہ جانے کوئی کیسے وہ انجیکشن لگا گیا

ہے جس کی وجہ سے۔۔انکی یہ حالت ہو گئی ہے

"ایک نرس روتے ہوئے بتانے لگی۔۔

کون سا انجیکشن وہ سختی سے اسے ہاتھوں میں جکڑے پوچھ

رہا تھا جبکہ۔۔روشنی کی چیخیں۔۔۔اسکے دل کو کچھ کر

رہیں تھیں۔۔۔۔

معلوم نہیں

کوئی آتا ہے میڈیم کو انجیکٹ کر کے چلا جاتا ہے۔۔کہ

جانے وہ کون ہے اور میڈیم کی حالت ایسی ہو جاتی

ہے" ایک بوڑھا گارڈ آنکھوں میں آنسو لیے بولا۔۔

تو تم سارے یہاں کیا کر رہے ہو" وہ دھاڑا۔۔۔۔

جبکہ وہ سب پیچھے ہٹ گئے

۔۔۔وہ باہر سے آکر سنہ جانے کون تھا۔۔۔انپر کیسے برس رہا تھا۔۔

ماہر نے روشنی کیطرف دیکھا اسکی آنکھیں بند تھی خوبصورت چہرہ تکلیف کے آثار سے پیلا پڑ چکا تھا ۔۔۔اور وہ پورا زور لگا کر چلا رہی تھی جسے خود کو اس درد سے چلا چلا کر نجات دلا رہی ہو۔۔ماہر کو کچھ نہیں سوجھا تو اسنے۔۔۔روشنی کو اٹھایا اور اسے واشروم میں لے آیا۔۔اسکے ہاتھوں میں وہ نازک سی جان بے دم سی پڑی تھی۔۔۔

اور چیخیں اب بھی ویسی ہی تھیں ماہر نے۔۔نرس کیطرف دیکھا اور شاور کھولنے کا اشارہ کیا۔۔۔

نرس نے جلدی سے آگے بڑھ کر شاور کھول دیا شاور کا پانی ڈالتے ہی۔۔۔روشنی ایک دم تلملائی

۔۔اور اسنے پٹ سے اپنی سرخ آنکھیں کھول دیں۔۔

جبکہ چیخیں۔۔۔۔جیسے جیسے پانی اسکے وجود پر پڑ رہا تھا

۔۔ سسکیوں میں بدلنے لگیں تھیں۔۔

ماہر اسے شاور کے نیچے لیے یوں ہی کھڑا رہا۔۔

وہاں موجود سب لوگ حیرانگی سے اسکو دیکھنے لگے

۔۔۔

گٹ آؤٹ " ماہر نے تمام گارڈز کو بھڑک کر

دیکھا۔۔۔

آپ کون ہیں۔۔۔اور ہم آپکے آرڈرز کیوں مانیں " ایک

ینگ سا لڑکا۔۔۔بولا جو کہ سکیورٹی میں سے ہی تھا

۔۔۔۔

اگر میرے ہاتھوں مرنا نہیں چاہتے تو فلحال دفع ہو

جاؤ یہاں سے " ماہر چلایا

۔۔اور باقی گارڈز نے اسکو گھسیٹا اور وہاں سے لے گئے۔۔

جبکہ ماہر روشنی کی طرف دیکھنے لگا۔۔اسنے بمشکل سفید نائٹی میں اسکی خوبصورتی کو اوائیڈ کیا تھا۔۔اور اسکے چہرے اور کھلی نہ شناس آنکھوں کو دیکھنے لگا۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

جب جسم کی تکلیف کو کچھ آرام آیا تو۔۔اسنے پٹ سے آنکھیں کھول دیں۔۔آنکھوں میں کوئی شناسائی نہیں تھی وہ کس کے بازوؤں میں تھی۔۔اسے اتنا احساس تھا وہ کون تھا وہ نہیں جانتی تھی اسکی یاداشت میں دور دور تک بھی اس چہرے کی کوئی پرچھائی نہیں تھی۔۔بس اسے اتنا یاد تھا کہ سو کر۔۔اٹھی ہی تھی کہ اچانک۔۔۔کسی نے اسکے منہ پر ہاتھ رکھا۔۔۔

اور اسکے شانے میں کوئی باریک سی چیز اتار دی اور اسکے بعد۔۔۔اسکی چیخوں نے پورا گھر سر پر اٹھا لیا اسکے بعد وہ صرف اپنے جسم کی تکلیف سے لڑ رہی تھی اور اچانک جیسے۔۔تیزاب پر پانی کی بوندیں پڑیں تھیں اور کسی انجان کا چہرہ سامنے آگیا۔۔۔وہ نہیں جانتی تھی وہ کون ہے وہ محسوس کر سکتی تھی وہ شاور کے نیچے ہے اور وہ انجان شخص اسے بازوؤں میں لیے کھڑا ہے۔۔۔

رفتہ رفتہ اسے اپنے دماغ کی رگیں کھلتیں محسوس ہوئیں۔۔۔اور اسنے چہرہ اٹھایا تو اسے لگا۔۔اسکے سر پر بہت وزن ہے اسکو محسوس ہو گیا تھا ایک بار پھر وہ انجیکٹ کی گئی ہے اور اسکی یاداشت پر پھر سے اثر پڑا ہے۔۔جو وہ کوئی ریسپوں س نہیں دے پا رہی تھی سنہ

جانے کتنی دیر گزر گئی تھی۔۔۔اور جیسے اسے کچھ یاد آنا شروع ہوا اسنے پہلا لفظ بابا ادا کیا۔۔۔۔

تم ٹھیک ہو" وہ انجان شخص اس سے پوچھ رہا تھا اسکے چہرے کو دیکھ رہا تھا۔۔

روشنی کی انکھیوں میں بڑے بڑے آنسو بھر آئے۔۔گال پر مسلسل آنسو گیرنے لگے جو شاور کے پانی میں مکس ہو گئے۔۔سرخ آنکھیں اسی کیطرف دیکھ رہیں تھیں۔۔۔

ماہر کو جب کوئی جواب نہ ملا تو۔۔اسنے۔۔اسے شاور کے نیچے سے نکالا۔۔اور اسے۔۔۔ایک چیئر میں بیٹھا۔۔دیا جبکہ وہاں کھڑی نرسز کو دیکھا۔۔

اور وہاں سے باہر نکل گیا۔۔جبکہ وہ تینوں نرسز روشنی کے پاس کر آئیں تھیں۔۔

ہمیں معاف کر دیں میڈیم۔۔۔۔ہم آپکو محفوظ نہیں رکھ سکے۔۔۔

وہ بولیں روشنی انھیں سنہ شناسائی سے دیکھنے لگی۔۔

بولنے کی خود میں ہمت نہیں پا رہی تھی اسے لگ رہا تھا صدیوں سے وہ بیمار ہے اور اپنے وزن پر اٹھ بھی نہیں پا رہی ہے۔۔مگر اسکی یاداشت پر ایک چہرہ ۔۔۔جو ابھی ابھی اسکی نظروں کے سامنے تھا چھپ سا گیا تھا۔۔اسنے واشروم کے باہر دیکھنا چاہا مگر اسے نظر نہ آیا۔۔ان نرسز نے اسکے بال خشک کیے اسکا ڈریس چینج کرایا۔۔۔اور اسے باہر لے آئیں وہ لڑکھڑا کر چل رہی تھی جو وہ کہہ رہیں تھیں وہ وہ مان رہی تھی خود سے کچھ بھی کرنے کی صلاحیت نہیں رہی

تھی وہ بستر پر بیٹھ گئ۔۔۔اور اچانک اوپر خانانا

ماں دوڑتا ہوا آیا۔۔۔

بی بی کو گرم دودھ پلا دو ہلدی والا ہے" وہ خانانا ماں بولا۔۔ تو

نرس نے سر ہلا اور اپنے آنسو صاف کر کے۔۔

روشنی کو وہ گلاس تھمایا۔۔۔

روشنی گلاس کو ہاتھوں میں لے کر بیٹھ گئ۔۔۔

کہ دروازہ بجا اور ایک بار پھر سے وہی چہرہ اسکے

سامنے آ کھڑا ہوا۔۔۔۔

وہ توجہ سے اسکو دیکھ رہا۔۔تھا۔۔۔

تبھی ایک اور بار دروازہ بجا اور۔۔ماہر نے پلٹ کر دیکھا

وہ جانتا تھا اشرف ہو گا۔۔۔

سر آج آپکا فرسٹ ڈے تھا جوائنگ کا"

اشرف نے اطلاع دی۔۔۔

تم چلو میں آتا ہوں" اسنے مظبوط لہجے میں کہا۔۔

روشنی اسی کیطرف دیکھ رہی تھی مسلسل نظروں سے

۔۔۔

یو فیل بیٹر وین یو ڈرنک ملک" اسنے روشنی کو

ٹک ٹکی باندھ کر خود کو دیکھتے پایا تو۔۔ٹوکتا بولا۔۔

روشنی نے بنا کسی تردد کے اسی کی طرف دیکھتے ہوئے

وہ گلاس لبوں سے لگا دیا اگر وہ حواسوں میں ہوتی تو دودھ پلانا

اسکو ایک بہت بڑا کام تھا۔۔۔۔

ماہر نے اسکو دیکھا۔۔

گڈ۔۔۔" اسنے بس اتنا کہا۔۔اور وہاں سے نکل گیا

۔۔روشنہ دروازے کو گھورنے لگی۔

اسے اپنے وجود میں تازگی محسوس ہونے لگی تھی۔۔۔

ٹانگوں میں جان سی بھر آئی۔۔وہ اٹھی اور ایکدم دروازہ کھول کر باہر نکلی۔۔۔

وہ لاونج عبور کر کے باہر کیطرف جا رہا تھا روشنی کا بس نہیں چلا جا کر اسکو روک لے۔۔۔وہ چاہتی تھی وہ جو کوئی بھی ہے ایک نظر اوپر دیکھتے مگر وہ بنا دیکھے وہاں سے نکل گیا۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

ارمان کام نمٹا کر ابھی اٹھے ہی کہ۔۔۔انھیں پتہ چلا ان سے وجدان ملنے آیا ہے۔۔

وہ ایکدم دوبارہ بیٹھ گئے۔۔وہ اپنی کوئی اہم خبر لایا ہو گا۔۔۔

وجدان کمرے میں آیا۔۔وہ ایک ہینڈسم لڑکا تھا۔۔نڈر بہادر۔۔

وجدان نے اسے سلام کیا اور اسکے سامنے چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا۔۔۔

سر فلحال تصویر کلئیر نہیں مل۔ سکی۔۔۔۔بس ایک تصویر ملی ہے" اسنے انکی ٹیبل پر ایک تصویر رکھی جس میں ایک لمبا چوڑا لڑکا۔۔ سر پر بلیک ہیٹ رکھے بلیک ماسک سے چہرہ چھپائے فل بلیک ڈریسنگ میں۔۔۔ایئر پورٹ پر کھڑا تھا۔۔۔

یہاں سے دو ماہ پہلے کی پیک ہے جو کہ سی سی ٹی وی سے لی گئی ہے۔۔۔

وہ زبردست ہیکر ہے۔۔ سی سی ٹی وی۔۔ہیک کر لیتا ہے نہ جانے اسنے یہ کیوں نہیں کی اور ہمیں تصویر مل گئی۔۔

یہ وہ لڑکا ہے جو۔۔۔اپنے باپ کے قاتل کو تلاش کر رہا ہے۔۔۔مگر فلحال اسکا پتہ کچھ نہیں ملا ہے۔۔جو ہمیں خبر ملی تھی اسکے تحت تو یہ ہی لڑکا ہے" وجدان نے ڈیٹیلز دی اور ارمان کیطرف دیکھا جس کے چہرے پر پریشان کن لکیریں تھیں۔۔۔

اور کچھ کیوں نہیں جان پائے تم" وہ وجدان پر بھڑکا۔۔

مجھے اس کی درست تصویر چاہیے" ارمان نے کہا۔۔

سر فلحال تو یہ ہی انفارمیشن ملی ہے جلد اور بھی مل جائے گی۔۔آپ ایزی رہیں" وجدان نے سکون سے کہا۔

اور تب تک وہ۔۔مجھ تک پہنچ جائے" وہ بولے۔۔

وہ آپ تک نہیں پہنچے گا فلحال سر کیونکہ۔۔۔وہ ابھی اس شہر میں نہیں"

یہ تمھیں کیسے پتہ چلا۔۔۔"ارمان حیران ہوا۔۔

اس دن کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں یہ لڑکا پلین میں چڑھا تھا۔۔اسکے بعد سے۔۔ مسلسل سی سی ٹی وی ٹریس ہو رہی ہے دوبارہ نظر نہیں آیا" وجدان بولا۔۔تو ارمان نے جیسے سانس بھال کیا۔۔

فلحال سر آپکو اپنی بیٹی کی پرواہ کرنی چاہیے" وہ اٹھ کر۔۔۔ تصویر اٹھاتا بولا۔۔

کیا مطلب" وہ ایکدم چیخے۔۔۔

جبکہ وجدان بنا کچھ کہے وہاں سے نکل گیا۔۔۔

ارمان گھر فون ملانے لگے مگر پھر سے کوئی فون نہیں اٹھا رہا تھا۔۔

وہ بھاگتے ہوئے آفس سے نکلے تھے۔۔۔

سب نے انکو دیکھا۔۔مگر انھیں پروا نہیں تھی وہ بھاگ کر اپنی گاڑی تک پہنچے گارڈز الرٹ ہوئے انھوں نے کسی کو نہیں دیکھا اور گاڑی گھر کیطرف بھاگے۔۔

جیسے ہی وہ گھر پہنچے بھاگ کر وہ روشنی تک آئے تھے

۔

۔

روشنی بستر پر لیٹی چھت کو گھور رہی تھی انھوں نے سکھ کا سانس لیا روشنی ٹھیک تھی وہ اس تک پہنچے۔

بیٹا تم ٹھیک وہ" اسکا چہرہ تھپتھپایا

روشنی نے جیسے ٹرانس کی کیفیت میں بابا کہا۔۔

انھیں جھٹکا لگا یعنی وہ اس ٹراما سے گزر چکی تھی۔۔وہ سر تھام گئے آنکھیں بھیگ گئیں کہ کتنی دیر انکی بیٹی نے یہ تکلیف سہہ تھی۔۔۔۔

وہ جلدی سے اسکا ہاتھ پکڑ کر بولے۔۔

بابا

کی جان"

بابا بہت پین ہو رہا ہے" وہ سسکی جبکہ ارمان کو لگا آج انکا بھی ضبط جواب دے جائے گا روشنی کو سینے میں بھیج کر وہ سرخ چہرے سے اپنے آنسو روکنے لگے وہ کہاں چھپاتے اسے روز اسکے گارڈ بدل دیتے تھے پھر بھی اسکو محفوظ نہیں رکھ پا رہے تھے۔۔

جبکہ روشنی انکے سینے سے لگی پھوٹ پھوٹ کر رو دی

۔۔

بعد کے ریاکشنز آرہے تھے اسپر۔۔۔

ماہر حیران تھا۔۔یہ سب جو آج اسنے دیکھا کیا تھا ہاں آج اسکا فرسٹ ڈے تھا جوائنیگ پر اور کافی مصروف اور چھ دن گزرے تھے اسنے ساری فائلیں کھول کر خود چیک کریں تھیں تبھی رات دیر تک کام کرتا رہا۔۔۔

وہ گھر آیا سکون کی سانس لی۔۔۔تو اسے آج اپنی جوائنیگ کے علاوہ بھی کچھ یاد آیا۔۔۔

تو وہ حیران ہوا یہ سب کیا تھا کون سا انجیکشن کون تھا جو اسے لگا رہا تھا۔۔۔اور کیوں" کئ سوال تھے۔۔۔

وہ کچھ دیر اس سوچ میں رہا اور فون کی گھنٹہ بجنے پر اسنے کام پیک کی۔

جب جب انکی کال آتی تھی تو صرف کوڈ آتا تھا جس پر ٹیچر لکھا ہوتا تھا۔۔۔اسنے کال اٹھالی۔۔اور ہاتھ بڑھا کر وائن گلاس میں انڈیلنے لگا۔۔۔۔

آج رات تمھیں ائیر پورٹ پہنچنا ہے" دوسری طرف سے بتایا گیا۔۔۔

وہ کس لیے" وہ پوچھنے لگا۔۔

سوال جواب مت کرو۔۔وہیں جا کر پتہ چل جائے گا" دوسری طرف سے بولا گیا۔۔

مجھے کچھ بتائے بنا آپ وہاں بھیج دیتے ہیں جب کہ جب میں وہاں پہنچتا ہوں تو ہاتھی مسٹنڈے مجھ سے لڑنے کے لیے تیار ہوتے ہیں کیا آپ ہر وقت صرف یہ چیک کرتے ہیں کہ میں اور کرنا مظبوط ہو گیا ہوں" وہ چیڑ کر بولا۔۔

عورت کی سوچ مرد کو کمزور کر دیتی ہے۔۔۔" طنز سا کیا گیا۔۔

وہ چونکا۔۔کیا اسکے اندر بھی تو سی سی ٹی وی نہیں جو ہر بات ہی اس آدمی کو پتہ چل جاتی تھی۔۔۔

کون سی عورت میرا عورت سے کیا واسطہ میں صرف فلرٹ کی حد تک عورت کو سمجھتا ہوں زیادہ کچھ نہیں دنیا میں میں اپنا مقصد باخوبی جانتا ہوں۔۔۔اور اس مقصد سے مجھے کوئ عورت نہیں ہٹا سکتی" وہ کڑک لہجے میں بولا۔۔۔

جنیوا امریکن ایمبیسیڈر ہے اسکی پروٹیکشن کرنی ہے تم نے" وہ اسے اصل کام بتانے لگے وہ چیڑ کر گلاس پھینکتا اٹھا۔۔

دن میں حکمرانی اور رات پر چوکیداری پر فائز ہوں میں" وہ جھنجھلایا۔۔۔

یہ تمھارا کام ہے"

اور مجھے بڑا اس کام کے پیسے ملتے ہیں" اسنے تپ کر کمرے میں جانے کے لیے قدم اٹھائے۔۔۔

تمھیں راستے ملتے ہیں منزل تک پہنچنے کے لیے" کہہ کر کھڑک سے فون بند کر دیا۔۔وہ بس فون دیکھتا رہ گیا اور کمرے میں چلا گیا

[12/8/2022, 7:06 PM] Tania Tahir: روشنی

اس وقت گارڈن میں گم سم سی بیٹھی تھی۔۔دماغ پر بوجھ سا تھا۔۔ایسا بوجھ جو وہ کسی کو بتا نہیں پا رہی تھی

ارمان پیچھے سے آئے اور بیٹی کو ایسے بیٹھے دیکھ کر۔۔انکا دل کٹ سا گیا۔۔

وہ اسکے پاس گئے۔۔۔

ڈیڈ"روشنی کی مدھم آواز پر وہ متوجہ ہوئے۔۔۔۔

جی میری جان بولو" انھوں نے اسکے ہاتھ تھامے۔۔۔

جس نے مجھے بچایا وہ کون تھا

۔۔جس نے پل میں مجھے اس تکلیف سے نکال دیا۔۔

جو مجھے۔۔۔ہفتوں رولاتی ہے" وہ پر سوچ نظر آرہی تھی۔۔

ارمان چونک کر اسکیطرف دیکھنے لگے

کس کی بات کر رہی ہو۔۔۔روشی" وہ اسکی دماغی

حالت دیکھ کر پریشان ہوئے۔۔۔۔

میں اسی کی بات کر رہیں ہوں ڈیڈ۔۔۔آپ نے کیا

نہیں دیکھا تھا" روشی انکیطرف دیکھنے لگی۔۔

ارمان کو تو کسی نے نہیں بتایا تھا کہ یہاں کوئ آیا تھا۔۔

وہ بیٹی کے ہاتھ پر تسلی سے ہاتھ رکھنے لگے۔۔

ہاں میں جانتا ہوں میں نے ہی بھیجا تھا اسکو"
انھوں نے کہا حقیقت تو یہ تھی وہ بلکل نہیں جانتے
تھے کہ کون تھا وہ جس کی وہ بات کر رہی تھی۔۔ مگر
اسکی دماغی حالت کے باعث انھوں نے حامی
بھر لی۔۔

ڈیڈ واقعی آپ اسکو جانتے ہیں" وہ ایکدم خوش ہوئی۔۔
ارمان نے توجہ سے اسکو دیکھا۔۔

کیا ہم اس سے ملنے جا سکتے ہیں" روشی جلدی سے
بولی۔۔۔ جبکہ ارمان کے دماغ میں کئی سوالوں نے جنم
لیا۔۔

ہاں کیوں نہیں مگر۔۔ سب سے پہلے تم نے۔۔۔ کھانا
کھانا ہے مجھے پتہ لگا ہے کل رات سے ایک پرنسیز کچھ
کھا نہیں رہی۔۔ اور۔۔ کل سے کالج بھی جانا ہے"

ڈیڈ کالج نہیں" وہ بے چارگی سے بولی۔۔

روشی۔۔۔بیٹا اسطرح کیسے چلے گا" وہ جیسے تھک کر بولے۔

ڈیڈ سب مجھے اریٹیٹ کرتے ہیں" وہ حقیقت بتانے لگی ۔۔۔

ٹھیک ہے میں وہاں پروفیسرز سے کہہ دوں گا کہ تمھارا خاص خیال رکھا جائے۔۔۔"

ڈیڈ آپ نے پہلے بھی کہا تھا مگر کچھ نہیں ہوا تھا" روشی نے احتجاج کیا۔۔

روشی میں کہوں گا نہ اب اچھے سے" وہ اسے پچکارنے لگے جبکہ وہ نفی میں سر ہلانی لگی۔۔جبکہ ایک بار پھر سے اسکی آنکھیں بھیگنے لگیں۔۔۔جس سے ارمان۔۔۔کو لگا کہ وہ پھر سے مشکل میں پڑ گئے ہیں۔۔۔

روشی دیکھو۔۔۔وہ اب تمھارے ساتھ ساتھ رہے گا۔۔۔
اوکے۔۔ تو تمھیں اب کوئی ٹیز نہیں کرے گا کالج میں
بھی نہیں۔۔ میں کسی پروفیسر سے کہنے کے بجائے اس
سے کہوں گا وہ ہر وقت تمھارے ساتھ رہے اور تمھیں
پروٹیکٹ کرے" انکے دماغ میں جیسے پلین بنا اور وہ بولے
۔۔روشی کے چہرے پر تسلی سی بھانے لگی۔۔وہ تو اس
محسن کو جاننا چاہتے تھے جن کی وجہ سے انکی بیٹی
نارمیلٹی کیطرف آئی تھی
۔واقعی ڈیڈ" وہ سوال کرتی بلکل بچی لگی۔۔
یس" وہ مسکرائے

۔

ڈیڈ اسکا نام کیا ہے" ارمان اسکے پاس سے جاتے
کے روشی نے جلدی سے پوچھا کہیں وہ اندر نہ چلے
جائیں۔۔۔

ارمان نے اسکیطرف ایک نظر دیکھا۔۔۔اب نام کیا بتاتے لگاتار تو جھوٹ بولے جا رہے تھے۔۔۔۔

ماسٹر" مسکرا کر اپنی مرضی کا نام تجویز کر کے وہ وہاں سے ۔۔۔چلے گئے جبکہ روشی کے لبوں پر اس نام سے مسکان چھا گئ۔۔

ماسٹر" اسنے اس نام کو دھرایا تھا پھر سے۔۔۔۔

جسے اس نام کو لبوں سے ادا کر کے وہ نرمی محسوس کر رہی تھی

۔۔۔

اسی سوچ کے تحت وہ اٹھی اور۔۔گھر کے اندر داخل ہوئ

ارمان سیڑھیاں چڑھ رہے تھے۔۔

وہ اوپن کچن میں آ گئ۔۔۔

خانساماں نے اسکو دیکھ کر جیسے۔۔۔بہت بڑی سمائل پاس کی۔۔۔

ارمان بھی بھیگی پلکوں سے اسکو دیکھ رہے تھے جو خانساماں کے دیے ہوئے نوڈلز کھانے میں ایکدم مصروف ہوئی اور اچانک اسنے سر اٹھا کر ارمان کو دیکھا جو سیڑھیوں پر سے ہی اسے دیکھ رہے تھے۔۔

تو ڈیڈ میں ماسٹر سے کل مل پاؤں گی۔۔ مطلب کیا وہ میرے ساتھ کالج جائیں گے" روشی کی بات پر ارمان نے سرد سانس کھینچی۔

نہیں ایسا کچھ نہیں ہو گا وہ تمھیں چھپ کر آبزرو کرے گا کہ تمھیں کوئی تنگ نہ کرے اور۔۔ تم کسی سے ڈرتی تو نہیں "۔۔

مطلب ڈیڈ مجھے ڈر لگتا ہے ان لوگوں سے جو مجھے گھورتے ہیں " روشی اپنا پرو بلم بتاتی انھیں بہت معصوم لگی۔۔۔

وہ اپنی مسکراہٹ روک کر سنجیدگی سے نیچے آ گئے۔۔

میری جان ماسٹر بہت سٹرک ہیں اگر تم یوں ہی لوگوں سے ڈرتی رہی تو وہ تمھیں پنیش بھی کر سکتا ہے۔۔۔اور تمھیں کبھی ملے گا بھی نہیں" ارمان اسکے بالوں میں ہاتھ لانے لگے۔۔۔۔وہ اس گفتگو سے بہت نارمل لگ رہی تھی اور وہ چاہتے تھے کہ وہ نارمل دیکھے۔۔۔

مگر میں انھیں دیکھنا چاہتی ہوں" روشی کھانا بھول کر ماسٹر میں اچھے سے کھو گئ تھی۔۔۔

وہ تم سے تبھی ملے گا جب تم اچھے سے کھاؤ گی ہیلدی ہو جاؤ گی" انھوں نے اسکے فلفی گال کھینچے تو مسکرا دی۔۔

ڈیڈ ماسٹر میرے ہیرو ہیں" وہ جوش میں لگی۔۔

آہ" ارمان نے گھیرہ سانس بھرا۔۔۔

ہوا ز دس ماسٹر" وہ دل میں سوچتے اسکے پاس سے ہٹ گئے۔۔

اور پھر سے اپنے کمرے میں جانے لگے۔۔

ڈیڈ کیا میں شاپینگ پر جا سکتی ہوں۔۔۔۔" وہ

پوچھنے لگی ارامان ایکدم ساکت ہوئے۔۔۔۔

نہ جانے پیچھے تین چار سال سے وہ تو گھر سے خود

سے باہر نہیں نکلی تھی اور آج اسکی یہ بات سن کر وہ

اپنی جگہ ساکت رہ گئے۔۔۔

آنکھیں بھیگ گئیں

۔۔

ہمممم ہاں کیوں نہیں" وہ خوش بھی تھی۔۔اور آنکھیں بھی

بھر گئیں تھیں۔۔۔وہ جلدی سے اپنے کمرے

میں بھاگی۔۔۔

تھی۔۔۔۔

ارمان مسکرا دیے۔۔۔مگر سنجیدگی سے۔۔اور جگہ جگہ کھڑے چپ چاپ گارڈز کو دیکھا۔۔۔

میری غیر موجودگی میں یہاں کون آیا تھا" اسنے پوچھا۔۔۔

ماہر" ایک گارڈ نے جیسے لفظوں میں چبایا تھا اسکا نام۔۔یہاں ارمان صاحب کو ایک اور جھٹکا لگا تھا اپنی بیٹی کیطرف پھر سے دیکھا۔۔۔۔

یعنی وہ تھا وہ شخص جو کہ انکی بیٹی کے زہن پر سوار ہو گیا تھا ۔۔۔

اسکے بڑھتے نام سے تو انھیں سخت جیلسی محسوس ہوتی تھی۔۔

انھوں نے گھور کر سب کو دیکھا۔۔۔

اگلی بار وہ یہاں نہ آئے" وہ سختی سے کہہ کر وہاں سے کمرے میں چلے گئے۔۔جبکہ سب نے سر ہلا دیا

اسنے خوب ڈھیر ساری شاپینگ کر لی تھی اور اب بھی۔۔۔وہ شاپینگ کیے جا رہی تھی۔۔۔ارمان نے جیسے اسکو اپنی ساری دولت دے دی تھی کہ وہ آج ہی خرچ کر لے۔۔اور وہ بھی کیے جا رہی تھی۔۔

میڈیم بہت ساری ہو گئی ہے۔۔۔شاپینگ میں تو اب تھک گئی ہوں" ایک نرس چیئر پر بیٹھ گئی۔۔

ہم آئسکریم کھاتے ہیں" روشی نے کہا۔۔اور جلدی سے وہاں سے بھاگ کر وہ آئسکریم کارنر کیطرف آ گئی۔۔

اپنے دل میں وہ ایسی خوشی محسوس کر رہی تھی جیسے آج سارا جہاں مل گیا ہو۔۔۔کیا یہاں بھی ماسٹر اسے آبزرو کر رہے ہوں گے۔۔۔

وہ سوچ میں پڑتی چور نظروں سے ارد گرد دیکھنے لگی۔جبکہ چہرے اپنے آپ ہی بلش ہو گیا۔۔۔۔

کیا ہوا روشی "ایک نرس نے پوچھا۔۔

تمھارے گال اچانک سرخ ہو گئے " دوسری ہنستے ہوئے بولی۔

کچھ نہیں" وہ جلدی سے کہہ کر چہرہ موڑ گئ۔۔۔

اور گلاس جو ایک طرف لگا ہوا تھا۔۔اس کے پار لوگوں کو دیکھنے لگی۔۔

نیچے گھما گھمی تھی۔۔۔اور اس گھما گھمی میں اسکی نگاہ ماہر پر گئ اور اچانک اسکے ہاتھ سے آئسکریم چھوٹ گئ

یعنی یہ سچ تھا ماسٹر یہاں بھی تھے۔۔۔۔وہ ساکت رہ گئی جبکہ۔۔ جسم کانپنے لگا تھا۔۔۔

میڈیم آپ ٹھیک ہیں" جلدی سے گارڈ اور نرس اس تک پہنچی روشنی نے چہرہ موڑ لیا۔

ہ۔۔۔ہاں میں ٹھیک ہوں"وہ مسکرائی بس وہ ہاتھ سے چھوٹ گئی" اسنے افسوس سے فرش کو دیکھا جو گندہ ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

روشی کے دماغ میں اس وقت یہی بات تھی جو ارمان نے اس سے کہی تھی اگر وہ لوگوں سے ڈرے گی تو ماسٹر اسے پنیش کریں گے۔۔۔۔

اور وہ کوئی پنیشمنٹ نہیں چاہتی تھی۔۔

پیچھے اتنے سالوں سے وہ نہ کردہ گناہ کی سزا بھگت رہی تھی۔۔۔

وہ ڈر گئی تھی اس سب بات سے اور اب سے بڑی

بات یہ کہ وہ اس سے پھر نہیں ملے گا۔۔۔

تبھی وہ۔۔۔ بہادر بننے کی کوشش کر رہی تھی۔

ایک اور آئسکریم لے کر

۔اسنے۔۔۔ دوبارہ اسکو دیکھنا چاہا مگر وہ کہیں نہیں

تھا چہرہ افسردہ ہو گیا تھا۔۔۔

جیسے اداسی سی چاہ گئی۔۔

چلو" روشی نے کہا۔۔۔ تو سب گارڈز اور نرسز اسکے

بیگ اٹھا کر چلنے کے لیے نکل پڑے۔۔۔

صبح کالج جانے کے لیے وہ جلدی اٹھ گئی۔۔۔

خوشی سے چہرہ پھولے نہیں سما رہا تھا۔۔

پنک جینز وائٹ شرٹ میں گولڈن بالوں کو کھولے وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

جیسے کوئی فارمر لڑکی ہو اور جس کی آنکھوں میں بے پناہ معصومیت ہو۔۔۔۔



ہاتھوں میں کیوٹ بینڈز ڈالے اپنے زخم کے نشان کو اچھے سے چھپائے۔۔۔وہ ارمان تک آئی اور ناشتہ کرنے لگی۔۔

وہ آج سے چار سال پہلے والی۔۔۔روشنی لگ رہی تھی۔۔

ارمان اسکو محبت پاش نظروں سے دیکھتے رہے اور اچانک جب انھیں یاد آیا کہ یہ اسکی وجہ سے ہے تو۔۔انکے اندر جیسے۔۔۔حد سی بھر گئی۔۔

چار سالوں میں روشنی کے لیے انھوں نے کیا کچھ نہیں کیا تھا مگر وہ اپنے ٹروما سے باہر نہیں آئی تھی۔خوف اسکا آنکھوں سے نہیں نکلا تھا۔۔۔

اسکی بے فکر اور بے خوف آنکھیں دیکھ کر وہ نئے سرے سے ماہر سے جیلس ہونے لگے۔۔۔

کیونکہ وہ ماہر کے انڈر کام کر رہے تھے اور جب سے ماہر کے انڈر آئے تھے۔۔۔ساری کریشن دھری کی دھری رہ گئی تھی

۔

بار بار ماہر کے پی آئے سے رابطہ کر کے کوئی بھی فیصلہ کرنا انکو گوارہ نہیں تھا۔۔

روشی نے باپ کی سنجیدہ شکل دیکھی۔۔

ڈیڈ آپ ناشتہ نہیں کر رہے" وہ پوچھنے لگی۔

کر رہا ہوں تم بتاؤ طبعیت ٹھیک ہے" وہ پوچھنے لگے

چہرے پر زبردستی

مسکان کھینچ لائے۔۔۔

جی ڈیڈ" وہ خوشی سے بولی۔۔

میں جا رہی ہوں" اسنے انکے گالوں پر پیار کیا۔۔

ارمان ہنس دیئے چھوٹی بچی لگی تھی ایسی حرکتیں کرتے اور روشنی باہر بھاگ گئی اسکے ساتھ نرسز اور گارڈز کی فوج گئی تھی۔۔جبکہ اسکے نکلتے ہی ارمان کی مسکان سمٹ گئی۔

وہ کالج میں بے حد خوشی سے بنا ڈرے پھیر رہی تھی بار بار جلدی سے چپکے سے واشروم میں جا کر خود کو

ٹھیک کرتی ہے ماسٹر اسے آبزرو کر رہے ہیں۔ تو اسے

اچھا دیکھنا چاہیے۔۔۔

اسنے سارے لیکچرز لیے تھے۔۔۔اور کسی کیطرف

توجہ نہیں دی۔۔ تھی۔۔۔

یہ دن اسکی زندگی کا سب سے حسین اور آزاد دن تھا

جس میں اسے پرواہ نہیں تھی کہ اب کوئ اسے

نقصان پہنچا سکتا ہے۔۔

تانیہ طاہر ناولز



ماہر ڈے ڈیوٹی سے واپس لوٹا۔۔۔۔

تو تھکا ہوا تھا۔۔اسنے سارے اپنے زیر افسر کو درست

کر کے رکھ دیا تھا۔۔اور کرپشن کی صورت میں

فائیر کرنے کی دھمکی بھی دے دی تھی۔۔اور وہ

جانتا تھا اسکے انڈر ارمان بھی آتا ہے۔۔

مگر یہ اسکا موضوع نہیں تھا۔۔

وہ صوفے پر بیٹھا کہ سامنے سے آتے شخص کو دیکھ

کر۔۔۔اسنے وائین گلاس میں انڈیلنی شروع کر دی

۔۔۔

دوشمن کے گھر میں شوخ سے روز جانا لگانا اچھا

نہیں "ماہر اسکو دیکھ کر صوفے پر ہاتھ پھیلا کر بولا۔۔

جبکہ آنے والا اسکے سامنے صوفے پر بیٹھ گیا۔۔۔

اور اسکی بوتل میں سے ڈرنک انڈیل کر۔۔گلاس

میں خود بھی پینے لگا۔۔۔۔

ہم ایک ہی کشتی کے دو لوگ الگ مسافر ہیں

فرق بس اتنا ہے

میں اپنے دو شمن کی بغل میں رہ کر اسکو کاٹ رہا ہوں اور تم اب تک اپنے دو شمن تک نہیں پہنچے ۔۔۔۔اور جہاں تک رہی یہاں آنے کی بات ۔۔ تو یہ دلچسپ ہے۔۔ جس سے آپ نفرت کرتے ہیں اسکے ساتھ ڈرنک کریں" اسنے تفصیلی جواب دیا ماہر ہنس دیا۔۔۔۔

ٹیز کرنے آئے ہو" سنجیدگی سے لمحوں میں ہنسی سمیٹتا بولا۔۔۔

نہیں۔۔۔نہ ہی میرا کوئی ارادہ۔۔۔۔وقت گزارنے آیا ہوں۔۔۔وحشت ہو رہی ہے۔۔۔۔اس گھر میں جہاں سے سب لٹ گیا میرا" وہ مٹھیاں بھینچتا بولا۔۔۔جبکہ ماہر اسکی کیفیت سمجھ سکتا تھا

ماہر بلکل نہیں جانتا تھا سامنے بیٹھا شخص کون ہے ۔۔۔۔ٹیچر کے کہنے پر وہ اس سے ملا تھا۔۔اور تب

سے ہی وہ دونوں ساتھ تھے۔۔وہ دونوں ایک دوسرے کو پسند نہیں کرتے تھے مگر پھر بھی شادرونادر۔۔۔ ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھ جایا کرتے تھے اور یہ تب ہی ہوتا تھا جب واجدان۔۔۔کو چار سال پہلے کا حادثہ یاد آیا تھا۔۔۔۔

ہیوسم گرل" ماہر نے آنکھ دبا کر پوچھا۔۔جبکہ وجدان نے۔۔مزید نفرت سے اسکو دیکھا۔۔۔

اب تم شاید مجھے ٹیز کرنا چاہتے ہو" وجدان سنجیدگی سے بتانے لگا۔۔

ہاں مجھے تو تمھیں ٹیز کر کے سکون ملتا ہے"ماہر نے لاپرواہی سے کہا۔۔۔

ڈیٹس گڈ اتنا سکون اپنے دو شمن کو ڈھونڈنے کے بعد حاصل کرنا" اسنے جان بوجھ کر ماہر کی دکھتی رگ دبائی

ماہر اسکے مسکراتے لب گھور کر دیکھ کر چہرہ موڑ گیا

کہاں تک پہنچا تمھارا پلین"

میں اسکی بیٹی کو مار دوں گا۔۔۔" وجدان نے

نفرت سے کہا۔۔۔

گڈ مار دو دشمن کے گھر کی اینٹ بھی باقی نہیں رہنی

چاہیے۔۔" اسنے دوبارہ گلاس بھرا۔۔۔

پھر تو میں انتظار کروں گا کہ تمھارے دشمن کو۔۔

تمھارے ہاتھوں سے موت کے گھاٹ اتارتے دیکھو

۔۔۔" وہ بولا اور اسنے بھی دوسرا گلاس بھرا۔۔

میں نے اپنی زندگی کے وہ پل جو۔۔۔ایک مکمل فیملی

کے ساتھ گزرنے تھے۔۔اتنی نفرت اور مار میں

گزاریں ہیں۔۔کہ نفرت میرے خون میں اپنے

دشمن کے لیے دوڑتی ہے اور یقینا میرے دشمن کی موت عبرت ناک ہو گی" وہ بولا۔۔سفاک لہجہ تھا۔۔

سیم" وجدان نے بس اتنا کہا اور دونوں چپ ہو گئے۔۔۔۔

اسی خاموشی میں کافی وقت اپنی اذیت میں وہ دونوں ڈرنک کرتے رہے اور پھر کچھ دیر بعد وجدان وہاں سے لڑکھڑاتے قدموں سے اٹھ گیا۔۔۔۔

اپنی جیب میں ہاتھ ڈال کر اسنے وہ خاص چیز دیکھی تھی

جو اس بار کسی کو لگتی تو شاید۔۔۔وہ مہینہ بھی اس اذیت سے نکل پاتا۔۔۔وہ تیز قدموں سے باہر نکل گیا

۔۔

سسکیوں کی آواز اسکے کان پھاڑ رہی تھی۔۔

جبکہ دوسری طرف اپنی ہی ہر سسکی۔۔۔نے اندر

تیزاب سا بھر دیا تھا۔۔۔

ایک روٹی کو ترسنے والا لڑکا۔۔۔ آج محل میں بیٹھا

تھا۔۔ہر انسان کا ماضی ہوتا ہے۔۔اور یہاں۔۔۔ بھی دو

لوگوں کا ماضی۔۔۔۔نہ جانے کس کس کو برباد کرنے

والا تھا۔۔

ماہر کا سر بھاری ہو کر گھومنے لگا تھا۔۔۔

لاسٹ نائٹ آئی ڈرنک ٹو مچ" وہ خود کو بتانے لگا۔۔۔

سر کو جھٹکے دے کر ہوش میں آنے کی کوشش کرنے لگا مگر۔۔ سر کا درد ختم نہیں ہوا تو اسنے اشرف سے سر کہ منگالیا۔۔۔

اور اسکا ایک چمچ بھر کر اسنے پی لی یہ بے حد برا تھا مگر نشہ اس سے اتر جاتا۔۔۔ توڑی دیر وہ لیٹا رہا اور پھر اٹھ کر فریش ہونے چلا گیا۔۔۔

آج اسکی چند لوگوں سے میٹینگ تھی۔۔

وہ تیار ہو کر بنا ناشتہ کیے وہاں سے بھاگ کر نکلا تھا تبھی کال آنے لگے گاڑی میں بیٹھ کر اسنے اپنا اوپری بٹن کھول کر کال پیک کی۔۔۔

یس" وہ بولا

وہاں توجہ دو۔۔ جہاں سے توجہ ہٹ گئی ہے"

ٹیچر کی آواز پر اسنے گھیرہ سانس لیا۔۔

کیا آپ کو واقعی پہلیاں بجھانے کا شوق ہے ہر کسی کو ایک ٹاسک میں کھڑا کر دو۔۔۔وجدان کے ساتھ تو ایسا کچھ نہیں کیا آپ نے" وہ چیڑ کر بولا

۔۔۔۔

دوسری طرف خاموشی پا کر وہ موبائل کان سے ہٹا کر دیکھنے لگا۔۔

بلڈی اولڈ پرورٹ" وہ بڑبڑایا۔۔۔

کہاں توجہ نہیں ہے میری" ماہر یاد کرنے لگا وہ جانتا تھا وہ ہر بات کو مقصد کے تحت کرتے ہیں

۔۔۔

تم نے اس لڑکی کا حال نہیں پوچھا دوبارہ" بلآخر کسی بھی کلو کے بنا وہ بولے۔۔

اوہ شی از سائیکو۔۔" وہ سمجھ گیا۔۔۔۔

ڈونٹ" ایکدم کڑک آواز ابھری۔۔ماہر کچھ حیران ہوا۔۔۔

پے یور آل اٹینشن آف دس گرل"

وٹ داہیل۔۔۔ میں اتنا مصروف ہوں اس میں مجھے آپ ایک سائیکو کو پروٹکشن دینے کا کہہ رہے ہیں" وہ غصے سے بولا۔۔۔

ڈواٹ"

جب میں توجہ دینا چاہ رہا تھا تب آپ نے کہا عورت کمزور کر دیتی ہے اب اسی کیطرف دھکیل رہے ہیں اور میں نارمل انسان ہوں۔۔پاگلوں سے میرا واسطہ نہیں"

شی از نارمل ٹو" وہ بولے۔۔

ماہر نے جھنجھلایا ہوا سانس بھال کیا۔۔۔

ایٹ فور پی ایم۔۔۔یو گوڈ واچ ہر" وہ حکم دینے لگے۔۔

اوکے" ماہر نے سر جھٹکا۔۔

گڈ"مسکراہٹ محسوس ہوئی۔۔

آئی ہیٹ یو"۔کہہ کر اسنے فون بند کر دیا۔۔۔

اشرف مجھے چار بجے یاد دلا دینا۔۔۔کہ مجھے کسی سے

ملنے جانا ہے" وہ بولا۔۔۔

تو اشرف نے سر ہلا دیا۔۔

[12/13/2022, 3:43 PM] Tania Tahir: ماہر چاہ کر

بھی نہیں جا سکا تھا اس سے ملنے اور مزے کی

بات یہ تھی اسے یاد بھی نہیں تھا میڈینگ کافی

دلچسپ ہوئی تھی۔۔کچھ لوگوں کے چہروں پر اسکو لے کر جو

حد اسنے دیکھی تو۔وہ دیکھتا ہی رہ گیا خیر یہ

جلن پر لطف بھی تھی۔۔۔اور ویسے بھی لوگوں کو چیڑانے

میں اسے مزاہ آتا تھا۔۔ جزبوں سے عاری سا انسان تھا۔۔۔۔ ہر شخص سے اپنا مقابلہ رکھتا تھا

رات ڈرنک کرتے ہوئے اسکا فون بجا اور ٹیچر کی کال دیکھ کر۔۔ ماہر نے اٹینڈ کی۔۔۔

تمھیں میں نے کوئی کام کہا تھا" دوسری طرف سے بھڑک کر پوچھا گیا۔۔

کیا کام" وہ نشے میں تھا۔۔۔۔

شیٹ آپ۔۔۔ شراب کیوں پی ہے تم نے۔۔۔۔ زنگ لگ گیا تو دشمن تک کبھی نہیں پہنچ سکو گے" وہ چلائے۔۔

یو شیٹ آپ۔۔۔ میرے جینے کا مقصد یہ شراب بھی مجھ سے دور نہیں کر سکتی۔۔ میرا باپ گیا تھا کوئی فالتو چیز نہیں جس کو میں

بھول جاؤں گا۔۔اور یہ شراب میرے اندر آگ کو اور اور اور سے بھی زیادہ بڑھا دیتی ہے۔۔اور مجھے ہر رات احساس ہوتا ہے۔۔۔کہ مجھے میرا مقصد حاصل کرنا ہے۔۔۔۔" وہ نفرت سے بولنے لگا۔۔

تو یوں بیٹھ کر تم اپنے مقصد تک پہنچ جاؤ گے "

دوسری طرف سے پوچھا گیا۔۔

نہیں بلکل۔۔۔بلکل بھی نہیں۔۔۔۔۔میں اپنے مقصد پر کھڑا ہو کر پہنچوں گا" وہ ہسنے لگا۔۔جبکہ فون بند ہو گیا وہ ہوش میں نہیں تھا اور شاید کوئی اسپر اپنی انرجی ضائع نہیں کرنا چاہتا تھا۔

بلڈی اولڈ پرورٹ "وہ سر جھٹک کر بولا۔۔۔

کیا کہا تھا اس نے ماہر۔۔۔سوچو سوچو ذرا" ماہر اپنے ماتھے پر انگلی رکھے سوچنے لگا۔۔

اوووہاں۔۔سالا ٹھرکی مجھے لڑکی کے پاس بھیج رہا تھا"

وہ ہنسا۔۔۔

تو میں ابھی چلا جاتا ہوں۔۔۔۔" وہ اٹھا۔۔۔۔اور

سیدھا باہر کیطرف نکل گیا۔۔گاڑی سٹارٹ کی

۔۔۔اور راستے پر ڈال لی۔۔

جبکہ ساتھ ساتھ بوتل سے شراب پی جا رہی تھی

۔۔۔

وہ ڈرائیو کرتا۔۔کچھ دیر میں روشی کے گھر کے باہر تھا

اسنے ہارن بجانا چاہا۔۔

مگر اسکا(گالی) باپ اٹھ جائے گا" اسنے سوچا اور

گاڑی کا ڈور کھول کر باہر نکلا۔۔۔

اور اس ویران سی جگہ کو دیکھنے لگا۔۔

میرے گھر میں بس میں رہتا ہوں۔۔ پھر بھی اتنا منحوس نہیں لگتا جتنا اس سود خور کا لگتا ہے"

وہ نفرت سے بولنے لگا۔۔۔۔

اور دیوار پھلانگ کر۔۔ وہ لون میں جا گیرہ۔۔

آہ" وہ کراہیا۔۔۔۔

لیزر لائٹس اسپر سے گزرتی اس سے پہلے ہی اسنے

۔۔۔پوزیشن چینج کی۔۔

جو ٹریننگ اسنے لی تھی۔۔ وہ نشے میں بھی کسی موو پر

چوک نہیں سکتا تھا۔۔ وہ اٹھا اور لیزر سے بچتا ہوا

۔۔۔اندر کیطرف آگیا۔۔ ارام سے۔ وہ اس

اندھیرے میں چلتا۔۔ اوپر جانے لگا۔۔

اوپر تھا نہ اسکا کمرہ" وہ خود سے بات کر رہا تھا...

چاروجانب خاموشی تھی وہ آہستگی سے قدم بھرتا

۔۔اوپر کی جانب چڑھنے لگا۔۔۔

کون ہے وہاں" ایکدم کڑک آواز پر اسکے قدم رک

گئے۔۔۔۔

کیا کوئی ہے وہاں" دوبارہ پوچھا گیا۔۔

مگر شاید کوئی اسے دیکھ نہیں رہا تھا وہ پیچھے کیطرف ہوتا

۔۔ہوتا۔۔۔ایک کمرے میں گھس گیا۔۔۔

جبکہ ایکدم حال کی لائٹس کھل گئیں۔۔بلکل

درست وقت پر وہ اندر کمرے میں بند ہوا تھا

ورنہ۔۔آج ایک ڈی سی کی چھترول ہوتے دنیا دیکھتی

اسنے ہلکا سا دروازہ کھلا ارمان تھا۔۔وہ ارد گرد دیکھ راہ

تھا پھر اسنے اوپر روشی کے کمرے کیطرف دیکھا

۔۔۔اور مطمئین سا ہو تا لائٹس آف کر کے۔۔وہ وہاں سے چلا گیا۔۔جبکہ ماہر نے دروازہ بند کر دیا۔۔

بلڈی اولڈ پرورٹ" اسنے سر جھٹکا اور اندر بڑھا کمرے میں بھنی بھنی نرم سی خوشبو اسکے اعصاب پر چھانے لگی۔۔۔۔

اسنے بیڈ کیطرف دیکھا تو کوئی۔۔وجود تھا وہاں۔۔کیا وہ وہی لڑکی ہے۔۔

وہ نشے سے خود کو نکالنے کی کوشش کرتا سوچ رہا تھا۔۔

وہ اسکے نزدیک گیا۔۔اور بیڈ پر گیر گیا۔۔۔

اچانک خوف سے روشی کی چیخ نکلتی کہ۔۔ماہر کا سخت ہاتھ اسکے منہ کو دوبوچ گیا روشی کے چہرے کے آگے۔۔ماہر کا چہرہ۔ آگیا جبکہ اسکا بھاری ہاتھ

روشی کے پنک بلنکٹ کے اوپر تھا۔۔وہ جو ایکدم ڈری تھی۔۔۔

اب زرا ڈر کم ہو گیا۔۔۔

ماہر اسکی پھٹی پھٹی آنکھوں میں دیکھنے لگا۔۔۔۔

تم ایسی چیز ہو۔۔ تمھیں دل میں نہیں آنکھوں کے

سامنے رکھا جانا چاہیے۔۔۔" وہ بولا۔۔۔۔

اور اچانک سیدھا ہوتا۔۔روشی کے تکیے پر ہی اسکے

سر کے ساتھ سر رکھ لیا۔۔

جبکہ روشی حیران و پریشان تھی شراب کی بدبو سے

اسے جلد اندازا ہو گیا۔۔ کہ وہ نشے میں ہے۔۔

اگر اگر ٹیچر نے کہا کہ تم سے شادی کرنی ہے تو۔۔

میں تمھیں۔۔۔اپنی آنکھوں کے سامنے رکھوں گا۔دل میں

نہیں اوکے۔۔۔" وہ چیخا۔۔۔۔

ماسٹر" روشی نے جلدی سے۔۔۔اسکے منہ پر ہاتھ رکھا۔۔۔

ماسٹر" ماہر حیران ہوا۔۔۔جبکہ اسکے ہاتھ کی نرمی اپنے چہرے پر محسوس کر کے وہ بہک سا گیا اسنے روشی کی کمر میں ہاتھ ڈالنا چاہا مگر۔اسنے وہ ہاتھ پیچھے دھکیل دیا۔۔

آپ یہاں کیوں آئے ہیں بابا نے تو کہا تھا آپ سامنے نہیں آئیں گے۔۔۔کیا بابا کو پتہ ہے آپ میرے روم میں ہیں" روشی سوال کرنے لگی۔۔

وہ تمھارا بوڈھا باپ میرا اس سے کوئ تعلق نہیں" ماہر نے اسکی غلط فہمی دور کی۔۔

آپ بہت بد تمیز ہیں" روشی کو باپ کی برائ اچھی نہیں لگی۔۔

ماہر نے گھور کر اسکیطرف دیکھا۔۔۔

وہ نشے میں جانتا نہیں تھا کیا کر رہا ہے۔۔۔۔

جبکہ روشی تو ارمان کی ہر بات پر یقین لے آئی تھی کہ واقعی ہی

وہ اسکا ماسٹر ہے۔۔۔اور اسکے لیے دل میں اٹھتے

جزبات سے وہ خود ہی شرما گئی۔۔۔

مگر ماہر جو نشے میں تھا اسکے نازک جزبات کا

اسے بلکل اندازا نہیں تھا وہ ہوش میں ہوتا تو شاید

یہاں آتا بھی نہ۔۔۔۔

ماہر کی جانب دیکھتے اسکا دل عجیب لے پر دھڑکنے

لگا وہ اسکے اتنے قریب لیٹا ہوا تھا اور وہ اسکے ساتھ

بیٹھی بیوقوفوں کیطرح اسکیطرف دیکھے جا رہی تھی۔۔

حالانکہ اسے اندازا ہو گیا تھا وہ ہوش میں نہیں

ہے پھر بھی اسے دیکھنا اچھا لگ رہا تھا اسکے لئے

اپنے جزبات کی حدت سے روشی کے چہرے پر

پسینے کی بوندیں چمک اٹھیں جبکہ وہ اس وقت بلکل نارمل لڑکی لگ رہی تھی۔۔۔۔

جس کو کوئی فکر نہ ہو۔۔اور آج کا دن تو بلکل بے فکر تھا سارے دن ہی ماسٹر نے اسکی پروٹیکشن کی تھی اسکے بقول اور رات وہ اسکے پاس تھا۔۔اج سے پہلے اپنے دل میں اتنی خوشی اسنے کبھی محسوس نہیں کی۔تھی

--

ماہر ایکدم اٹھ کر بیٹھ گیا۔۔

روشی کچھ ڈر سی گئی۔۔۔اسنے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرہ

اسکے گھنے بال ایکدم پیچھے جا کر واپس ماتھے پر۔آ گئے۔۔۔۔

تمھارا باپ مجھ سے جلتا ہے" ماہر نے بہت سوچ کر ہنس کر کہا روشی کے پلے یہ بات نہیں پڑی تھی۔۔۔

وہ کیوں" ماہر نے اسکا نازک ہاتھ پکڑا وہ اپنی بے ترتیب دھڑکنوں کے شور سے ہلکان ہوتی پوچھنے لگی۔۔۔۔

کیونکہ میں ہینڈسم ہوں" اسنے قہقہ لگایا جبکہ روشی پریشانی سے اسکے ہونٹوں پر اپنا ہاتھ رکھ گئ۔۔

ماسٹر بابا نہیں جانتے آپ یہاں ہیں۔۔وہ یہاں ا گئے تو۔۔۔" وہ پریشان سی لگی۔۔۔

میں ماہر ہوں" اسکا نرم ہاتھ جھٹکتے وہ۔۔۔ماسٹر لفظ پر چونک کر بولا۔۔۔۔

کس چیز میں" روشی نے آنکھیں پٹپٹائی۔۔۔۔

ماہر کو نشے میں بھی اندازا ہو گیا اسکا نام بلکل ٹھیک نہیں تھا۔۔۔ تبھی اسنے اسکو اسکے حال پر چھوڑ دیا اور اٹھنے کی کوشش کرنے لگا....

روشی نہیں چاہتی تھی وہ اسکے پاس سے جائے۔۔وہ بھی جلدی سے بیڈ سے اٹھی۔۔۔۔

ماہر یوں ہی چلتا ہوا دروازے تک آیا۔۔۔۔

اور ایکدم جیسے کچھ یاد آنے پر پلٹا تو روشی سے زبردست تصادم ہوا۔۔۔روشی اس سے پہلے گرتی ماہر کے مظبوط ہاتھ نے اسے گیرنے سے بچالیا۔۔۔

اور گھما کر اسے اپنے سامنے کرلیا۔۔اسطرح کے روشی کا رخ بلکل اسکے سامنے تھا اور ماہر اسکے بے حد قریب تھا جبکہ روشنی کی پشت دروازے سے چپکی ہوئی تھی۔۔

وہ حراساں نظروں سے اسکو دیکھنے لگی جبکہ ماہر اس چہرے کی خوبصورتی کو قریب سے دیکھ کر دم سادھ گیا۔۔

نوخیز کم عمر حسن اسکے حواسوں کو معطل کرنے لگا

۔۔۔وہ اسکے چہرے پر جھکنے لگا۔۔رفتہ رفتہ دلوں کی

دھڑکنوں نے شور سا برپا کر دیا۔۔

روشنی کی سانسیں پھولنے لگی جو نرم سانسوں کی

صورت ماہر کے چہرے پر پڑ رہیں تھیں۔۔۔۔۔

وہ اسپر اپنا لمس بکھرنے کے بے حد نزدیک

تھا کہ روشنی نے چہرے کا رخ بدل لیا۔۔۔۔

ماسٹر "کانپتے لہجے میں بھاری جان لیوا سانوں کا

ستم سہتی وہ بولی۔۔۔۔۔

اوے یور ماسٹر بیبی گرل" ماہر نے اسکی گردن میں سختی

سے ہاتھ ڈال کر سنجیدگی سے کہا۔۔اور اسکا چہرہ اپنے

نزدیک کر کے وہ۔اسکی سانسوں کو خود میں الجھانا

چاہتا تھا وہ اس نرمی کو محسوس کرنا چاہتا تھا

جس کے لیے دل بے قابو سا ہوا تھا۔۔اور وہ ایسا بنا

خوف خطر کر بھی جاتا اگر باہر کچھ گرنے کی آواز نہ ابھرتی جیسے۔۔ کسی نے اسکی بلکنی میں کود ماری تھی

۔۔۔۔

دونوں ہوش کی دنیا میں واپس لوٹے۔۔ماہر نے اسی پوزیشن میں بلکنی کے بند دروازے کیطرف دیکھا جس کو کوئی کھولنے کی کوشش کر رہا تھا اور روشی کا دم خشک ہو گیا۔۔ اسنے۔۔۔۔ماہر کے دونوں ہاتھ سختی سے پکڑ لیے۔۔۔

ہو دا ہیل از دیس مین" وہ ایکدم نشے کے باعث لڑکھڑا کر بولا۔۔۔۔

اور اچانک اسکا سر گھما تو وہ زمین بوس ہوا

۔۔

ماسٹر "روشی ایکدم۔۔ اسکے پاس بیٹھی۔۔

خوبصورت ہو تم۔۔۔مجھے تمھیں چھو کر دیکھنا ہے" وہ نیند میں بڑبڑا رہا تھا۔۔۔۔نشے نے اسکے حواس بلکل چھین لیے تھے جبکہ دوسری طرف دروازہ کھولنے میں جو بھی تھا کامیاب ہو چکا تھا۔۔۔

اسنے سلائیڈ ہٹائی روشنی خوف سے کانپنے لگی وہ جانتی تھی اگلے کچھ لمہوں میں اسکے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔۔۔

چہرہ زرد ہو گیا۔۔جبکہ۔۔۔۔اس شخص نے کمرے میں قدم رکھے۔۔۔سر سے پاؤں تک بلیک کپڑوں میں تھا وہ کہ شناخت ناممکن تھی

وہ اندر آیا روشنی کو لہو رنگ آنکھوں سے دیکھا۔۔

روشنی اسکے ہاتھ میں سرنج دیکھ چکی تھی۔۔

ن۔۔نہیں۔۔۔۔" وہ پتے کیطرح پھڑ پھڑا رہی تھی جو تکلیف اسکو ملنے والی تھی وہ وہ سہہ نہیں سکتی تھی۔۔۔

نہیں سہنا چاہتی تھی۔۔اسنے ماہر کی طرف مدد طلب نظروں سے دیکھا۔۔۔۔

دل نے شدت سے پکارہ تھا۔۔۔۔۔

سیاہ لباس میں ڈھنپے شخص نے زمین پر گیرے ماہر کو دیکھا۔۔مگر چونکہ اسکا چہرہ دیکھائی نہیں دے رہا تھا بلیک ماسک کی وجہ سے تبھی وہ اسکے ایکسپریشن نہیں جان پائی اور وہ ماہر پر سے ٹپ کر۔۔۔سرینج کو بے رحمی سے پکڑ کر۔۔۔روشنی تک پہنچا۔۔۔

ن۔۔۔نہیں۔۔پلیز نہیں۔۔۔مجھے۔۔مت مجھے تکلیف ماسٹر" وہ بے بسی سے۔۔۔۔بولی۔۔۔مگر مقابل پر اثر نہیں ہوا اور وہ روشنی کی گردن میں بے رحمی سے۔۔۔اس سے پہلے اتارتا۔۔کہ پیچھے سے ماہر نے اسکا پاؤں پکڑ کر زور سے کھینچ دیا۔۔جس سے وہ ایکدم زمین

بوسس ہوا روشی نے اپنی چیخ کا گلہ۔منہ پر ہاتھ رکھ کر گھونٹ دیا۔۔۔۔

آنکھوں سے آنسو متواتر بہہ رہے تھے جبکہ۔۔۔

خوف زدہ نظریں۔۔ان سرخ نظروں سے ٹکرائیں۔۔ جو اسے بھسم کر دینے کا ارادہ رکھتیں۔۔۔ تھیں روشنی ان نظروں کی تاب نہ لاتے ہوئے۔۔۔جیسے۔۔۔۔ ایکطرف لڑھک گئ۔۔

جبکہ دوسری طرف ماہر نے۔۔خونخوار انداز میں اس شخص کا پاؤں پکڑا ہوا تھا۔۔اس شخص نے زور سے ماہر کے ہاتھ پر لات ماری۔۔اور نیم بے ہوش پڑی روشنی کو نفرت سے۔۔دیکھا۔۔ماہر۔۔۔۔کراہ رہا تھا کیونکہ اسکے ہاتھ پر بوٹ بری طرح لگا تھا۔۔وہ شخص ماہر پر سے ٹپ کر جس طرح آیا تھا ویسے ہی وہاں سے نکل گیا

۔۔۔

مگر ایک نظر نفرت بھری دونوں پر ڈالنا

نہیں بھولا تھا۔۔۔

میڈیم میڈیم آپ ٹھیک ہیں" نرس اسے پکار رہی تھی کل ہی اسنے کہا تھا کہ اب میرے کمرے میں کوئی نہیں سوئے گا اور اب اسے ڈر بھی نہیں لگتا کیونکہ اسکی پروٹیکشن کے لیے ماسٹر ہے۔۔اور اب وہ اسے زمین پر سوی ہوئی دیکھ کر حیران تھیں۔۔۔

روشنی کی آنکھ کھلی۔۔۔تو وہ غائب دماغی کی سی کیفیت سے۔ان تینوں کو دیکھنے لگی اور اچانک جیسے اسے سب یاد آنے لگا۔۔۔کہ رات اسکے ساتھ یہاں ماہر بھی تھا اور وہ شخص جو اسے انجیکٹ کرنے آیا تھا۔۔اور رات گزرا ایک ایک منظر آنکھوں کے آگے گھوم

گیا اسنے جلدی سے پورے کمرے میں نگاہ دوڑائی

مگر وہاں آسکے اور نرسز کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔۔

جب تم لوگ یہاں آئے تو یہاں کوئی تھا کیا

"روشنی نے جلدی سے پوچھا۔۔۔

نہیں میڈیم آپ ہی تھیں مگر آپ زمین پر

کیوں سو رہیں تھیں" وہ حیران ہوئیں تو۔۔۔روشنی ناخون

کترنے لگی۔۔

وہ کنفیوز سی ہوئی کیا وہ بھی چلا گیا تھا۔۔ہاں چلا گیا ہو

گا تبھی تو یہاں نہیں تھا مگر وہ ٹھیک تھی اسے کوئی

تکلیف نہیں پہنچنے دی تھی اسنے۔۔۔کتنی سہولت سے

نشے میں بھی اسنے اسے بچا لیا تو۔۔خوشی اسکے

چہرے سے چھلکنے لگی۔وہ تینوں حیرت سے دیکھنے

لگی۔۔۔

میڈیم آپ ٹھیک تو ہیں نہ "وہ بولیں تو روشنی نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

میں تو بلکل ٹھیک ہوں" وہ بولی اور جلدی سے واشروم میں چلی گئی اسنے کالج بھی جانا تھا اور بہت اچھا تیار ہونا تھا۔۔ماسٹر جب اسے دیکھتے۔۔۔۔تو یہ نہیں سوچتے کہ وہ۔۔خوبصورت نہیں ہے ۔۔اور اپنی تیاری مکمل کرتے تک اسکے کانوں میں یہ الفاظ گونجتے رہے۔۔

تم خوبصورت ہو۔۔۔۔۔

تم خوبصورت ہو۔۔۔

اسنے اپنے آپ کو ایسے سنوارا کہ خود کی ہی نظر لگ جائے۔۔کمسن حسن جوبن پر تھا اور پھر اسپر آنکھوں

میں کسی کا عکس۔۔۔لاجواب تھا۔وہ بھاگتی ہوئی نیچے آئی۔۔ارمان نے اسکو ٹوکا۔

روشنی سمبھل کر چلو۔۔بیٹا۔۔۔۔" وہ بولے۔۔۔اور خوشی سے چمکتے بے پناہ حسین چہرے کو دیکھا۔۔جس پر اسنے پنک لپسٹک سے اور بھی دلکشی دے دی تھی۔۔

بابا۔۔۔میں جلدی میں ہوں۔۔۔۔میں جا رہی ہوں۔۔بائے" وہ کہہ کر باہر نکل گئ۔۔جبکہ ارمان مسکرا دیے۔۔۔

وہ نارمل ہو رہی تھی یہ جانے بنا کہ وہ انکے ایک جھوٹ کی بنا پر نارمل ہو رہی تھی۔۔۔۔جبکہ ماہر کے لیے تو پرفیشنلی نفرت۔۔۔انکے سینے میں جنم لے چکی تھی۔۔۔

زور سے سر پر پڑنے والی گیند سے وہ ایکدم اٹھ گیا

--

سر تھا کہ درد سے بے حال ہو رہا تھا۔۔اشرف سے۔۔۔روز کا سامان کہہ کر۔۔وہ وجدان کو دیکھنے لگا جو نفرت سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔

کیوں صبح صبح اپنی منحوس شکل مجھے دیکھانے پہنچ گئے ہو" ماہر نے۔۔بے زاریت سے کہا۔۔

میں تمھیں صرف اتنا کہنے آیا ہوں" کڑک بے لچک سفاک لہجے میں کہتا وہ اسکے نزدیک پہنچا۔۔۔

ماہر اسکی آنکھوں میں دیکھ رہا تھا۔۔۔

میرے راستے میں مت آنا ماہر ورنہ تمھاری ٹانگیں توڑ دوں گا۔۔ تم میری نفرت کا مقابلہ نہیں کر سکتے" وہ اسکا شانہ تھپتھپاتا ہوا بولا۔۔ماہر کو اسی شانے میں درد کا احساس ہوا۔۔۔

اور اسنے وجدان کا ہاتھ جھٹک دیا۔۔۔اسے شاید بھول گیا تھا کہ رات کیا ہوا تھا۔۔۔

مجھے کوئی شوق نہیں ہے کسی کے راستے میں آنے کا اپنے راستے ہی میرے لیے کافی ہیں اپنے کام سے کام رکھو اور آج کے بعد۔۔ ٹیچر کے کہنے پر بھی یہاں مت انا۔۔اور مجھے دھمکانے کی کبھی کوشش مت کرنا وجدان۔۔۔۔

ورنہ تم میرے اندر کے زہر کا مقابلہ نہیں کر سکو گے

۔۔۔

میں نے سفاک زندگی گزاری ہے۔۔۔۔ تمھاری طرح رشتوں میں بندھ کر نہیں۔۔۔۔۔

تمھارے پاس رشتے تھے جنھیں تم نے کھویا جس کا اشتعال لیے تم گھومتے ہو۔۔اور میرے پاس۔۔۔کوئی نہیں۔۔۔تو اپنا مقابل مجھ سے مت کرو۔۔۔۔۔۔

کیونکہ زخم جتنا سخت ہوتا ہے۔۔۔۔اتنا وجود میں زہر بھرتا ہے۔۔۔۔اور مجھ میں۔۔کسی بھی شخص کے لیے ۔۔کوئی نرمی نہیں" وہ اسکو۔۔گھورتا ہوا سرد لہجے میں بولا۔۔۔۔۔

بہتر ہے ہم اپنے اپنے راستے پر رہیں۔۔۔۔۔"وجدان نے کہا۔۔۔ماہر مسکرادیا۔۔

بہت جلدی سمجھ آگئی۔۔۔اب جاؤ یہاں سے" اسنے لاپرواہی سے کہا اور اٹھ کر واشروم میں بند ہو گیا۔۔۔

وہ دونوں جانتے تھے ایک دوسرے کو۔۔۔پھر بھی ۔۔۔دونوں ایک دوسرے سے نفرت کرتے تھے

۔۔۔وجدان خاندان کو کھو کر۔۔۔اشتعال میں تھا

۔۔۔۔جس کا بدلا وہ اپنی آخری سانس تک لے گا اور

کوئی اسے روک نہیں سکتا۔۔۔

جبکہ ماہر۔۔۔ایک سخت دل پتھر دل انسان تھا

۔۔۔

دوسروں کو چیڑانے۔۔۔۔انھیں ٹیز کرنے اور

۔۔۔۔

انھیں ہرانے کے سوا اسکی زندگی میں کوئی کام نہیں

تھا۔۔جبکہ خواتین کے معاملے میں وہ بے حد

لاپرواہ تھا۔۔۔

لڑکیوں کے نازک دل توڑنا بھی اسکے لیے عام بات تھی

جبکہ وجدان۔۔ کسی لڑکی میں دلچسپی نہیں رکھتا تھا

۔۔اسکے جاتے ہی وجدان وہاں سے چلا گیا۔۔۔

[12/14/2022, 7:17 PM] Tania Tahir: یہ

ساری فائلز دوبارہ لے جائیں اور مسٹر ارمان سے

کہیں اپنے انڈر اریاز کی چیکینگ کریں۔۔۔" وہ زرا غصے سے بولا

اور فائلز اٹھا کر ایک طرف پٹخ دی۔۔

او کے سر ارمان سر کے انڈر آفیسرز ان اریاز کا سروے

کر لیں گے" سامنے کھڑا شخص بولا۔۔

اور آپکے ارمان صاحب کے پاؤں میں مہندی لگی ہے

جو وہ خود سے نہیں کر سکتے۔

اگلی رپورٹ مجھے ارمان خود کریں گے آپ انھیں

انفارم کر دیں"

مگر سر ارمان صاحب تو۔" سامنے کھڑا شخص کچھ

گھبرایا۔۔

گیا۔۔۔

انھیں چیئر پر سے اٹھنے سے دقت ہے تو میں خود کر لیتا ہوں یہ کام "وہ بری طرح بھڑکا تو۔۔وہ شخص پریشان ہو گیا۔۔

اسکی پوسٹ ایسی تھی کہ وہ اسکی نوکری بھی چھین لیتا۔۔۔۔

تو زیادہ چوں چراں کیے بغیر وہ فائل اٹھا کر لے گیا۔۔

اڈیٹ" ماہر نے غصے سے پین ایکطرف پھینک دیا۔۔

سر کافی" اشرف نے کافی سرو کی۔۔

نہیں بئیر مل سکتی ہے" ماہر نے اسکیطرف دیکھا

۔

۔سر میں درد ہی ہو گیا تھا سارا دن گزر گیا تھا اسی سر کھپائی میں۔۔۔

سر بٹ یہ حکومتی سیکٹر ہے آپکا آفس ہے

یہاں کبھی بھی کوئی بھی اسکتا ہے کہ

۔اور آپکو نشہ جلدی چڑھ جاتا ہے" اشرف

اب اتنے دنوں میں جان گیا تھا کہ وہ نشے میں

کچھ یاد نہیں رکھتا۔۔

آف یار۔" ماہر جھنجھلا گیا۔۔

اوکے شوگر فری کافی دے دو۔۔۔۔ یہ کڑوا پانی اتار کر ہی

شاید سر درد ٹھیک ہو جائے" وہ ناگواری سے بولتا

دوبارہ۔۔فائل پر جھکا۔۔۔

سر کل رات آپ گھر نہیں تھے" اشرف نے

کافی بناتے ہوئے پوچھا۔۔

پھر کہاں تھا" وہ آنکھیں اٹھا کر اسکیطرف دیکھنے

لگا۔۔۔۔

آپکو نہیں معلوم" اشرف کو حیرانگی ہوئی اسنے

کپ اسکے سامنے رکھا۔۔

پہلیاں مت بجھانا آج کے بعد مجھ سے۔۔۔۔جو بات

ہے ڈائریکٹ کرو"وہ چیڑ کر بولا۔۔۔

سر آپ اس لڑکی کے گھر تھے۔۔۔۔۔"

کس لڑکی کے" ماہر کو تو ایک لفظ بھی گزشتہ رات کا یاد

نہیں تھا۔۔۔

ارمان کی بیٹی روشنی کے پاس"

واٹ" وہ حیرانگی سے چلا اٹھا۔۔۔

جی سر۔۔۔۔اور میں آپکو وہاں سے نکال کر لایا ہوں۔۔۔

صبح فجر کے وقت" اشرف نے بتایا۔۔

آر یو سیریس۔۔" کافی کا کپ دوبارہ رکھ کر وہ شاکڈ کی

کیفیت میں سیٹ چھوڑ کر اٹھ گیا۔۔

جی سر" اشرف بولا۔۔۔

کیا بکواس کر کے آیا ہوں میں اور میں گیا کیوں

تھا" وہ۔۔۔اپنے دماغ پر زور دینے لگا۔۔۔۔

یہ تو مجھے بھی نہیں پتہ سر"اشرف نے

لاعلمی کا اظہار کیا جبکہ وہ سر تھام گیا حیران

کن تھی یہ بات کہ اسے کچھ یاد نہیں تھا۔۔۔۔۔

وہ اسکے خاموش ہونے پر اشرف وہاں سے اٹھ کر

چلا گیا۔۔

جبکہ ماہر مسلسل سوچ رہا تھا کل کیا ہوا تھا۔۔۔

اچانک سیل فون کی بیل بجی تو وہ ہوش میں آیا

۔۔۔۔

اسنے ٹیچر کالینگ دیکھا اور کال پیک کر لی۔۔

عام طور پر وہ۔۔ڈیوٹی کے دوران کوئی پرسنل کال اٹینڈ نہیں کرتا تھا مگر اس وقت شاکڈ کی سی کیفیت تھی۔۔۔

تو مل آئے ہو اس لڑکی سے" وہ بولے۔۔۔

ہاں شاید" وہ تو جانتا بھی نہیں تھا گیا کب تھا وہ۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

کیا بات کی ہے تم نے اس سے۔۔"

یاد نہیں۔۔"

کیوں نہیں یاد۔"

www.BestUrduBook.com

نشے میں تھا"

کسی لڑکی کے پاس نشے میں جاتے ہوئے شرم آنی چاہیے"

ہاں انی تو چاہیے۔۔"لاپرواہ انداز۔۔

روبیہ درست کرلو اپنا" چیڑ کر بولا گیا۔۔۔

آپکی ہی تربیت ہے" چیڑانے والا انداز۔۔۔۔ دوسری طرف خاموشی چھا گئ۔۔۔۔

مجھے کچھ ملا ہے۔۔۔۔ تمھارے والد کے قتل کے متعلق"

دوسری طرف سے۔۔ جیسے ہی بولا گیا وہ چیئر چھوڑ کر اٹھ گیا۔۔

کیا پتہ چلا ہے آپ نے مجھے کہا تھا کچھ نہیں انفارمیشن نکالنی حتی کے اس گھر میں بھی آج تک دوبارہ جانے نہیں دیا۔۔۔۔

آپ چاہ کیا رہے ہیں۔۔" وہ غصے سے بولا۔۔۔

سب سے پہلے اپنے غصے کو قابو میں کرو۔۔ تمھارا غصہ تمھیں کسی دن مشکل میں ڈال دے گا۔۔"

میں اب بھی کوئی آسان زندگی نہیں گزار رہا میری
پرواہ نہ کریں آپ مجھے صرف اتنا بتائیں کے اپکو
کیا پتہ چلا ہے"

وہ بے تابی سے بولا۔۔۔۔

بس اتنا کہ تمھارے باپ کے کسی دوست نے۔۔۔انپر
شوٹ کیا ہے"

کک۔۔کیا مطلب" وہ پریشانی سے۔۔۔۔ایک بار
پھر سے بیٹھ گیا۔۔

ہاں۔۔۔اب دوست کتنے اور کون کون ہے یہ تم خود
پتہ کروگے۔۔۔وجدان آیا تھا تمھارے پاس"

دوسری طرف سے سوال ہوا۔۔

ہمم" وہ تو پہلی والی بات میں ہی الجھ گیا تھا۔۔۔
تم اپنے راستے سے نہیں ہٹوگے۔۔۔۔"

نہیں ہٹوں گا۔۔۔اور کوئی مجھے روک بھی نہیں سکتا" وہ مٹھیاں سختی سے بند کرتا بولا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔اس لڑکی سے ایک بار پھر تمھیں ملنا ہے وہ بھی پورے ہوش میں" انھوں نے حکم۔دیا۔۔

بائے" آج پہلی بار ماہر نے فون بند کر دیا تھا۔۔

فون ایک طرف پھینک کر وہ سوچنے لگا۔۔۔

بچپن کی ہلکی پھلکی سی یاد دماغ کے دریچوں پر ٹھر گئ۔۔۔

اسکے ماں باپ کے کئ دوست تھے۔۔

اور اکثر انکے گھر آتے تھے۔۔۔

انکے بڑے سارے گھر میں۔۔۔اکثر مہمانوں کا رش لگا رہتا تھا۔۔۔

اور بابا کے دوستوں میں جہانگیر بھی شامل تھا

۔۔

کہیں میری ماں سے شادی کرنے کے لیے تو اسنے میرے باپ کو مار دیا" اچانک دماغ میں سوال اٹھا مگر اسے خود ہی جھٹکنا پڑا۔۔۔

جو شخص مکھی نہ مار سکے بندہ کیسے مارے گا۔۔۔وہ ایک عرصہ اسکے ساتھ گزار کر آیا تھا۔۔۔اور مزاج سے واقف تھا اور۔۔اسکی ماں سے شادی۔۔ بھی اسنے۔۔۔۔ہمدردی میں کی تھی۔۔۔

جہانگیر۔۔۔۔نفرت کے قابل تھا مگر قاتل نہیں کر سکتا تھا۔

پھر کون تھا۔۔۔وہ سوچ میں پڑ گیا۔۔۔۔

اور ہزاروں ترکیبیں اسکے دماغ میں چل پڑیں جبکہ وہ بھول گیا کہ اسے آرڈرز ملے ہیں اس لڑکی سے دوبارہ ملنے کے۔۔۔

اسنے سوچ لیا تھا بہت جلد وہ اس گھر میں جائے گا کیونکہ اسے۔۔۔اس جنگ کی شروعات وہیں سے کرنی تھی جہاں سے یہ جنگ شروع ہوئی تھی ۔۔اور اسے یقین تھا۔۔کہ وہیں اسے کوئی نہ کوئی سراغ ضرور ملے گا۔۔۔جس سے اسے پتہ چلے گا کہ اسکے باپ کو کیوں اور کس نے مارا کیوں اسکی ہنستی کھیلتی زندگی جھنم بن گئی۔۔

تانیہ طاہر ناولز

کیوں اتنی محبت کرنے والا باپ اس سے جدا ہو گیا ۔۔کہ آخری سانس بھی۔۔۔وہ اس بھری نظروں سے۔۔ماہر کو دیکھتا رہا۔۔۔۔

www.BestUrduBook.com

ماہر نے تکلیف سے آنکھیں بھینچ لیں

بابا میں اپکا بدلہ ضرور لوں گا۔۔۔"

اسنے فیصلہ کیا۔۔۔اور وہ۔۔

دماغ کے منتشر ہونے کے باوجود۔۔۔فائل پر جھک کر کام پر دھیان دینے لگا۔۔

ارمان پر بجلی کیطرح ماہر کا آرڈر گیرہ تھا۔۔اب میں ان غریب علاقوں میں خود اتر کر وہاں کی ساری رپورٹ اس کل کے آئے لڑکے کو بھیجوں گا میں ارمان۔۔" وہ غصے سے بولے

بلکل سر کیونکہ اسکی پوسٹ۔۔۔ایسی ہے وہ آپ جیسے دس افسر رکھ لے اپنی جیب میں فلحال یہ کرسی بچانے کے لیے آپکو وہ کرنا پڑے گا جو وہ کہتا ہے" اس شخص نے کہا۔۔

تو ماہر کو ارمان نے جیسے دانتوں میں چبا لیا۔۔۔

سر کیا میں گاڑی ریڈی کروں" وہ بولا۔۔۔

جبکہ اسکے چہرے پر طنزیہ مسکراہٹ۔۔۔

رمان محسوس کر چکا تھا دفع ہو جاؤ یہاں سے" وہ دھاڑا اور۔۔وہ شخص باہر نکل گیا۔۔جبکہ۔ تبھی وجدان بھی اسکے کیبن میں داخل ہوا۔۔۔

کیا ہوا کوئی خبر ہے" ارمان ایکدم سیدھا ہوا۔۔۔

خبر بس اتنی ہے کہ آپکی بیٹی فلحال انسکیور ہے" وجدان نے کہا۔۔اور آنکھوں میں نفرت لیے مگر لہجے کو نارمل رکھے بتانے لگا۔۔

کیسے" ارمان کو فکر ہوئی۔۔

آپکا دشمن آپکی بیٹی تک پہنچنے کی کوشش کر رہا ہے" اسنے بس اتنا ہی کہا۔

تم نے کہا تھا تم اسکی درست تصویر لاو گے جس

میں اسکا چہرہ دیکھ رہا ہو گا۔" ارمان کو یاد آیا۔۔

فلحال آپکی بیٹی اہم۔۔ہے بانسبت اس شخص کے۔۔۔۔

وجدان نے کہا۔۔انداز سخت اور کڑا تھا۔۔۔

ارمان نے سر ہلایا اور روشنی کا نمبر ڈائل کیا۔۔

جی بابا" مسکراتی آواز پر تسلی ہوئی۔۔۔۔

کہاں ہے میری جان" وہ پوچھنے لگا

۔وجدان آنکھوں میں انگارے لیے اسے دیکھتا رہا۔۔۔

بابا میں۔۔یونیورسٹی ہوں اب کچھ فرینڈز کے

ساتھ جا رہیں ہوں ہینگ اوٹ کرنے" وہ بتانے

لگی اس سے پہلے فون بند کرتی ارمان ایکدم چیخا۔۔

تم گھر واپس لوٹو کہیں نہیں جانا تم نے" وہ بولے۔۔

مگر کیوں بابا" روشنی پریشان ہوئی۔۔

تم سیکیور نہیں ہو تمھاری طبعیت بھی ٹھیک نہیں ہے گھر واپس جاؤ فورا" وہ سختی سے بولے۔

بابا اپ نے کہا تھا ماسٹر آل ٹائم میرے ساتھ ہیں اس وقت بھی وہ مجھے سن رہے ہوں گے انھیں اچھا نہیں لگے گا آپ اسطرح انپر اعتبار نہیں کرتے"

انف روشنی" وہ چیخے روشنی ڈر ہی گئ۔۔

تمھیں جتنا کہا ہے اتنا کرو گھر جاؤ اور کمرے میں چلی جاؤ باہر مت نکلنا بس" وہ کڑوے لہجے میں بول رہے تھے روشنی سہم ہی گئ

--

بابا" آنسو بھرا لہجہ اتنے عرصے بعد وہ کہیں جا رہی تھی۔۔۔

جسٹ گو ٹو ہوم۔ناو" وہ پھر سے چیخے۔۔

اوکے" وہ آنسو روکتی بولی اور ارمان نے فون پھینک دیا۔۔

مصیبت" وہ اپنی بیٹی کے لیے بولے تھے اور وجدان کیطرف دیکھا جو چپ چاپ انھیں مشکل میں محسوس کر کے۔۔ سکون میں تھا۔۔۔۔

تم پلیز پتہ نکلواو کہ کون ہے یہ اور کیا چاہتا ہے میری ایک میٹینگ فیکس کرا دو ہو سکتا ہے۔کوئی بات بن جائے" ارمان پریشانی سے بولی تو وجدان نے سر ہلایا ۔۔۔

میٹینگ بھی ہو گئی آپکی۔۔۔ مگر ابھی وقت نہیں آیا میٹینگ اٹینڈ کرنے کا چلتا ہوں" وہ کہہ کر باہر چلا گیا جبکہ ارمان کے سر تھام لیا۔۔۔۔ایک تو روشنی دن بدن انکی لیے مصیبت بنتی جا رہی تھیں اور وہ محسوس کر رہے تھے وہ اس زمہ داری کو سنبھالتے سمبھالتے اکتانے

لگے ہیں تبھی انھوں نے ڈسائیڈ کیا تھا اسکی شادی

کا۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کبھی بابا نے ایسے بات نہیں کی تھی کبھی اسے ڈانٹا تک نہیں تھا۔۔ اور آج بس زرا سا باہر جانے پر کیسے وہ گئے تھے اور جب ماسڑ اسکی حفاظت کے لیے تھے تو بابا کو کیا فخر تھی بابا نے ہی تو ماسٹر کو رکھ آیت۔۔ پھر کیوں ایسے رویہ لایا بابا نے وہ مسلسل رو رہی تھی۔۔۔ بیڈ پر الٹی لیٹی بس ارمان کے بارے میں سوچ رہی تھی کہ کب اسکی آنکھ لگ گئ۔۔

آنکھ کھلی تو

۔کوئ اسکے بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیر رہا تھا۔۔ا

سنے انکھیں کھولی اور ارمان کو دیکھ کر ایکدم منہ پھیر لیا۔۔۔۔

سوری میری جان میں نے تمھیں ڈانٹ دیا" وہ مسکرا کر بولے۔

آپ مجھ سے بات مت کریں" وہ بولی۔۔اور اٹھ کر بیٹھ گئ۔۔

بیٹا جب تک تمھاری سکیورٹی نہیں ہوتی میں کیسے تمھیں ہینگ آؤٹ کے لیے بھیج سکتا ہوں"وہ بولے تو سدا کی معصوم روشنی انکی آنکھوں کی اکتاہٹ کو محسوس کیے بنا سر ہلا گئ وہ ٹھیک ہی تو کہہ رہیے تھے کل رات بھی وہ شخص آیا تھا یہ تو ماسٹر نہ ہوتے تو وہ آج پھر سے تکلیف میں ہوتی۔۔

روشنی مسکرا دی تو ارمان بھی نارمل ہو گئے۔۔آنکھوں کی بیزاری بھی ختم ہو گئ۔

بابا" وہ انکے سینے پر سر رکھ کر بولی۔۔

ہاں بولو۔وہ جانتے تھے شاید وہ کوئی۔فرمائش کرے اور وہ اسکی فرمائش پوری کر دیں گے اس میں کوئی مزائقہ بھی نہیں۔۔

بابا مسٹر بہت اچھے ہیں" وہ کچھ شرماسی گئی۔

ارمان کی مسکراہٹ سمیٹ گئی۔۔

مطلب" وہ پھر سے سخت ہونے لگا۔۔

مطلب یہ کہ ماسٹر بہت پاور فل ہیں وہ ہر جگہ میرے ساتھ ہوئے ہیں مگر مجھے احساس نہیں ہونے دیتے اور کل رات"

کل رات کیا" وہ ایکدم روشنی کو سیدھا کر کے چیخے ۔۔اور انکا سیل بجنے لگا۔۔۔تو روشنی پر سے زہن ہٹ

گیا۔۔۔نمبر کو نوٹ کر کے کن انکھیوں سے روشنی کو دیکھا۔۔

بعد میں بات کروں گا اس موضوع پر" ارمان کہہ کر اٹھے۔۔اور تم کہیں پر نہیں جاؤ گی گھر سے" وہ بولے ۔۔روشنی انکے انداز دیکھتی رہ گئی وہ ہرٹ ہوئی تھی انکے رویے سے۔۔مرجھا سا گیا جیسے شاداب چہرہ۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

ارمان باہر نکل گئے اور روشنی یوں ہی بیٹھی رہ گئی۔۔۔

---

www.BestUrduBook.com

وہ گھر لوٹا تو آج کافی تھک گیا تھا تھک کر اسنے ۔۔۔کوٹ کو صوفے پر پھینک دیا اور خود ریلکس ہو کر صوفے پر گیرہ اشرف بھی ساتھ تھا۔۔

سر کیا میں جاؤں"

یار اشرف تمھیں کوئی تھکاوٹ اتارنے کے انتظامات نہیں۔ آتے کیا" وہ آنکھوں کو اشرف پر گھما کر بولا تھا اشرف سمجھ گیا تھا اسکی بات۔۔۔

سر آپ حکم کریں۔۔" وہ جلدی سے بولا۔۔۔

کوئی انتظام کرو۔۔ اس بے رنگ زندگی کا عادی نہیں ہے ماہر صاحب۔۔۔۔ وہ تو شوق رنگوں میں جیے گا۔۔۔ اور پھر نازک دل کو توڑ موڑ کر اپنے راستے پر چل دے گا

۔۔ خیر کوئی انتظام کرو۔" وہ بولا تو اشرف نے سر ہلایا۔۔۔

تبھی اسکا فون بجا۔۔ ٹیچر کا نمبر دیکھ کر چیڑ ہی گیا

۔۔

بلڈی اولڈ مین" اسنے فون اٹھایا۔۔

تمھیں روشنی سے ابھی ملنے جانا ہے اٹھو اور جاؤ" حکم

ہوا۔۔

ہوں روشنی" ماہر کو کہاں یاد تھا۔۔۔

دوسری طرف خاموشی چھا گئ۔۔۔۔

ارمان کی بیٹی" ماہر کو یاد آگئ۔۔

یار میں کیوں ملوں اس سائیکو سے۔۔ پہلے ہی

تھک چکا ہوں۔۔ فلحال میرا موڈ ریلکس ہونے کا ہے

۔۔"وہ بنا کچھ چھپائے بولا۔۔۔

میں نے تمھیں آرڈر دیا کہ تم اس لڑکی سے ابھی مل

رہے ہو۔"

ملنے کی وجہ وجہ بھی تو ہو گی" ماہر بھی چیٹی۔۔

بہت سٹرونگ وجہ ہے۔۔۔۔ سمجھے۔۔۔"

کیا سٹرونگ وجہ ہے۔۔۔۔

جب تمھارا باپ مارا تھا کتنے سال کے تھے" سختی سے

پوچھا گیا۔

سولہ" اسنے جواب دیا۔۔۔

تمھیں یاد ہے۔۔۔۔کچھ پیچھلا۔۔" وہ پوچھنے لگے۔۔

نہیں کیا یاد کرنے والا ہے کچھ۔۔۔"وہ تلخ ہوا۔۔۔۔

کبھی ٹھنڈے دماغ سے سوچنا شاید کچھ یاد آجائے"

مجھے سوچنا ہی نہیں مجھے بس یہ یاد ہے میرا باپ

۔۔۔مرا تھا بے قصور مارا گیا۔۔بے قصور میری

زندگی برباد کر دی بس میں اس شخص کو میں جان

سے مار دینا چاہتا ہوں میں اتنا یاد ہے اس سے

زیادہ مجھے کچھ یاد نہیں رکھنا۔۔"

وہ سختی سے ایک ایک لفظ پر زور دیتا بولا۔۔۔

تمھیں روشنی سے ملنا ہے باقی سب بعد کی باتیں ہے"

میں نہیں مل۔رہا۔۔صاف بات ہے۔۔کوئی

وجہ نہیں ہے مجھے کسی سائیکو سے ملنا ہے آپ

نے کہہ دیا اور میں مل۔لیا۔" وہ چیڑ کر غصے سے

بولا۔۔۔

مسٹر ماہر باپ کے قاتل تک پہنچنا چاہتے ہو"

وہ اب سختی پر اترے۔۔۔۔

ماہر سیدھا ہوا۔۔

آپ جانتے ہیں اسکو" وہ دھاڑا تھا۔۔

۔۔روشنی جانتی ہے"وہ بس اتنا ہی بولے۔

و

۔۔وواٹ" وہ بلکل نہیں سمجھ پا رہا تھا۔۔۔۔

کیسے "سوال کیا۔

خود ڈھونڈو گے تم"

مگر" ماہر یہ جال سمجھ نہیں پا رہا تھا۔

روشنی سے ملنے چلے جاؤ اسے تمھاری ضرورت ہے" وہ

اسکی پریشانیاں اور بے چینی سمجھتے ہوئے اب نرم لہجے

میں بولے۔۔

مگر میری ضرورت کیوں ہے اسے اسکا باپ مر

گیا ہے کیا" ماہر کو کچھ سمجھ نہیں ا رہا تھا۔۔۔

بے حد بحث کرتے ہو ماہر تم" وہ چیڑے۔

بحث کی بات بنا دیتے ہیں آپ۔۔۔ میں آپکے ضد کرنے پر چلا گیا تو دو تھپڑ مار کر اگلوا لوں گا" وہ اب الٹا چلنے لگا تھا۔

ماہر اگر اسے کوئی نقصان پہنچا تو اپنے باپ کے قاتل تک کبھی نہیں پہنچ پاؤ گے تم" دوسری طرف سے۔۔۔ گویا بے چینی سے کہا گیا۔۔

ماہر خاموش ہو گیا

وہ میری کچھ نہیں لگتی میں نہیں جاؤں گا" وہ ضد سے کہاں پیچھے ہٹنے والا تھا۔۔ بول کر اس سے پہلے وہ فون بند کرتا کہ ٹیچر کے الفاظ نے اسے وہیں جما دیا۔۔۔

نکاح میں ہے وہ تمھارے"

وہ ساکت رہ گیا انکے لفظوں پر۔

حیرانگی سے فون کو تکنے لگا۔۔۔۔

کچھ لمحے تو بولنے قابل نہیں رہا۔۔۔

اور پھر وہ قہقہ لگا کر ہنس پڑا۔۔۔

کیا کروانا چاہتے ہیں آپ مجھ سے" وہ ہنستا رہا۔۔۔۔

میں سچ کہہ رہا ہوں۔۔۔وہ تمھاری منکوحہ ہے۔۔اور اسکی ہر تکلیف۔۔۔ تم سے جڑی ہے وہ سیو نہیں ہے۔۔۔ تم اس تک پہنچو گے مطلب اپنے باپ کے قاتلوں تک پہنچے گے اگر تم نے اسے گنوا دیا۔۔ تو سمجھو کبھی نہیں پہنچ پاؤ گے۔۔ تمھارے ساری ٹریننگ اسکی سیکیورٹی کے لیے ہے۔اور وہ سائیکو نہیں ہے"

آخری لفظ پر لہجہ مدھم ہو گیا۔۔

اسکو کیا جا رہا ہے"

یہ کہہ کر فون بند ہو گیا۔۔

ماہر تو حونک بیٹھا تھا۔۔۔

یہ کیا تھا۔۔

کیا کیا انکشاف۔۔۔ تھا کب ہوا تھا اسکا نکاح۔۔

کب۔۔۔

یاد کرنے سے بھی یاد نہیں آیا۔۔۔

اسے گزشتہ رات یاد نہیں رہتی تھی کہاں دس

سال پہلے جو ہوا یاد رہتا۔۔۔۔

بس اسے تو باپ کا قتل اور بدلہ یاد تھا اسکے آگے

یہ پیچھے کچھ نہیں۔۔

طوطے سے اڑ گئے تھے ساری تھکاوٹ کھو گئی تھی۔

پریشانی۔۔ تجسس حیرانگی شاکڈ کی کیفیت میں۔۔

موبائل بھی ہاتھ سے چھوٹ کر نرم کالین میں دھنس گیا

۔اور وہ۔۔یوں ہی پر سوچ نظروں سے دیواروں کو تکتا رہ گیا

۔۔۔

[12/14/2022, 7:17 PM] Tania Tahir: نشہ کر کے بھی نشہ نہیں چڑھا تھا اور رات اسنے انکھوں میں کاٹ دی۔۔

یہ بکواس تھا" آخری نتیجہ یہ ہی نکالا تھا اسنے پہلی بار ٹیچر کو خود فون کیا تھا انھوں نے کال اٹینڈ کی۔۔۔

کیا پروف ہے آپکے پاس۔۔اس بات کا کہ وہ سائیکو میرے نکاح میں ہے" ۔۔

سائیکو

کہنا بند کرو میں بتا رہا ہوں کہ تمھیں وہ۔۔کچھ نہیں جانتی۔۔۔وہ بہت چھوٹی تھی بس تیرہ سال کی۔۔۔ اور جس طرح سے۔اسے انجیکٹ کیا جاتا رہا ہے اسکی یاداشت پر اثر بہت پڑا ہے

مجھے پروف دیں" وہ چیخا۔۔۔

دوسری طرف خاموشی چھا گئی۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔جاؤ ارمان کے پاس۔۔۔۔اسکا نکاح نامہ ہے۔۔نکلوالو اس سے"

کک۔۔۔کیا مطلب۔۔۔ارمان بھی جانتا ہے وہ میرے نکاح میں ہے" وہ حیران تھا شاکڈ تھا

۔۔۔۔

وہ صرف اس شخص کا نام جانتا ہے جس سے روشنی کا نکاح ہوا۔۔۔

یعنی روحان ماہر۔۔۔۔

روحان ماہر کون ہے یہ تو جانتے ہی ہو گے تم۔۔۔۔" وہ ایک پل کو خاموش ہوئے شاید وہ بولے کیونکہ پورا نام روحان ماہر اسی کا تھا۔۔۔۔

مگر وہ نہیں بولا۔۔۔۔

وہ صرف روحان کے بارے میں جانتا ہے۔۔۔

نہ اسنے اس شخص کو کبھی دیکھا ہے اور نہ وہ ملا۔۔۔"

مگر یہ کیسے ممکن ہے باپ ہے وہ روشنی کا اور

میرا نکاح ہوا ہے تو وہ میرا نام تک نہیں جانتا

میری شکل نہیں جانتا"

وہ جھنجھلا گیا۔۔۔۔

گھیرہ سانس دوسری طرف بھرا گیا تھا

۔۔

اگر میں کہوں وہ روشنی کا باپ نہیں"

واٹ" یہ ایک اور بم تھا جو اسکے سر پر پھٹا

تھا

۔۔

تمھارا سب سے اہم کام روشی کو۔۔۔بچانا ہے اسکی حفاظت کرنا ہے۔۔۔جاؤ ماہر۔۔۔وہ تمھاری منتظر ہے۔۔"

میں نہیں جاؤں گا میں مانتا ہی نہیں اس ساری کہانی کو"

میں سولہ سال کا تھا اور مجھے کچھ یاد نہیں" اسنے غصے سے شراب کی بوتل اٹھا کر دور پھینک دی"

دوسری طرف پھر سے وہی خاموشی چھا گئی۔۔۔

نہ مانو حقیقت مگر یہ ہی ہے۔۔اگر روشنی کو کچھ ہو گیا تو اس سب کے زمہ دار صرف تم ہو گے"

انھوں نے کہا اور فون بند کر دیا۔۔۔۔

ماہر کی جان پر بن گئی تھی۔۔

ایسا کیسے ممکن تھا مگر حقیقت تھی۔۔۔اسے کچھ یاد نہیں رہتا تھا۔۔۔۔

اور دوسری طرف روشنی کو بھی یاد نہیں یہاں کیا تماشہ تھا ارمان روشنی کا باپ نہیں یہ کیسے انکشاف تھے تو کون تھا روشنی کا باپ۔۔۔یہ کیسی گیم ہے کیا جال ہے

وہ منہ پر ہاتھ رکھے جیسے سوچ میں پڑ گیا مگر کوئی سرا اسے نہیں ملا تھا۔۔۔یہاں تک کے سوچتے سوچتے اتنا وقت گزر گیا کہ۔۔اشرف کمرے میں آگیا۔

سوری سر آپ باہر نہیں آئے تو میں آگیا میں نے دروازہ بھی کئی بار بجایا تھا" اسنے صفائی دی۔۔

ٹھیک ہے ارہا ہوں میں" ماہر نے کہا اور اشرف جانے لگا کہ روکا سر۔۔آپ نے کہا تھا کوئی

انتظام کروں انتظام کر دیا ہے۔۔ سر۔۔۔ کچھ دیر میں وہ آتی ہو گی آپ مل لیں اس سے" اسنے کہا تو ماہر نے سر ہلایا سوچنے سمجھنے کی ساری طاقت ختم ہو گئ تھی فلحال وہ اٹھا اور شاور لینے چلا گیا جیسے ہی وہ ایا فریش ہو کر وہ باہر نکلا اور افس اس سے پہلے جاتا ناشتہ کرتے ہوئے ایک خوبصورت سی لڑکی ااسکے پاس ائ اور اسکے ساتھ بیٹھ گئ ماہر یہ بے تکلفی دیکھنے لگا

ہیلو میرا نام سیلہ ہے" اسنے کہا اور ہاتھ اگے بڑھایا ماہر ارام سے کھاتے ہوے اسے اوپر سے نیچے تک دیکھنے لگا لڑکی مسکرا دی

فلحال میں مصروف ہوں رات کو انا اسنے کہا اور سلہ ہنس پڑی خیر اشرف نے اپکی راتوں کے لیے ہی رکھا ہے اوکے مجھے میرا کمرہ بتا دیں وہ بولی

تم یہاں رہو گی "ماہج نے اشرف کو گھورا

سر ایکچلی "اشرف بولتا کہ وہ اٹھ گیا

کمرہ نیچے کا دینا" اسنے کہا اور باہر چلا گیا سلہ

اسکے اٹیٹیوڈ پر ہی فدا ہو گئ تھی

ماہر افس ایا تو اسے پتہ چالا ارمان اسکا منتظر ہے

ارمان کے نام سے یاد ایا کہ ٹیچر نے کہا تھا اسے اسکی

ضرورت ہے اسنے اپنا زہن جھٹکا اور وہ روم میں اگیا

ارمان چیئر پر بٹھا اسکا منتظر تھا

کیسے ہو ماہر" وہ چاپلوسی سے بولا جبکہ ماہر کے انے پر وہ

نہیں اٹھا تھا ماہر نے بیچ میں ہی ٹوک دیا

سر" اسنے کہا اور ارمان کو احساس ہوا وہ اٹھا اور

ماہر کے بیٹھنے پر بیٹھا

ماہر نے اسکے ہاتھ سے فائل لی ارمان کی مسکراہٹ سیمٹ گئ

یہ روڈ اپ نے بنوایا تھا" وہ پوچھنے لگا

جی سر" ارمان بمشکل بولا تھا

تو کیوں یہ ٹوٹ گیا

سر ہماری عوام جنگلی قسم کی ہے یہ سب لگزریز بہت جلد خراب کر دیتی۔ہے

عوام پاگل نہیں ہے روڈ ہی پھاڑ دے وہ۔ گھڈے بن۔جائیں۔اور بیماریاں پیدا ہوں عوام خوش۔ہو۔ جب یہ۔درخواست اپ تک پہنچی تھی اپ نے اس پر عمل کیوں نہیں کیا۔اسپر ریایکشن کیوں نہیں لیا" ماہر نے اسے اڑے ہاتھوں لیا تھا

ارمان کچھ نہیں بولا دیکھیں مسٹر ارمان اپکو اپنا کام

مناسب انداز میں کرنا ہوگا ورنہ" وہ بولا

دھمکی دے رہے ہو۔مجھے" ارمان نے اسے گھورا کچھ ایسا ہی

سمجھ لیں

خیر جائیں اور یہ ورڈ ٹھیک کرائیں

یہاں سے لے کر یہاں تک گلیاں۔ بھی"

اسنے فائل اسکے ہاتھ میں دی ارمان ضبط کے گھونٹ

بھرتا اٹھ گیا

جبکہ۔ماہر پیچھے ٹیچر کی۔باتوں میں الجھا ہوا تھا

پورا دن گزر گیا تھا اسے گھر میں قید ہوئے۔وجہ۔وہ نہیں۔جانتی تھی اسے کیوں نہیں باہر جانے دے رہے

بلاخر وہ۔ہمت کر کے زبردستی گھر سے نکلی اور اسکی۔نرسز نے اسکی ہیلپ کی تھی

وہ رات کے اندھیرے میں ہوا کو محسوس کرتی رونق والے علاقے کیطرف آگئی کسی۔نے اسکے لبوں پر ٹھری مسکراہٹ اور اسے یہاں حیرت سے دیکھا تھا

اج ویسے بھی وہ اس تک پہنچتا تبھی اسنے اپنی جیب میں سے انجیکشن نکالا اور وہ اسکے نزدیک جانے لگا۔۔۔

ماہر افس سے نکلا تو بھوک بہت تھی وہ جیسے ہی فوڈ سٹریٹ پر ایا کراچی کی۔ اسے کچھ فاصلے پر روشنی تنہا کھڑی دیکھائی دی تھی ماتھے پر کچھ بل سے پڑے پورے دن سے وہ اسے سوچ رہا تھا

وہ اسکی بیوی تھی کیا یہ واقعی سچ تھا

وہ بس سوچ کر رہ جاتا

اور اب اسے سامنے دیکھ کر اسکے لاپرواہ حسن اور کسی۔ کو بھی ٹھٹکا دینے والے چہرے کے نقوش دیکھ کر وہ گاڑی سے نکلتا کہ۔ کالے لباس میں کوئی اونچا لمبا مرد اس کے نزدیک جا رہا تھا اسے کچھ اچھا احساس نہیں ہوا تبھی وہ دوڑ کر اس تک پہنچا کہ۔ اس مرد نے روشنی کی گردن پر ایک چیز ماری وہ جو مسکرا کر کھیلتے بچوں اور رونق کو دیکھ رہی تھی ایکدم. اسے لگا تیزاب سا اسکے اندر اتار دیا ہو

ماہر پاگلوں کیطرح بھاگا تھا

تمھیں مسکرانے کا کوئی حق نہیں" اسنے کہا تھا

روشنی کے سے ماہر بہت دور تھا وہ اسکے پاس ا

رہا۔تھا۔روشنی۔دیکھ۔رہی۔تھی۔اسے

اور درد کی شدت سے اسنے خود کو چلانے سے روکنے

میں اپنا نچلا ہونٹ زور سے دبا کر پھاڑ دیا

مگر تکلیف ایسی۔تھی۔کہ۔وہ۔چیخنے لگی لوگ

اسکی۔طرف متوجہ ہوئے اور وہ۔سیاہ لباس

والا وہاں سے ہٹنے سے پہلے ایک۔اخری بار اسکے کان۔پر

جھکا تھا

تمھاری چیخیں سکون دیتیں ہیں" اور وہ۔فرار ہو گیا

تڑپتی ہوئی روشی کے گرد لوگ۔جمع ہونے لگے

ماہر اس تک پہنچا اور روشی کے چیختے درد سے کراہتے وجود کو خود میں سمیٹ لیا

روشنی"". اسکا گال تھپتھپیا مگر اسے ہوش نہیں تھا وہ چیخ رہی۔ تھی

کیا یہ لڑکی پاگل ہے"

پانی" ماہر لوگوں کی باتیں اگنور کر کے چیخا ایک ادمی اپنی۔ ریڑھی۔ پر سے گلاس لے ایا

زیادہ"ماہر چیخا تبھی اشرف پیچھے سے ایا وہ پبلک۔ واشروم میں گیا تھا

اور اسنے ماہر کو پانی کی بالٹی دی ان چیخوں سے بچے سہم گئے تھے

لوگ بھی چپ چاپ اسے دیکھ۔ رہے تھے

پانی۔ ڈالتے ہی۔ اسکی چیخوں میں کمی اگئ

اور ماہر نے۔اسے گاڑی میں ڈالا اور بنا کسی اور جانب دیکھے وہ۔اسے ہوسپٹل لے گیا

یہ ایک بڑا ہوسپٹل تھا

ارمان اسے کبھی ہوسپٹل لے کر۔نہیں گیا تھا اور اج۔ماہر اسے لے ایا تھا وہ سن۔تھی انکھیں پھاڑے ماہر کو دیکھ۔رہی تھی مگر ریسپانس کوئ۔نہیں تھا ماہر نے اسے ایمرجینسی میں داخل کر دیا

دو گھنٹے شہر کے ڈی سی نے اس ہوسپٹل میں بیٹھ کر انتظار کیا تھا

ان دو گھنٹے ہر انے والی اہم کال کو اگنور کر دیا تھا

وہ بے صبری سے ڈاکٹر کا انتظار کر رہا تھا

ڈاکٹر دو گھنٹے بعد باہر نکلے

اور ماہر کو اپنے افس میں آنے کا کہا وہ جانتے تھے ماہر

کی پوسٹ کیا ہے

ماہر اشرف کو باہر کھڑا ہونے کا کہہ کر انکے پیچھے

گیا

تانیہ طاہر ناولز

وہ ٹھیک ہے" اسنے پوچھا

آپ کیا لگتے ہیں اسکے "ڈاکٹر نے سوال کیا

www.BestUrduBook.com

ماہر ایکدم چپ ہو گیا

شوو۔۔شوہر" کہتے ہوئے اسے عجیب سا بھی لگ رہا تھا

آپ اسکے شوہر ہیں اور یہ جانتے ہی نہیں اسکے

ساتھ مسلہ کیا ہے

وہ کہاں تک مینٹلی ڈیمیج ہو گئ ہے" ڈاکٹر زرا غصے سے

بولا

ہوا کیا ہے"ماہر نے بھی غصے سے پوچھا

جو زہر انکی بوڈی میں اتارا جا رہا ہے وہ اگر ایک ایک

بھی اور اسکو لگ گیا تو صرف اسکے بعد

آپکی بیوی کی موت ہے

جانتے ہیں وہ ایسیڈ کی کون سی قسم ہے وہ قسم جو آدمی کو نہ

موت کے قابل چھوڑتی نہ زندگی کے

جس طرح سے انکے جسم میں زہر کی مقدار ہے

اگر ایک ڈوز بھی اور دے دی گئ

وہ مر جائے گی

اسکی بوڈی اب اس قابل نہیں کوئ بھی زہر

برداشت کرے"ڈاکٹر بولا تو ماہر چپ رہ گیا

آپ اسکی ٹریٹمنٹ کریں" ماہر نے کہا

میں اسکی ٹریٹمنٹ کروں گا مگر وہ بچی اتنی پیاری ہے

آپ اسپر ایسا ظلم کیوں کر رہے ہیں میں اس بچی

کی حالت دیکھ کر آپ جانتے ہیں

میرے پورفیشن میں پہلی بار میری آنکھ میں

آنسو آئے ہیں"

میں پاگل ہوں اپنی بیوی کو انجیکٹ کروں گا" ماہر تو غصے سے

بھنایا

تو پھر آپ اتنے لاپرواہ ہی اپنی بیوی سے"

وہ چپ ہو گیا

ڈاکٹر اپ ٹریٹمنٹ شروع کریں"

میں اپکو بار بار کہہ رہا ہوں ایک اور ڈوز انکی جان لے

لے گی"ڈاکٹر بولا تو ماہر نے سر ہلایا

اور وہاں سے باہر آگیا

اس وقت ماہر روشنی کے بیڈ کے پاس کھڑا تھا دھان پان سا وجود ہوش و خرد سے بیگانہ تھا اسنے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرہ کیا واقعی یہ حقیقت ہے یہ میری بیوی ہے میرے نکاح میں ہے

وہ بس اتنا ہی سوچ رہا تھا کہ فون کی گھنٹی بھی اسنے بنا دیکھے کال اٹینڈ کر لی

کہاں ہے روشنی کیسی ہے وہ میں نے تمھیں کہا تھا نہ تم نے اسکی حفاظت کرنی ہے" دوسری

طرف سے غصے سے شعلے اگلتی آواز ابھری تو ماہر نے ایک پل کے لیے فون کان پر سے ہٹا کر دیکھا اپکو کیا ہو گیا ہے ایسے تڑپ رہے ہیں جیسے نہ جانے کیا ہو گیا ہو"

وہ مر جائے گی" اب کہ لہجہ سنبھلا ہوا تھا۔۔۔

نہیں مرے گی" ماہر نے روشنی کیطرف دیکھا تمھاری لاپرواہی اسے مار دے گی" دوسری طرف سے بتایا گیا

یہ میری زمہ داری نہیں اسکے باپ کی ہے اسکے باپ کو سوچنا چاہیے" ایک پل کو وہ پھر سے لاپرواہ ہو گیا

میں نے تمھیں بتایا ہے نہ تمھارے سوا اسکا اس دنیا میں کوئ نہیں" وہ پھر سے غصے سے بولے

آپ ہیں سنہ ہمدرد ایسا کرے اپ اکر اسکی

حفاظت کریں کافی اچھا ہو گا میں بھی اسی بھانے

اپکو دیکھ لوں گا" ماہر نے کہا د

دوسری طرف خاموشی چھا گئ

میں نے جو تمھارے لیے کیا تم اسکا احسان

اتار سکتے ہو" ماہر ایکدم بلکل خاموش ہو گیا

سرد آواز میں ایک بار پھر پوچھا

اتار سکتے ہو۔"

نہیں" بے ساختہ اسکے منہ سے نکلا۔

حقیقت تھی جب دنیا اسے اپنے قدموں میں رول

رہی تھی تب اسے ٹیچر سنہ سمبھالتے تو

۔۔شاید وہ سب گنوا دیتا اپنی عزت اپنی آبرو۔۔اپنی

زندگی

سب

میں مان لوں گا میرا تم پر کوئی احسان نہیں اگر تم مجھ سے وعدہ کرو گے اج ابھی کہ روشنی کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑو گے اور دوبارہ کبھی اسکے نزدیک کوئی پریشانی نہیں آئے گی" وہ بولے تو ماہر نے دانت بھینچے

آپ اپنا مقابلہ اس لڑکی سے کر رہے ہیں اس سائیکو لڑکی سے" وہ بھڑکا

میں تمھیں ہزار بار کہہ چکا ہوں وہ سائیکو نہیں ہے" وہ بھی بھڑکے

ماہر نے سر جھٹکا

وعدہ کرو۔" وہ بضد ہوئے

میں نہیں کروں گا میرا کوئی تعلق نہیں اس بات سے اور آپکا بھی نہیں ارمان خود اپنی بیٹی کو دیکھے گا" وہ بولا

میں نے تمھیں کتنی بار کہا ہے ارمان اسکا باپ نہیں اسکا ایک رشتہ ہے اور وہ تم ہو اسکے شوہر" وہ چلائے

ماہر نے ضبط سے مٹھیاں۔ بھینچی

وعدہ کرو مجھ سے اپنی آخری سانس تک روشنی کو پروٹیکٹ کرو گے" وہ بولے

ماہر خاموش رہا

مجھے بدلہ چاہیے روحان ماہر

اپنی اس محنت کا جو تم پر کی میں نے"

میرے لیے بھی آپ ہی ایک رشتہ تھے جو آج گنوا دیا

میں نے میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں اس لڑکی کا ساتھ کبھی نہیں چھوڑوں گا اور۔۔ آج سے آپ میرے کچھ نہیں لگتے" کہہ کر کھڑاک سے فون بند کر دیا

اسکی نظریں اب روشنی پر تھیں جو بے ہوش تھی

وہ

وہاں سے نکل گیا

جبکہ اشرف کو کہا کہ وہ سیکیورٹی بڑھا دے اس

روم کے باہر جبکہ خود وہ چلا گیا

[12/15/2022, 8:13 PM] Tania Tahir: ملازموں نے

ارمان کو بتایا کہ روشنی کیسے گھر سے بھاگی ہے اور

اسے گھر سے بھاگنے میں۔۔ان تینوں نے مدد کی

ہے ارمان نے غصے سے کھولتے ہوئے تینوں کے پاؤں

میں فائیر کر دیا۔۔۔۔

لے جاؤ ان منحوس کو اور ڈھونڈو اسے کہاں ہے وہ۔۔"

ارمان دھاڑا تو سب ملازم اسکی تلاش میں نکل

گئے اور انھیں ڈھونڈنے سے بھی روشنی کہیں نہیں ملی

۔۔۔۔جب وہ خالی ہاتھ لوٹے تو۔۔ارمان نے اپنا سارا

غصہ ملازموں پر اتارا۔۔۔اور سب کو بہت مارا پیٹا

اسنے وجدان کو کال کی۔۔روشنی کو وہ ہی ڈھونڈ سکتا تھا

روشنی کا ملنا بے حد ضروری تھا۔۔۔۔

وجدان نے کال رسیو کی۔۔اور ارمان نے اسے اپنے

پاس آنے کے لیے کہا

جس پر اسنے نفی کر دی۔۔

آج وہ خوش تھا کافی دنوں بعد اسنے روشنی کو انجیکٹ

کیا تھا وہ بھی بھرے بازار میں۔۔۔اور کس

طرح۔۔ارمان کی بے عزتی ہوئی تھی یہ ٹھیک کہا

جا سکتا ہے کہ دنیا بھر نے روشنی محترمہ کا

تماشہ دیکھا تھا وہ مطمئین تھا۔۔ تبھی اسنے ابھی انکار کر

کے صبح آنے کا کہا اور فون بند کر دیا۔۔

ارمان نے ساری رات فکر سے کھولتے ہوئے گزار دی۔۔

اور وہ دن نکلنے تک وجدان کا انتظار کرتا رہا مگر وجدان نہیں آیا تو۔۔۔اسے اپنے کام کے لیے نکلنا پڑا۔۔۔۔

وہ آفس پہنچا تو اب تک اسنے اس آرڈر پر عمل نہیں کیا تھا جو کہ۔۔ماہر نے جاری کیا تھا۔۔۔

ماہر کے اسیسٹنڈ کی کال آنے لگی۔۔ارمان کے اسیسٹنڈ نے کال اٹھائی۔۔۔اور اس نے پوچھا۔۔۔کہ کام شروع ہو گیا ہے۔سر نے کہا ہے انھیں اس بارے میں رپورٹ کیا جائے"

یہ لڑکا زبردستی جان بوجھ کر میرے پیچھے پڑ رہا ہے" ارمان غصے سے کھولتے ہوئے۔۔۔۔ٹیبل پر ہاتھ مار گیا۔۔۔

سر آپ تو جانتے ہیں آپ کیا ہے۔۔اس کو الٹا لٹکانے میں کتنی دیر لگے گی" اسیسٹنڈ نے کہا۔۔۔۔

ارمان کے کاموں سے وہ باخوبی واقف تھا۔۔۔

ابھی وقت نہیں۔۔۔ورنہ میں اسکو ضرور دیکھاتا

۔۔"ارمان نے کہا

اور اپنی فائلز اٹھا کر وہ۔۔خود اٹھا اور اپنی گاڑی تیار کرائی

آج اسے اس غریب بستی میں اترنا تھا۔۔۔

بہت مشکل تھا اسکے لیے

ماہر نے سب کی بورڈ میٹنگ کی تھی کچھ ارمان جیسے ٹھیرے

لوگ بھی شامل تھے۔۔اور کرپشن اتنی تھی کہ وہ۔۔۔

اپنا غصہ دبا کر رہ گیا وہ چیزوں کو بہتر طریقے پر

لانا چاہتا تھا۔۔۔

تبھی کول رہا۔۔اور اپنی حیثیت سے تو اچھے سے واقف تھا

بلکہ سب ہی جانتے تھے

اور اسپر اسکا وجاہت سے بھرپور چہرہ اور۔۔ کسرتی جسم سرد مہری۔۔۔ اکھڑ انداز۔۔۔ سب کچھ ۔۔۔۔ دوسروں کو اس سے فاصلہ بنائے رکھنے پر مجبور کر دیتا تھا۔۔ اسنے سب کو کام سمجھا دیا۔۔۔ اور وہاں سے اٹھ کر اپنے کیبن میں آ گیا ٹیچر کی کالز آ رہیں تھیں اسنے کال پیک نہیں کی۔۔۔۔ شاید اب ضروری نہیں تھا۔۔۔ تبھی اسنے اس سلسلے کو بند ہی رکھا۔۔۔ اور اپنا کام کرتا رہا

۔۔

اسنے کچھ علاقوں میں سروے کرنا تھا آج۔۔

وہ اپنے کیبن سے نکلا تو۔۔۔ پہلی بار اسے اس بیلڈنگ میں کوئی عورت روتی ہوئی چلاتی ہوئی نظر آئی وہ شہر کا ڈی سی تھا۔۔۔۔

اور بہت بڑی بات تھی ڈی سی کا کسی عام عورت کی جانب خود چل کر جانا وہ اسکیطرف بڑھا عورت بن پانی کی مچھلی کیطرح بلبلا رہی تھی ماہر کے پیچھے سیکیورٹی گارڈز اور نہ جانے کتنے لوگ تھے۔۔

ماہر نے اسکی جانب دیکھا۔

کیا ہوا ہے آپکو" اسنے پوچھا

سر ہم پتہ کر لیں گے آپ جائیں۔۔۔" ایک بولا

۔۔ تو اسنے گھور کر دیکھا وہ زبان دانتوں تلے دبا گیا۔۔۔

دوسری طرف عورت نے ماہر کو دیکھا۔۔۔۔۔

میرا بچہ صاحب میرے۔۔ میرے چھوٹے سے۔۔ بچے کے ٹکڑے کر کے پھینک دیے صاحب ۔۔۔۔ نہ جانے کون لوگ تھے۔۔ صاحب میرا

بچہ زندہ اتنی تکلیف سہتا رہا ظالموں کو۔۔۔زرا ترس نہیں آیا۔۔۔۔۔

صاحب۔۔۔۔۔میرا بچہ" وہ زمین پر بیٹھتی چلی گئ۔۔

ماہر کے تلوں میں لگی سر پر بجھی تھی۔۔۔

مجھے انصاف چاہیے مجھے اس ظالم کے جسم کے اتنے حصے کرنے ہیں مجھے انصاف چاہیے" وہ عورت چلانے لگی پاگلوں کیطرح۔۔

ماہر ایڑیوں کے بل گھوما تھا۔۔۔۔۔

اسنے سب کو ایسی نظروں سے دیکھا کہ۔۔۔سب سر جھکا گئے۔۔۔

انکوائری ڈیپارٹمنٹ اور پولیس ڈیپارٹمنٹ کی بورڈ میٹنگ اناونس کرو۔۔۔جتنے ضلعوں کے تھانوں کے ایس

ایچ او ہیں وہ سب اس میں شامل ہوں" وہ مظبوط آوازیں۔۔۔۔۔دھاڑ اٹھا۔۔۔اسکے پیچھے کھڑے لوگ حرکت میں آئے۔۔

جبکہ ماہر نے اس عورت کی جانب دیکھا۔۔۔ میرا بچہ" وہ تڑپ رہی تھی۔۔وہ اسکے نزدیک نیچے ۔۔۔بیٹھا۔۔۔۔

اسکے گارڈز آگے بڑھے مگر رک گئے۔۔۔۔۔

کس نے کیا ہے یہ سب" ماہر نے عورت سے پوچھا۔۔۔

صاحب۔۔۔۔تھانے میں مختلف علاقوں نے رپورٹ لکھوائی تھی کہ انکے بچے اغواء ہو رہے ہیں یہاں تک کے پورے شہر میں۔۔مگر پولیس والوں کے کچھ نہیں کیا۔۔اور میرا بچہ بھینٹ چڑھ گیا

۔۔۔۔۔میرا بچے کے معصوم جسم سے۔۔ساری چیزیں نکال لی۔۔۔۔

وہ پھر سے تڑپ اٹھی۔۔ماہر نے۔۔۔۔۔اپنی آنکھیں سختی سے بند کر کے کھولی۔۔۔۔

صرف ایک ہفتہ دیں مجھے۔۔ایک ہفتے میں اگر آپکے بچے کا قاتل سامنے نہ آئے۔۔تو آکر یہیں میرا گریبان پکڑ لیجیے گا" ماہر بول کر اٹھا عورت نے اسکیطرف دیکھا۔۔۔جبکہ ماہر آگے بڑھ گیا اسکا چہرہ سرخ تھا اکشروہ۔۔۔کسی کے قتل ہونے کی خبر پر اسیطرح۔۔ہو جاتا تھا۔۔۔کیونکہ اسکا باپ بھی اسی چیز کا ویکٹم تھا۔۔۔۔۔

وہ اپنی گاڑی میں بیٹھا اشرف نے گاڑی چلانے کی بات کی مگر اسنے سر نفی میں ہلایا اور۔۔۔پانچ بجے

بورڈ میٹینگ سیٹ کر کے وہ۔۔۔کچھ دیر کے لیے ہو سپیٹل کے لیے نکل گیا۔۔

ارمان کے کیبن میں وجدان داخل ہوا۔۔اور سامنے چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا۔۔۔

روشنی گھر سے بھاگ گئی تھی غائب ہو گئی ہے ۔۔۔۔" ارمان نے اسے بتایا چہرے پر اسکے غصہ ناگواری اور۔۔۔۔فکر بھی تھی۔۔۔۔

تو پھر آپکی بیٹی ہے میرا کیا عمل دخل ہے" اسنے لاپرواہی سے کہا۔۔۔۔

میں چاہتا ہوں تم اسے ڈھونڈو تم میرے بھروسے کے آدمی ہو" ارمان نے دھیمی آواز میں کہا

وجدان نے پیسوں کی ڈیمانڈ رکھی۔۔ کہ اس کام کے وہ اتنے پیسے لے گا اور ارمان نے بھی مان لی۔۔۔۔ وجدان مسکرا کر اٹھ گیا۔۔۔

وہ جانتا تھا روشنی ماہر کے پاس ہے۔۔

کیوں اب اسکا جواب۔۔ اسے نکلوانا تھا ہاں یہ مشکل تھا ماہر کے پاس۔۔ ہوتے ہوئے اسے۔۔۔ انجیکٹ کرنا مگر یہ کام تو شاید اسکی موت تک نہ رکے۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز
www.BestUrduBook.com

ہسپیٹل کے کوریڈور سے گزرا تو اسکے پیچھے گارڈز تھے۔۔ اسنے گارڈز کو باہر رکنے کا کہا اور۔۔ خود اندر کمرے میں داخل ہوا۔۔ تو وہ اب بھی سو رہی تھی۔۔۔

اسنے ڈاکٹر کیطرف دیکھا۔۔۔

"یہ اٹھ جائیں گی آپ فکر نہ کریں

مجھے فکر نہیں ہے البتہ آپکی قابلیت عجیب لگ

رہی ہے۔۔ کتنی دیر میں ہوش آئے گا۔۔۔"

"تو سوری سر مگر وہ سو رہیں ہیں۔۔۔

ڈاکٹر وہ اٹھ رہیں ہیں" نرس بولی۔۔۔۔ تو ماہر نے ان

سب کو وہاں سے چلے جانے کا کہا۔۔

"ڈاکٹر نے کچھ کہنا چاہا کہ ماہر نے۔۔۔ مگر سر

اسکو گھور کر دیکھا اور وہ سر ہلا کر باہر نکل گیا۔۔

روشنی کو ہوش آیا تو ایکدم اسکے سر کے پیچھے درد کی

شدید لہریں اٹھیں اسکے ہاتھ پاؤں سن ہو گئے تھے۔۔

اسنے آنکھوں کی پتلیوں کو حرکت دی تو نظر

ماسٹر پر پڑی۔۔۔۔

اسے یہ خواب لگا۔۔۔ سن ہاتھوں میں جان سی بھر گئ۔۔۔۔۔

ماہر یوں ہی دور کھڑا دیکھتا رہا۔۔۔۔

ماسٹر" وہ مدھم آواز میں بولی

ماہر۔۔۔ میرا نام ماہر ہے۔۔۔۔" ماہر نے سرد مہری سے کہا۔۔۔

تو روشنی نے اٹھنے کی کوشش کی ہسپتال کے کمرے کو دیکھ کر۔۔وہ کچھ حیران ہوئ اتنی تکلیف سہنے کے باوجود کبھی بابا اسے ہسپیٹل نہیں لے کر جاتے تھے ڈاکٹر گھر پر ہی آتا تھا وہ ہا سپیٹل پہلی بار آئ تھی۔۔۔

تم ٹھیک ہو زندہ ہو کومے میں نہیں تھی۔۔۔ تو ایسے چیزوں کو مت دیکھو" ماہر چیئر کھینچ کر اسکے پاس بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

روشنی کو اسکا روڈ رویہ اداس کر گیا۔۔۔۔

وہ چوری چوری نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔

ادھر میری طرف دیکھو" اسنے کہا۔۔ تو

روشنی نے تھوڑا سا سر اٹھا کر اسکیطرف دیکھا

۔۔ماہر کو حیرت ہوئی وہ روکس بات پر رہی تھی۔۔

زیادہ درد ہو رہا ہے" اسنے بس یہ ہی انداز الگایا۔۔۔

نہیں" روشنی بولی منہ پھلتا جا رہا تھا خفگی سے وہ

تو اسکی ادائیں دیکھ کر ہی حیران ہو گیا۔۔۔اور اسے کس

بات پر ادائیں دیکھا رہی تھی وہ۔۔۔

تو منہ کیوں پھلا رہی ہو" وہ بھڑکا۔۔۔۔

روشنی نے اسکی جانب گھبرا کر دیکھا۔۔۔

اب اب نہیں پھلاتی" اسنے کہا اور پھر

سر جھکا لیا۔۔۔

گھر سے کیوں نکلی" ماہر نے پوچھا۔۔۔

ماسٹر بابا نے مجھے گھر پر بند کر دیا تھا" وہ بتانے لگی

گویا شکایت لگا رہی ہو۔۔۔

جب میں کہہ رہا ہوں میرا نام ماہر ہے تو یہ

ماسٹر کہاں سے پیدا ہو گیا" ماہر زچ ہو کر بولا۔۔۔۔

روشنی کا سر پھر سے جھک گیا۔۔ماہر سہی زچ ہوا

تھا۔۔۔۔

کیوں بند کیا تھا" اسنے ماسٹر پر ہی اکتفا کر لیا۔۔۔

آخر وہ واقعی اسکا ماسٹر بن جاتا تو۔۔ شاید یہ

لڑکی اگلا سانس بھی نہ لے پاتی

۔

سیلی گرل لفظوں کے مطلب نہیں جانتی تھی۔۔۔اور بول

رہی تھی۔۔۔

پتہ نہیں" اسنے کہا۔۔۔

ہمم" ماہر نے ہنکارہ بھرا۔۔۔۔۔

اب مجھے بابا کے پاس جانا ہے" روشنی نے خود پر سے سفید چادر ہٹائی

ماہر نے اسکو گھور کر دیکھا۔۔

کون سے بابا اور یہ کیا کسی چھوٹے بچے کیطرح بابا بابا لگایا ہوا ہے۔۔یو ہیوون مسین ان یور لائف۔۔۔اینڈ ہی از یور ماسٹر۔۔۔یور اونر۔۔۔۔تم وہ کرو گی جو میں کہوں گا ۔۔۔سمجھ گئی ہو" اسنے اسکی پھیلتی آنکھوں میں تفصیل سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ن۔۔۔نہیں مجھے میرے بابا کے پاس جانا ہے" وہ جلدی سے بولی

چہرے پر تفخر کی لکیریں تھیں

۔۔ میں بیبی گرل کو اسکے بابا تک پہنچاؤ گا مگر سپنوں میں۔۔ اب اٹھو اور چلو گھر"

نہیں۔۔۔ مجھے نہیں جانا آپکے ساتھ میرے بابا پریشان ہوں گے" ماہر نے اسکا ہاتھ جکڑ لیا۔۔۔

روشنی اسکے ہاتھ پر تھپڑ مارنے لگی

۔۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

یو ہیٹ یور ماسٹر۔۔۔ بیبی گرل۔۔ آئی تھینک یو وانٹ پنیشمنٹ" وہ آنکھیں نکالتا کہہ گیا جبکہ اسے تو سمجھ نہیں آئی یہ کیا منتق ہے۔۔۔۔

جبکہ ماہر کچھ سوچ چکا تھا۔۔۔۔

روتی چیختی روشنی کو ماہر نے گاڑی میں پٹخا اور لوک کر دیا۔۔ اسنے بہت نکلنے کی کوشش کی مگر بے سود اور ماہر

دوسری طرف سے بیٹھ کر گاڑی میں۔۔۔ گھر

کی جانب بڑھا۔۔۔۔

اسکے پیچھے گارڈز کے دو ڈالے تھے۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

سارے راستے روشنی روتی ہوئی آئی تھی جبکہ ماہر نے

اسکے رونے کو گھاس بھی نہیں ڈالی تھی وہ من مانی کرتا

اسے اپنے ساتھ لے آیا تھا۔۔۔

ماسٹر آپ ایسا نہیں کر سکتے۔۔ آپکو بابا نے یہ

سب کرنے کو کہا ہے" وہ اسکی طرف دیکھتی

پوچھنے لگی۔۔

تمھارے باپ سے میرا کیا تعلق ہے" اسنے صاف انکار کیا۔۔

مطلب" وہ نہ سمجھی سے اسکو دیکھنے لگی۔۔۔ماہر کچھ بولتا کہ گاڑی روک دی۔۔۔۔۔

روشنی کا دل بری طرح گھبرا رہا تھا۔۔۔۔

ماہر نے اسے گاڑی سے باہر نکلنے کا کہا اور روشنی ضد کر کے اندر بیٹھ گئ۔۔۔

مجھے بابا کے پاس جانا ہے مجھے آپکے ساتھ نہیں رہنا بے حد برے ہیں آپ" وہ غصے سے بولی۔۔جبکہ چہرہ سرخ ہونے لگا۔۔

تم سیدھی طرح اتر رہی ہو یہ اٹھا کر لے جاؤں" وہ بھڑکا

مجھے اترنا ہی نہیں۔۔۔۔" وہ رو دینے کو ہوئی۔۔اور ماہر نے جھک کر زبردستی اور اپنے بازوؤں میں اٹھا لیا۔۔۔

روشنی چلانے لگی

ماہر نے ہاتھوں کی گرفت جھٹکا دے کر سخت کر لی جبکہ گھور کر اسکو دیکھا۔۔

آواز نہ نکلے اب" وہ سختی سے بولا۔۔روشنی مدھم مدھم سسکنے لگی وہ اسے اندر لے آیا۔۔اور

۔۔صوفے پر پھینکا۔۔۔۔

اشرف بھی جلدی سے اندر آ گیا۔۔روشنی تو جلدی سے سمٹ گئی ماہر نے اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرہ اور اشرف کیطرف دیکھا۔۔۔

میرے کھانے کا انتظام کرو" وہ بولا اور وہاں سے ہٹتا کے شور کی آواز سن کر صلہ کمرے سے باہر نکلی ماہر کی

نظر اسپر پڑی۔۔اور اسنے پلٹ کر روشنی کو دیکھا وہ آنکھیں پھاڑے صلہ کو دیکھ رہی تھی جو۔۔پتلی سی نائٹ سوٹ میں تھی شور کی آواز پر۔۔ناگواری سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

ماہر نے گھیرہ سانس بھرا اور اوپر جانے لگا۔۔

روشنی کو یہ جگہ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی وہ ایکدم اٹھ کر۔۔وہاں سے باہر بھاگنے لگی۔۔کہ ماہر کو احساس ہو گیا۔۔اسنے۔۔چار سٹیپ پر سے جمپ کی اور اسکے پیچھے بھاگا روشی دروازے سے باہر نکلتی کہ ماہر نے جکڑ کر اسے اندر کیا۔۔

گھٹیا انسان چھوڑو مجھے۔۔۔" روشنی اسے مارنے لگی۔۔۔

شیٹ اپ " ماہر غصے سے بولا۔۔

یو شیٹ اپ " وہ پھر سے رو پڑی

۔۔مجھے میرے گھر جانا ہے مجھے یہاں نہیں رہنا

"۔۔

تمھاری قسمت بری ہے تمھیں ساری زندگی میرے

ساتھ رہنا ہے اب اپنی چونچ بند کرو ورنہ برا ہو گا

تمھارے ساتھ" وہ اسکی آنکھوں میں گھور کر دیکھتا بولا

جن میں بڑے بڑے آنسو تھے۔۔۔

ماسٹر چھوڑیں مجھے" ماہر اسے اندر لے جانے لگا کہ اسنے

۔۔ پلر پکڑ لیا اور اپنا ہاتھ اس سے چھڑوانے کی تگ

ودو میں لگ گئ۔۔

ماہر زیچ ہی ہو گیا اسنے اسے اٹھایا اور کندھے پر ڈال

لیا۔

دھان پان سی تو تھی وزن بھی محسوس نہیں ہوا جبکہ

اچانک روشنی کو احساس ہوا اسکی انرجی ساری

ڈاؤن ہو چکی ہے

وہ احتجاج کرنا چاہتی تھی مگر کر نہیں سکی۔۔ماہر اسے اپنے روم میں لے گیا صلہ نیچے سے یہ منظر دیکھنے لگی۔۔ چبھتی آنکھوں سے۔۔وہ بے جان سی ہوتی روشی کو دیکھتی گئ۔۔اسنے کل سے اب تک میں اسے اپنے روم تک آنے نہیں دیا تھا وہ تو منتظر تھی کب وہ بلائیں گا اسکو اور وہ کب اس حسین شخص کے نزدیک جائے گی۔۔مگر اس انجان لڑکی کو وہ کمرے میں لے گیا تھا۔۔اپنے آپ ہی روشنی سے نفرت سی ہونے لگی

,ماہر نے اسکو بستر پر لیٹایا جو پسینے میں ایکدم ڈوبتی نڈھال سی ہو گئ تھی چہرہ بھی پیلا پڑ گیا تھا۔۔

تم ٹھیک ہو" اسنے نرمی سے اسکے گال پر ہاتھ رکھا۔۔۔

اور پیشانی پر سے پسینہ صاف کیا۔۔۔

ماسٹر" وہ گھیری گھیری سانس بھرتی اسے پکارنے لگی۔۔۔۔

وہ سمجھ نہیں سکا اس پکار پر کیوں کانوں کے ساتھ ساتھ جسم کا انگ انگ متوجہ ہو گیا۔۔۔۔

بابا کے پاس جانا ہے" وہ رونے لگی۔۔۔۔

جبکہ ماہر نے۔۔۔ بھڑک کر اسکو دیکھا۔۔۔

بات سنو میری میرے ساتھ رہو گی اب تم اور میں مزید کوئ بھی بات یہ تماشہ برداشت نہیں کروں گا"

میں کیوں رہو گی آپ کے ساتھ" وہ اسے دور دھکیلتی اٹھی۔۔

بیکوز ایم یور ماسٹر" وہ اسے اسی کی بات میں پھنسانے لگا

کیا مطلب وہ تو آپکا نیم ہے۔۔۔" وہ معصوم تھی یہ بن رہی تھی ماہر اسے توجہ سے دیکھنے لگا۔۔۔

بے حد خوبصورت نین نقش اور انپر۔۔۔ڈرا سہما معصوم انداز اور کھڑے کھڑے جیسے اسے ماسٹر کی بات یاد آئی۔۔ کہ وہ اسکے نکاح میں ہے۔۔۔۔

اسنے نظر چرائی تھی اس سے اور واشروم میں چلا گیا۔۔

روشنی البتہ ایک بار پھر سے اٹھ کر بھاگنے کی کوشش کرنا چاہتی تھی مگر چکرا کر وہ بیڈ پر ہی گیری ۔۔اسے اپنا آپ بہت کمزور محسوس ہو رہا تھا۔۔

[12/18/2022, 3:22 PM] Tania Tahir: وہ دو دن سے مسلسل رو رہی تھی سمجھ نہیں آ رہا تھا ایسا کیا کرے جو بابا کے پاس چلی جائے۔۔۔اسنے کبھی سوچا نہیں تھا ماسٹر اس کے ساتھ ایسا کریں گے

رو رو کر اسنے آنکھیں سجا لیں تھیں۔۔۔۔

جبکہ آنکھیں اور بھی حسین ہو گئیں تھیں۔۔ماہر اس روم میں اس دن کے بعد نہیں آیا تھا۔۔ہاں البتہ ایک بزرگ خاتون اسے کھانا دینے ضرور آتی تھیں۔۔۔جن کو پہلے پہلے تو اسنے انکار کیا مگر بھوک سے آخر کب۔۔۔وہ بچ سکتی تھی تبھی

۔۔اسنے کھانا کھا لیا تھا۔۔مگر اسکے دماغ میں اب بھی تھا کہ یہاں سے کیسے بھاگنا ہے۔۔۔اور شام میں جب وہ اٹھی تو فریش ہو کر۔۔۔اسنے

الماری کھولی۔۔اور ماہر کے کپڑے دیکھے۔۔وہ شرٹس ٹراوزر تھیں جبکہ بہت بڑی بڑی ۔۔وہ اپنے کپڑوں سے تھک چکی تھی تبھی ماہر کی وائٹ شرٹ اور ایک جینز نکال لی۔۔۔وہ جانتی تھی اسے نہیں آنی۔۔۔مگر پھر بھی کچھ تو پہننا تھا اسنے شاور لیا تو خود کو ہلکا پھلکا محسوس کرنے لگی۔۔ گیلے بالوں کو ایسے ہی چھوڑ کر اسنے۔۔شرٹ ڈالی جو گھٹنوں تک آرہی تھی شرٹ۔۔اسنے پینٹ پہنی تو وہ بے حد کھلی تھی مگر اسنے اڈجیسٹ کر لی۔۔ اور نیچے سے ساری فولڈ کر کے۔۔وہ روم سے باہر آگئی اسکے کپڑوں میں وہ کافی کیوٹ لگ رہی تھی اور پھر پھولا پھولا فیس۔۔۔اور بھی پیارا لگ رہا تھا۔۔

وہ سیڑھیوں سے نیچے اتری۔۔آگے آتے بالوں کو کان کے پیچھے کر لیا۔۔۔

جبکہ۔۔۔سامنے کا دروازہ کھلا تھا۔۔۔

یہ بلکل درست وقت تھا وہ گھر پر نہیں تھا اور ۔۔۔وہ یہاں سے بھاگ سکتی تھی وہ جلدی سے بنا کچھ دیکھے سامنے بھاگنے لگی کہ۔۔۔کسی کے ہاتھ میں اسکی کلائی آ گئ۔۔وہ ایکدم رک گئ۔۔پلٹ کر پکڑنے والے کو دیکھا۔۔

صلہ نے اسکی کلائی پکڑی ہوئ تھی۔۔۔۔

کہاں بھاگ رہی ہو" وہ غصے سے اسے دیکھنے لگی۔

ہاتھ چھوڑو میرا" روشنی نے۔۔۔کہا اور اپنی کلائ کو جھٹکا دیا۔۔۔

مگر سامنے والی کی پکڑ زرا بھی عام سی نہیں تھی اسنے روشنی کو ایک جھٹکے سے کھینچا اور صوفے پر پھینکا

کہیں نہیں جا سکتی تم یہاں سے۔۔ویسے یہ میری خواہش نہیں ہے ماہر کی ہے جسے مجھے زبردستی پورا کرنا پڑ رہا ہے۔۔

اگر وہ مجھے نہ کہتا کہ تم پر نظر رکھو تو میں تمھیں سب سے پہلے

۔نکال باہر کرتی۔۔۔۔ماہر اتنا خوبصورت ہے اور اسکے ساتھ میں ہی جچتی ہوں نہ کہ تم دیکھو تو سہی خود کو" صلہ نے۔۔ نخوت سے اسکے لباس کو دیکھا تھا روشنی۔۔نے بال پیچھے جھٹکے۔۔

مجھے بابا کے پاس جانا ہے وہ غصے سے بولی۔

اوہ بیبی گرل۔۔۔تم اب۔۔۔۔ایک ہینڈسم آدمی کے گھر میں ہو یہ بابا وابا چھوڑو آپ گرو آپ چالڈ" وہ منہ بناتی بولی۔۔

میں کہہ رہی ہوں مجھے جانے دو ورنہ " روشنی نے ضبط سے اسکیطرف دیکھا

ورنہ " صلہ طنزیہ مسکرائی۔۔۔

جبکہ روشنی ایکدم اٹھ کر اسے بالوں میں لٹک گئی۔۔۔ دونوں مٹھیاں میں کس کے اسے اسکے بال جکڑ لیے تھے اور غصے سے کھینچنے لگی۔۔ کہا ہے نہ میں نے جانے دو مجھے۔۔" وہ اپنا سارا غصہ صلہ کے بالوں پر نکالنے لگی جبکہ۔۔۔ صلہ چیخیں مار رہی تھی چیخوں کی آواز سن کر۔۔ سب ملازم آ گئے روشنی کو اس سے دور کرنا چاہا مگر وہ تو۔۔ جیسے۔۔ چھوڑنا ہی نہیں چاہتی تھی صلہ نے بھی ہاتھ پاؤں مارے مگر روشنی نے پوری طاقت سے اسکے بالوں کو جھنجھوڑ دیا۔۔ جس کی وجہ سے صلہ جو نازک مزاج تھی رونے لگی۔۔۔

وہ تھکا ہوا گھر میں داخل ہوا تو گھر میں شور ہنگامہ سن کر

ایکدم سامنے دیکھنے لگا جہاں روشنی صلہ کے بالوں میں لٹکی ہوئی تھی صلہ چلا رہی تھی ملازم دور کھڑے تھے جبکہ وہ بزرگ خاتون روشنی کو ایسا نہ کرنے کا کہہ رہی تھی۔۔

ماہر کو غصہ آنے لگا اچھے بھرے سکون دہ گھر میں یہ کیا تماشہ لگ گیا تھا۔۔۔وہ۔۔۔ بھڑک کر۔۔ان دونوں تک پہنچا۔۔روشنی کو۔۔ ایک جھٹکے سے صلہ سے جدا کیا اور اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسنے ایک۔۔۔انچ جیسے اسے زمین پر سے اٹھا لیا۔۔۔

چھوڑیں مجھے میں اس چڑیل کے بال نوچ لوں گی مجھے بابا کے پاس جانا ہے اور مجھے جانے نہیں دے رہے" وہ

وہ زرا گھبراہٹ کو چھپاتی غصے سے بولی۔۔

اس میں کیا پرو بلم ہے" ماہر کو بکواس وجہ لگی تھی چیخنے کی۔۔ تبھی وہ دوبارہ لیٹ گیا۔۔جبکہ گاؤ تکیے کو ۔۔بانہوں میں قید کر لیا۔۔

آپکو یہ بڑی بات نہیں لگ رہی۔۔۔اور یہ ہم کہاں ہیں" وہ ارد گرد دیکھنے لگی۔۔۔جبکہ پریشان الگ تھی

ہم تمھارے باپ سے بھاگ رہے ہیں" وہ آنکھیں بند کیے ہی سچ بتا گیا

۔۔

کیوں" روشنی کو کچھ سمجھ نہیں آئی۔۔۔

کیوں کہ وہ جان چکا ہے تم میرے پاس ہو اور وہ میری عزت کی دھجیاں اڑانے میں مصروف ہے اور میں تمھیں صاف لفظوں میں کہتا ہوں۔۔اگر

اسنے زیادہ تماشہ لگا کر میری پوسٹ میری پوزیشن خراب کی تو۔۔ تم بھگتو گی" وہ گھور کر بولا۔۔۔۔

روشنی اسے آنکھیں کھولے دیکھنے لگی۔۔۔

ماسٹر کیا آپ مجھے بتائیں گے آپ مجھے اپنے ساتھ لیے کیوں پھیر رہے ہیں" روشنی سنجیدگی سے بولی۔۔۔

کیونکہ میں تمھارا ماسٹر ہوں" اسنے آنکھیں کھول کر اسکی جانب دیکھا۔۔۔

جتاتی نظریں تھیں روشنی اسکی آنکھوں کی معنی خیزی ان آنکھوں کا مفہوم سمجھنا چاہ رہی تھی مگر اسے ایک پرسنٹ بھی سمجھ نہیں آیا وہ اپنے اندر۔۔کے جزبوں سے نہ واقف تھی وہ کیسے یہ معنی خیز بات سمجھتی۔۔۔

میں جا رہی ہوں یہاں سے " روشنی زیادہ دیر۔۔۔
نہیں دیکھ سکی اسکی آنکھوں میں تبھی تپ کر بولی۔۔

ماہر نے اسے روکنے کی کوشش نہیں کی روشنی اٹھ کر
دروازے کی جانب بڑھی اور۔۔ لکڑی کا دروازہ جیسے ہی
اسنے کھولا۔۔۔ سامنے کا منظر دیکھ کر ایک لمحے کے لیے
وہ تھم گئ

باہر چاروجانب برف ہی برف تھی۔۔۔

اونچے اونچے درخت۔۔ کچھ خوفناک تھے مگر۔۔۔۔
ان سے لیپٹی سفید روی کی مانند برف بے حد حسین
لگ رہی تھی۔۔

جبکہ ارد گرد بھی بہت برف تھی۔۔ ماہر اندر سے یہ
منظر دیکھ رہا تھا۔۔

وہ اپنے آپ باہر چلنے لگی۔۔جبکہ جما دینے والی سرد ہوا کاٹیج کے اندر آ رہی تھی۔۔۔۔

ماہر نے نوٹ کیا اسے بخار تھا اور وہ اب بنا کچھ پہنے باہر نکل رہی تھی۔۔

روشنی باہر برف میں اتر چکی تھی۔۔ماہر اسکے خیال میں اٹھا۔۔۔۔

اور اسنے بیگ میں سے ایک اوور کوٹ نکالا جو کہ ماہر کا ہی تھا۔۔۔اور۔۔

اسکے پیچھے چل دیا۔۔۔

اچانک باہر پھر سے برف باری شروع ہو گئ۔۔

وہ برف میں کھڑی۔۔۔آسمان سے گرتے روئ کے گالوں کو ہاتھوں پر محسوس کرنے لگی دونوں ہاتھ پھیلائے۔۔وہ

اس برف باری کو مسکراتی نظروں مسکراتے لبوں سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

بچپن سے ایک عام لڑکی کیطرح اسکے دل میں یہ خواہش تھی کہ۔۔وہ برف باری دیکھے۔۔گڑیوں سے کھیلے ۔۔۔باہر گھومنے جائے۔۔۔۔

مگر بابا نے پہلے تو اسپر سخت پابندیاں لگائے رکھیں ۔۔اور پھر اسنے پھر نکلنا چھوڑ دیا۔۔

جب وہ نارمل تھی ہی نہیں تو اسکے دماغ میں عام انسانوں کیطرح کیسے خیال آتا۔۔۔۔

اسکا دل اُچاٹ ہو گیا تھا۔۔ہر وقت کی تکلیف میں رہ کر۔۔۔وہ خود کو مریضہ سمجھتی تھی۔۔۔۔

ماہر نے اسکے شانوں پر اپنا اوور کوٹ ڈالا۔۔

روشنی کی آنکھ کا زاویہ بدلا۔۔۔ماہر نے نوٹ کیا

اسکی آنکھوں میں عجیب احساس تھا جبکہ

چہرے پر ٹھنڈ کی وجہ سے پھیلنے والی سرخی بے

حد حسین ماہر نے اسکا رخ اپنی جانب کر لیا

۔۔۔۔۔جبکہ کوٹ کو شانوں پر لپیٹ دیا

آنکھوں میں ویرانی لیے۔۔۔نم سرخی لیے وہ۔۔۔ماہر کو

دیکھ رہی تھی اور دماغ کہیں اور تھا۔۔۔۔

ڈر لگ رہا ہے" وہ دونوں ہاتھوں میں اسکا چہرہ۔۔

بے حد احتیاط اور چاہت سے بھر کر پوچھنے لگے۔۔۔

وہ خود بھی نہیں جانتا تھا کہ روشنی کی آنکھوں میں

ڈر دیکھ کر۔۔وہ اسکے لیے بے چین کیوں ہو جاتا تھا۔۔

کیوں ایسا ہو جاتا تھا کہ۔۔۔وہ اسکی آنکھوں کی یہ

تکلیف۔۔۔ختم کر دے۔۔۔

روشنی نے۔۔۔سر اثبات میں ہلا دیا۔۔۔۔

جبکہ اپنے لبوں کو اسنے دانتوں تلے بے دردی سے کچلا

تھا۔۔۔۔

ماہر نے اسے خود میں چھپا لیا۔۔۔وہ نروس لگ

رہی تھی

روشنی کا یہ رویہ بھی ایک معمہ تھا۔۔

ارمان کے ساتھ رہتے ہوئے ایسا کیا ہوتا تھا جو وہ ایسا

بیہیو دیتی تھی۔۔۔۔

روشنی جو اندر اسکے قریب سونے پر غصہ کر رہی تھی

اب سب کچھ بھلائے وہ۔۔۔ماہر کے سینے سے کسی

چھوٹے بچے کیطرح لگی ہوئی تھی۔۔

اندر چلو" ماہر نے کہا

ن۔۔۔نہیں مجھے برف باری دیکھنی ہے" وہ یوں ہی اسکے

سینے سے لگی۔۔۔بولی

مگر تمھیں ڈر لگ رہا ہے" وہ کہنے لگا۔۔۔

نہیں۔۔مجھے برف باری سے ڈر نہیں لگتا۔۔ میں نے تو پہلی بار دیکھی ہے" وہ سر اٹھا کر بولی۔۔۔

ماہر کے لب مسکرا دیے۔۔۔۔اور اسنے آنکھیں گھما کر اسکی طرف دیکھا

تمھارا باپ ہے ہی غریب تمھیں۔۔۔ یہ برف باری نہیں دیکھا سکا۔۔" اسنے سر جھٹکا اور روشنی کی سرخ ہوتی ناک دیکھ کر اسنے۔۔اسے وہ کوٹ پہنایا ۔۔روشنی کو ایکدم شرمندگی کا احساس ہوا کیسے وہ اسکے سینے سے لگی ہوئی تھی۔۔۔۔

ماہر نے اسے کوٹ پہنایا۔۔۔اور دوبارہ اپنے قریب کرنا چاہا۔۔اچھا لگ رہا تھا اسکا اسکی کمر میں دونوں ہاتھ سختی سے ڈالے۔۔اور چہرہ اٹھا کر اس سے

باتیں کرتے ہوئے مگر روشنی دوبارہ اسکے نزدیک نہیں گئ۔۔۔۔

ماہر نے گھور کر اسکیطرف دیکھا مگر روشنی نے اپنا ہاتھ چھڑالیا۔۔وہ ارد گرد دیکھنے لگی۔۔۔

میری بہت خواہش تھی۔۔۔ماسٹر میں برف باری دیکھوں۔۔اپنی آنکھوں سے۔۔۔۔

مگر بابا کہیں باہر پہلے جانے نہیں دیتے تھے۔۔بس سکول اکیڈمی۔۔اور گھر وہ بھی بہت سارے گارڈز کے ساتھ۔۔اور پھر۔۔" وہ رک گئ

پھر "وہ پوچھنے لگا پوری طرح متوجہ تھا وہ اسی طرف

پھر میں سائیکو ہو گئ" وہ پھیکا سا ہنس دی۔۔

بچوں جیسی حرکتیں کرنے والی روشنی کے چہرے پر۔۔۔اتنی اداسی دیکھ کر آج اسے اپنے ان لفظوں پر شرمندگی ہوئی جو اسنے ٹیچر سے کہے تھے کہ وہ لڑکی سائیکو ہے۔۔۔

ماہر نے اسکا ہاتھ تھام لیا بے ساختہ۔۔آنکھوں میں عجیب احساس تھا جو روشنی کو شدت سے محسوس ہوا۔۔

تم سائیکو نہیں ہو اور جو تمھیں سائیکو بنانے کی کوشش کرے گا وہ اپنی جان سے ہاتھ دھوئے گا" وہ اسکی آنکھوں میں دیکھ کر جیسے اسے یقین دلا رہا تھا میرے ہوتے ہوئے اب تمھیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔۔۔

وہ بہت خطرناک ہے وہ آپکو بھی نقصان پہنچائے گا "روشنی زرا گھبرا کر بولی ماہر کے تو سر پر لگی تلوں میں جا بجی۔۔

تمھیں ابھی میری پاور کا اندازا نہیں۔۔۔ میں گارڈز اپنے ساتھ لیے اس لیے نہیں چلتا کہ مجھے پروٹیکشن کی ضرورت ہے میں نے بہت چھوٹی عمر میں خود کی حفاظت کرنا سیکھی ہے۔۔۔

اور اب تم مجھ سے جڑی ہو۔۔ تم میری ملکیت ہو ۔۔۔۔ تو۔۔

تمھیں کوئی نقصان پہنچا دے۔۔ ناممکن۔۔" وہ اسے جتاتی نظروں سے گھورتا بولا۔۔۔۔۔

روشنی کسمسائی اسکی گرفت اسکے شانوں پر کافی سخت تھی۔۔۔۔

چھوڑیں مجھے " وہ اس سے الگ ہونے کی کوشش کرنے لگی۔۔ ماہر نے اپنی ہنسی دبائی اور ایکدم اسے چھوڑا۔۔۔۔۔

تو وہ برف پر جا گیری۔۔۔

روشنی سٹپٹا گئی۔۔

اتنی ٹھنڈی برف اوپر سے ٹھنڈی ہوا اور بھوک کا

احساس الگ۔۔۔

اسنے برف اٹھا کر اسکے منہ پر ماری۔۔۔

ماہر نے تیوری چڑھائی

میرے بابا نے آپکو پکڑ لیا نہ اس دن پتہ چلے گا

آپکو۔۔۔ڈاکو کہیں کے" وہ اٹھتے ہوئے کپڑے جھاڑتی بولی

(گالی) تمھارا باپ ہے" ماہر نے تپ کر کہا۔۔۔کہ

نہ جانے ارمان کتنا کچھ بگاڑ چکا ہو گا۔۔۔

روشنی نے غصے سے اسکیطرف دیکھا۔۔

آپکو زرا بڑوں کا لحاظ نہیں ہے۔۔۔۔

وہ اسکے پیچھے بھاگی مگر برف میں پاؤں پھنسنے کے سبب گر گئ۔۔۔ماہر خود بہت دقت سے چل رہا تھا

۔۔۔

اسنے مڑ کر روشنی کو دیکھا جو جھنجھلائ ہوئ تھی۔۔۔۔

شانے آچکا کر بنا کسی مدد کے وہ وہاں سے اندر چلا گیا

۔۔۔

ایسا نہیں ہے مجھے بڑوں کا لحاظ نہیں ہے۔۔۔ میں بہت عزت کرتا ہوں بڑوں کی مگر۔۔۔۔نکارہ چال باز بڑوں کی نہیں" روشنی کو اندر آتا دیکھ وہ سکون سے بولا

۔۔۔جبکہ قدم کافی مشین کیطرف بڑھے۔۔۔۔

روشنی کچھ نہیں بولی۔۔

ماہر لبوں میں مسکان چھپائے اسکے لیے اور اپنے لیے کافی بنانے لگا۔۔۔

تبھی انکے کاٹیج کا دروازہ بجا جو روشنی ابھی بند کر چکی تھی

ماہر نے روشنی کیطرف دیکھا کہ وہ کھولے مگر اسنے ہری جھنڈی دیکھائی آگے سے منہ بنا کر بیٹھی تھی

--

ماہر سر نفی میں ہلا کر۔۔ دروازے کیطرف بڑھا

دروازہ کھولا۔۔۔

تو سامنے ملازم خاص تھا۔۔

سر اگر آپ فری ہیں تو پلیز یہ دیکھ لیں۔۔۔

آفیسرز کی کال ہے آپکے لیے۔۔۔۔

صبح سے" وہ بولا۔۔ تو۔۔۔ ماہر نے ایک نگاہ پیچھے دیکھا۔۔

روشنی انھیں کیطرف متوجہ تھی۔۔۔۔

لے آؤاندر" وہ اسے چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا۔۔۔

تبھی اسے اندر بلا لیا مسکرم اندر آ گیا۔۔۔

اور ماہر کو ٹیب کھول کر ویڈیوز دیکھانے لگا

آج صبح ہی ارمان نے ریڈ سکوائر تھی جبکہ میڈیا پر

۔۔اسنے بہت اچھال ڈال دیا تھا کہ ڈی ایس پی ماہر۔۔۔

اسکی بیٹی کو پہلے کیڈنیپ کر چکا تھا ہر اساں کر

کے۔۔۔اسکی عزت پر ہاتھ ڈالا۔۔۔

اور جب سب کو پتہ لگ گیا تو وہ اسکی بیٹی کو لے کر

بھاگ اٹھا تھا اسنے بہت سٹرونگ کیس

ماہر پر بنوایا تھا۔۔۔

جس کی پیشین بھی مسکرم کے بقول جلد ہونے والی تھی اور وہ

کوٹ میں لمبا گھسٹنے کا ارادہ رکھتا تھا کیونکہ ڈی ایس

پی کی پوزیشن پر آنا چاہتا تھا خود

تبھی وہ اتنا ہنگامہ مچا رہا تھا یہ بات تو ماہر جانتا تھا جب وہ روشنی کا باپ تھا ہی نہیں تو اسے روشنی سے غرض بھی کوئی نہیں تھی لیکن پھر بھی ایک بات تھی۔۔جو جیسے راز تھی۔۔۔۔اسکی پوزیشن خراب کرنے کے علاوہ بھی کچھ ایسا تھا جو وہ روشنی کو اپنی قید میں رکھنا چاہتا تھا۔۔۔۔

لیکن کیا یہ معمہ تھا۔۔

وہ نیوز دیکھتے ہوئے۔۔۔یہ سب سوچ رہا تھا۔۔۔

روشنی ایکدم اٹھ کر آئی اور مسکرم کے ہاتھ سے موبائل لے لیا۔۔

جہاں۔۔ماہر کے گھر کا منظر واضح تھا اور وہاں بابا کھڑے تھے۔۔بابا کی آنکھوں میں آنسوں دیکھ کر جیسے وہ تڑپ ہی اٹھی۔۔

بابا" اسکے منہ سے بے ساختہ نکلا جبکہ آنکھیں بھر ائیں۔۔۔

ماہر نے اس سے موبائل چھین لیا۔۔۔

وہ میری عزت کی دھجیاں بکھیر رہا ہے اور تم کمینے کے لیے۔۔رو رہی ہو" ماہر جیسے غصے سے بھڑکا ایک لمحے کے لیے اسے یہ بات پسند نہیں آئی کہ روشنی اس کے لیے رو

رہی ہے جو ایکچلی اسکا باپ ہے ہی نہیں مگر یہ بات ابھی بتانے کی نہیں تھی۔۔۔نہ جانے وہ اس بات کا اثر کیسے لیتی اور نہ چاہتے ہوئے بھی اسے اسکی فکر تھی۔۔

روشنی ڈبڈبائی نظروں سے اسکیطرف دیکھنے لگی۔۔

ماسٹر پلیز مجھے بابا کے پاس جانا ہے وہ رو رہے ہے"
وہ اسکے ہاتھ جکڑتی بولی ماہار کو محسوس ہوا اسکے ہاتھ بے
حد سرد ی تھے۔۔

میں تمھیں یہ بات آخری بار کہہ رہا ہوں دوبارہ
نہیں کہوں گا۔۔۔تم میری قید سے اپنی آخری
سانس تک رہا نہیں ہو سکتی" وہ بھڑک کر
اسکے ہاتھ جھٹکتے ہوئے بولا۔۔۔

اور زیادہ ٹرٹر کی تو ہاتھ پاؤں باندھ کر بیٹھا دوں گا" وہ انگلی اٹھا کر
وارن کرنے لگا۔۔۔
روشنی باقاعدہ رونے لگی۔۔

ماہر کی جبکہ کافی ہی حرام ہو گئی اسنے۔۔کافی یوں ہی چھوڑی
۔۔۔اور مکرم کے ساتھ باہر نکل گیا جبکہ پیچھے سے کاٹیج
کو لاک کرنا وہ نہیں بھولا تھا۔۔۔دوسری طرف
روشنی باپ کے آنسو دیکھ کر بری طرح رو پڑی۔۔۔

سر آگے کیا کرنا ہے" مکرم نے اسکیطرف دیکھا

اسنے کیس کرا دیا تھا۔۔۔۔

ماہر ماتھے پر بل ڈالے بیٹھا تھا۔۔۔۔

روشنی تو نہیں دینی میں نے" وہ سوچنے لگا۔۔۔

پھر اس پوزیشن سے کیسے نکلا جائے گا۔۔وہ جانتا تھا اسکے سوتیلے باپ کے تو دل میں ٹھنڈ پڑ گی ہو گی

ماہر کے متعلق یہ خبر سن کر۔۔

وہ اپنی پوزیشن بھی برباد نہیں کرنا چاہتا تھا تبھی اسے ایک پروپر پلین کی ضرورت تھی۔۔۔۔

اسکا سیل فون بجنے لگا وہ جانتا تھا کس کی کال ہے

وہ اس دن کے بعد سے انکی کال اٹینڈ نہیں کر رہا تھا

روشنی کو تھپڑ بھی اسی وجہ سے مارا تھا اسنے سیل

فون ایکطرف پٹخ دیا۔۔۔

دو دن بعد کی کانفرنس اناونس کر دو۔۔۔

اور اسکے علاوہ۔۔۔

مجھے اس ہوٹل کی سی سی ٹی وی فوٹیج چاہیے۔۔۔"

سر وہ تو نکلوالی تھی میں نے اسی دن۔۔۔بس چند

لوگوں کے موبائل کی بلر ویڈیو ہے۔۔میڈیا کے پاس اب

تک کوئی پروپر ویڈیو نہیں۔۔۔" مکرم کی بات سن کر

جیسے اسکا سانس بحال ہوا۔۔جو جیسے پھنس ہی گیا

تھا۔۔

پھر تو کوئی مسلہ ہی نہیں" وہ مسکرایا۔۔

پر اسراریت سے۔۔۔اسکے مقابلے آنے کی کوشش کر رہا تھا ارمان۔۔اور آگے بھی آتا تو وہ۔۔۔اسکی گردن دھڑ سے جدا کر دیتا مگر کبھی اسکے ہاتھ نہ لگتا اور نہ ہی دوبارہ روشنی کو اسکو دینے کا رزق لینا چاہتا تھا وہ۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز

[12/23/2022, 7:32 PM] Tania Tahir: کھانا کھاؤ

" وہ کافی دیر سے اسکے سامنے بیٹھا یہ بات بار بار دھرا رہا تھا۔۔۔

www.BestUrduBook.com

ایکطرح اپنے پیشنس کو آزما رہا تھا

نہیں کھانا مجھے۔۔۔لے جائیں یہ سب مجھے صرف میرے بابا کے ساتھ رہنا ہے کتنے ظالم ہیں

آپ۔۔۔۔ آپکو شرم نہیں آتی میری نظر میں
آپکی بہت اہمیت تھی مگر اب بلکل ختم ہو گئ ہے
آپ ایک کڈنیپر ہیں اور۔۔ جس دن بابا مجھ تک پہنچ
گئے۔۔ اپکے خلاف خود گواہی دوں گی کہ آپ نے مجھے
کڈنیپ کیا ہوا ہے" وہ آنسو صاف کرتی۔۔۔۔
ایک سانس میں جلدی جلدی بولی۔۔۔
ماہر نے گھیری نظروں سے اسکیطرف دیکھا
یعنی یہ لڑکی یوں قابو نہیں آنے والی تھی۔۔۔۔۔
تمھیں لگتا ہے تمھارے اتنا کچھ بولنے سے میری
صحت پر کوئ فرق پڑے گا" اسنے اسکی آنکھوں
میں دیکھتے۔۔ سخت لہجے میں پوچھا۔۔۔
روشنی کی انکھیں مزید بھیگ گئیں کیا ایمیج تھا
اسکا اسکی نظروں میں دل کیسے اسکیطرف دیکھ کر

گدگدا اٹھتا تھا اور درحقیقت یہ شخص کتنا برا نکلا ہے

--

بابا نے کیسے اسے اسکا ماسٹر بنا دیا اور وہ کیسے مان بھی گئ

وہ اپنی سوچوں میں گم ہو گئ کہ ماہر۔۔نے اسکی آنکھوں کے آگے چٹکی بجائ۔۔۔

کھانے کی ٹرے۔۔۔گارڈ کے ہاتھ میں دی اور اسے وہاں سے جانے کا کہا۔۔۔۔

روشنی کو بھوک تو بہت لگی تھی مگر اب کیا کیا جا سکتا تھا۔۔چڑیا جب کھیت چگ ہی گئ تھی

دل میں سوچا تھوڑی سی دیر بس اگر وہ اور کہتا تو وہ ۔۔غصہ کرتے کھا لیتی۔۔

یہ چلو اپنے ہاتھوں سے ہی کھلا دیتا تو وہ کھا لیتی

--

کھانے کیطرف اسکا گھورنا ماہر نوٹ کر چکا تھا

گارڈ وہاں سے چلا گیا۔۔روشنی نے گاؤ تکیہ اٹھا کر۔۔

پیٹ میں دبا لیا۔۔۔آنسو اب بھی نکل رہے تھے

اب بھوک سے تھی اسکی یہ حالت۔۔۔

گارڈ کے نکلتے ہی ماہر نے۔۔۔۔

اس سے گاؤ تکیہ کھینچ کر دور کیا

روشنی ایکدم حیران نظروں سے اسکیطرف دیکھنے لگی

ان نظروں میں حیرانگی ماہر کو بہت پسند آئی تھی

اور پھر گھبرا کر اسکا آنکھوں کو جھپکنا۔۔۔۔

ماہر کو اسکی معصومیت میں دلچسپی ہونے لگی تھی۔۔۔

آپ۔۔۔یہ آپ۔"

تو تم میرے خلاف کیا گواہی دو گی۔۔۔" ماہر نے اسکے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھ میں جکڑ لیے

۔۔۔

روشنی کو اسکے ہاتھوں کی سخت گرفت کسی ہتھکڑی کی طرح لگی جس سے چاہ کر بھی آزادی نہیں مل سکتی ماسٹر کی مرضی کے بنا۔۔۔

جبکہ ماہر کو ایک نظر دیکھا۔۔وہ وائٹ شرٹ اور بلیک پینٹ میں تھا۔۔۔

جبکہ بکھرے بال اور۔۔ شرٹ کا آگے سے کھلا گریبان وہ سٹپٹا کر نگاہ گھما گئ جبکہ اسکا وجیہ چہرہ بے حد سنجیدہ تھا۔۔۔

اسنے ہمت نہیں ہاری وہ کیا سمجھ رہا تھا وہ اس سے ڈر گئی ہے وہ ایسا سمجھ لیتا تو وہ لازمی اسکو ڈراتا۔۔۔۔

۔جی میں دوں گی آپکے خلاف گواہی۔۔۔۔

وہی پوچھ رہا ہوں کیا دو گی" وہ سنجیدگی سے اسکیطرف دیکھ رہا تھا۔۔۔

کہ آپ چور ہیں ڈاکوں ہیں" وہ اسکی قربت سے پہلے ہلکان ہو رہی تھی اور اوپر سے۔۔ماہر کے ہاتھوں کی سختی بڑھتی جا رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ زرا بھیگے لہجے میں بولی۔۔یہ تو دل ہی جانتا تھا کیسے ڈرا رہا تھا وہ اسے۔۔۔۔

اور تمھاری عزت لوٹی ہے میں نے جو تمھارے باپ نے کہا" وہ اسکے ہاتھ کو زور سے جھٹکا دیتا پوچھنے لگا۔۔۔

روشنی کی آنکھوں میں کچھ شرمندگی سی اتری۔۔۔

ع۔۔عزت عزت خراب تو کر دی ہے

سنہ۔۔۔ایک لڑکی کو اپنے ساتھ لے لے کر پھیر رہے

ہیں جس جس سے آپکا کوئی تعلق بھی نہیں" وہ۔۔۔

اس سے دوری بنانے کی کوشش کر رہی تھی مگر بس

ایک جھٹکا دینے سے وہ ماہر کے نزدیک آگئی تھی

نرم گدے پر جب کے وہ۔۔اسے دھنساتا جا رہا تھا۔۔

اسپر حاوی ہو کر۔۔جبکہ وہ۔۔۔۔زرا پریشان سی ہو گئی تھی

اب۔۔۔

اچھا تو تم جانتی ہو عزت خراب کرنا اور لوٹنے

میں کیا فرق ہے رائٹ" وہ بولا۔۔۔

ہاتھوں کو ایکدم ہی آزاد کر دیا۔۔ماہر کی انگلیوں کے نشان اسکی

گوری کلائیوں پر چھپ گئے تھے۔۔

آپ آپ مجھے ڈرا رہے ہیں" وہ دھیمے لاچار لہجے میں بولی۔۔۔

میں تمھاری عزت لوٹ کر تمھارے باپ کی بات سچ کر دینا چاہتا ہوں۔۔۔۔" وہ۔۔۔ایسے بولا جیسے عام بات ہو۔۔۔۔

روشنی بھک سے اڑی تھی اسنے آنکھیں پٹپٹا کر ماہر کیطرف دیکھا

کیا ہوا یقین نہیں ارہا۔۔۔

میں بھی سوچ رہا ہوں کیا فائدہ اتنی شرافت دیکھانے کا۔۔۔اپنا مقصد پورا کر ہی لیتا ہوں" وہ بولا اور اپنے پہلے سے کھلے گریبان سے جھانکتی گردن پر لوفرانہ طریقے سے ہاتھ پھیرنے لگا۔۔روشنی کا دم ہی نکل گیا تھا۔۔۔۔

مگر ماہر کے چہرے پر زرا جو۔۔۔ کسی اور بات کی رمق ہو

۔۔۔

آپ آپ ایسا نہیں کر سکتے" وہ سسکی

اور اسکے پاس سے اٹھ کر بھاگتی کے ماہر نے ٹانگ پکڑ کر

اسے اپنی طرف کھینچ لیا۔۔اور وہ ایکدم نرم گدے پر

گیری۔۔۔

اسکے سارے بال اسکے چہرے پر تھے۔۔۔جبکہ ماہر

۔۔۔کے بلکل نزدیک وہ گیری ہوئ تھی ماہر نے اسکے

چہرے پر سے بال ہٹائے۔۔۔آنکھوں میں سختی تھی جیسے

اسے یہ سب پسند نہ ارہا ہوں اسطرح روشنی کا

اسکے باپ سے محبت حالانکہ دیکھا جاتا تو یہ

جائز تھا اسکا حق تھا وہ اپنے باپ سے محبت کرتی

۔۔۔مگر ماہر کو اصلیت پتہ تھی اور وہ اسی بات کی بنا

پر اسے پرکھ رہا تھا۔۔۔

مگر یہاں معملہ کچھ اور بن گیا تھا۔۔۔

گھیری خاموشی میں وہ سہمی ہوئی لڑکی اسکے نزدیک

۔۔۔دونوں آنکھیں زور سے بند کیے۔۔۔۔پڑی۔۔ تھی۔

جبکہ اسکے چہرے پر گھبراہٹ کے آثار واضح تھے

۔۔

ماہر نے ایک نگاہ میں اسکی خوبصورتی کو سراہا تھا

۔۔۔

اسکے ہونٹ ضرورت سے زیادہ خوبصورت تھے۔۔۔۔

دور سے دیکھنے میں ہی نرمی کا احساس اٹھتا تھا۔۔۔

ماہر نے حق سے ہاتھ بڑھا کر انگوٹھے کی مدد سے۔۔۔اسکو

چھوا۔۔۔۔۔

روشنی نے پٹ سے آنکھیں کھول دیں۔۔۔

حیران حیران تاثر ماہر کو دلچسپ لگا۔۔۔

حقیقی حق سے تو وہ ہی واقف تھا جبکہ۔۔روشنی تو کچھ بھی نہیں جانتی تھی۔۔۔۔

وہ ایسا کچھ کرنا نہیں چاہتا تھا۔۔مگر سامنے وہ لڑکی اسکی دسترس میں تھی۔۔ماہر کا اسپر پورا حق تھا ۔۔اور جس حق پر چیڑ کر آج تک وہ ٹیچر سے بات نہیں کرتا تھا اب۔۔۔وہ اسی حق پر حق جتا رہا تھا۔۔۔

وہ آہستگی سے جھکا اور روشنی کی پھٹی پھٹی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا ۔۔۔۔

اسکے ہاتھ رکھنے سے روشنی کو جیسے۔۔۔عجیب سے سحر کا احساس اپنے ارد گرد ہوا جس کے بوجھ تلے وہ ایک لفظ لبوں سے آزاد نہیں کر سکی۔۔۔۔

اور جیسے ہی ماہر کے لمس کی حرارت نے روشنی کو چھوا۔۔۔

وہ بے ساختہ اسکے کالر کو سختی سے مٹھیوں میں بھینچ گئ

ماہر کے لمس میں نرمی تھی چاہت تھی۔۔۔۔

جیسے ایک خمار تھا۔۔۔۔

جو اس وقت دونوں کو قید کر چکا تھا۔۔۔۔

لمحے سرکتے جا رہے تھے۔۔۔۔۔دل کے دریچوں پر آتش

فشاں سا پھٹا تھا۔۔

دھڑکنوں کے بے ہنگم شور نے۔۔ساری صلاحیتیں

ماوف کر دی تھی۔۔۔

جیسے۔۔۔۔یہ لمس۔۔۔۔گدگدا رہا تھا۔۔۔اور جب

وقت۔۔نے منہ موڑ لیا تاخیر پڑنے لگی۔۔۔۔

روشنی سٹپٹا اٹھی۔۔۔۔

ایکدم ماہر کی ہتھیلی کے نیچے آنکھیں پٹ سے کھول دیں

وہ اس لمس پر بھیگ سی گئی تھی۔۔گال پر پسینے کی بوند۔۔

گردن تک کا سفر سہولت سے طے کر گئی۔۔

حالانکہ۔یہاں۔۔موسم جان لیوا تھا۔۔۔

وہ سمجھ نہیں سکی پھر گرمی کا احساس کیوں بڑھنے لگا

تھا۔۔۔۔

ماہر مدہوش تھا۔۔۔اس وقت وہ بے خودی میں

۔بس بہکتا جا رہا تھا۔۔۔۔

روشنی نے۔۔۔ایکدم اسے پیچھے دھکیلا کہ اسکا

سانس گھٹنے لگا تھا

اگر وہ طاقت لگا کر اسے پیچھے نہ دھکیلتی تو لازمی وہ

اسکی سانسیں۔۔ختم کر کے پیچھے ہٹتا۔۔۔

روشنی کے دھکیلنے پر ماہر ایکدم پیچھے ہٹا۔۔۔

آنکھوں میں خمار کی سرخی تھی۔۔

وہ خود بھی اس جملے پر سمبھل نہیں سکا۔۔۔

اور بے ساختہ روشنی کا ہاتھ جکڑ گیا

ہاتھ کی گرفت میں سختی تھی جیسے وہ۔۔اسے آزاد نہیں کرنا چاہتا

روشنی البتہ۔۔۔مکمل ہوش وحواس میں ا چکی تھی اور اسے۔۔اتنے بڑے گناہ کا احساس کچوکے لگا رہا تھا۔۔۔

ماہر نے اسکو اپنی سرخ سنجیدہ نظروں سے دیکھا

۔۔۔۔

روشنی کی آنکھوں میں برسات سی بھر گئ۔۔

ماسٹر چھوڑیں مجھے" وہ بولی لہجہ کانپتا ہوا تھا۔۔۔۔

ماہر نے ہاتھ نہیں چھوڑا روشنی زبردستی اس سے اپنا ہاتھ چھوڑا کر واشروم میں بھاگ گئ کہ بس

ایک وہ ہی جا پناہ تھی۔۔۔۔اس کے علاوہ خود کو چھپانے کے لیے کوئی جگہ نہیں تھی اسکے پاس۔ماہر نے البتہ بالوں میں ہاتھ پھیرہ۔۔۔۔

اتنی میٹھا س" وہ آنکھیں گھما کر۔۔۔۔پیچھے گاؤ تکیوں پر گیر۔۔گیا۔۔۔

جبکہ لبوں کے کناروں میں مسکان پوشیدہ تھی۔۔۔۔

تھوڑی دیر گزری تھی وہ اسی سحر میں جکڑا ہوا تھا کہ مسکرم نوک کر کے اندر آیا۔۔اور سے اپنے ساتھ آنے کا کہا۔۔۔

وہ اٹھا اور مسکرم کے ساتھ ہولیا چونکہ باہر برف باری شروع ہو گئی تھی اور یہاں ٹیمپریچر بھی کم تھا۔۔۔۔ بہت تبھی اسنے اوور کوٹ پہن لیا۔۔جبکہ ہاتھ رگڑتا ۔۔وہ اسی مٹھا س کے زیر اثر مسکراتا ہوا۔۔گارڈز کے کاٹیج میں اگیا۔۔۔

روشنی نے ہلکا سا دروازہ کھول کر باہر دیکھا۔۔۔

وہ نہیں تھا اسے ہونا بھی نہیں چاہیے تھا۔۔

یہ اس سے کیا گناہ ہو گیا تھا۔۔۔ماسٹر تو

بیہودہ انسان تھا ہی مگر وہ تو نہیں تھی وہ لبوں پر ہاتھ رکھے

۔۔حیران و پریشان شکل لیے ہوئے تھی۔۔۔

اتنا بڑا گناہ ہو گیا اس سے۔۔۔

یا اللہ مجھے معاف کر دیں پلیز" وہ رو دینے کو ہوئی۔۔۔

مگر دل سے احساس نہ نکال سکی۔۔۔

اور پھر اسے بابا کی یاد آگئی وہ کتنے پریشان تھے انکا لہجہ کیسے

بھیگ گیا تھا۔۔

کیسے۔۔وہ رو رہے تھے۔۔۔

کیا اسے یہاں سے چلے جانا چاہیے" وہ ایک پل کو سوچ میں آ گئ ادھر ادھر دیکھا پورا کاٹیج خالی تھا اسکے علاوہ یہاں کوئ نہیں تھا۔۔

ہو سکتا ہے یہاں سے بھاگ کر وہ کسی ایسے راستے پہنچ جائے جہاں سے آگے۔۔اپنے گھر جانے میں کوئ اسکی مدد کرے۔۔مگر یہ تو طے تھا کہ وہ شہر سے باہر تھی کیونکہ انکے شہر میں برف باری تو کبھی نہیں ہوئ۔۔۔۔

چلو کوئ تو مدد مل سکتی تھی اسے اگر ادھر ہی رہتی تو ۔۔کبھی بھی ماہر کے چنگل سے آزاد نہ ہو پاتی۔

اور یہ طے کر کے کہ وہ یہاں سے بھاگ رہی ہے وہ ماہر کا ہی لٹکا اوور کوٹ اٹھا کر۔۔کاٹیج کا دروازہ آرام سے کھول کر باہر کے حالات دیکھنے لگی

باہر سے آتی سرد ہوا نے ایک لمحے میں اسکے چہرے کو برف کی مانند کر دیا تھا۔۔۔

وہ کپکپا سی گئ۔۔

مگر اندر جانے کا سوچا نہیں دوبارہ۔۔

یہ ہی موقع تھا جب وہ یہاں سے بھاگ سکتی تھی آرام سے۔

اگر یہاں بھی وہ نہیں بھاگتی تو ساری زندگی اسکی قید میں گزر جاتی اور اس آدمی کی آج اتنی جرت ہوئ تھی آگے کچھ اور کر دیتا وہ کیا کرتی۔۔۔۔

وہ یہ ہی سوچتی موقعے کا فائدہ اٹھا کر وہاں سے فرار ہوئ۔۔۔۔

جہاں تک اسے لگ رہا تھا یہ آسان تھا مگر برف میں چلنا دنیا کا مشکل ترین کام تھا کہ وہ لمحوں

میں تھکی تھی مگر ہمت نہیں ہاری۔۔اور وہ یوں ہی بھاگتی بھاگتی کاٹیج سے دور نکل گئ۔۔کہ اب کاٹیج کو پیچھے مڑ کر دیکھا تو برف میں بلکل ڈھکا ہوا لگا۔۔اور۔۔ درختوں کی اوٹ میں اگر اسے نہیں پتہ ہوتا کہ یہ کاٹیج ہے تو وہ کبھی اندازا نہیں لگا سکتی تھی۔۔

وہ آگے بڑھنے لگی

اوپر سے برفباری شروع ہو گئ۔حالت جما دینے والی تھی وہ بھاگ کر کہاں نکل آئ تھی ارد گرد دیکھ رہی تھی۔۔ بھوک سے سر درد شروع ہو گیا۔جبکہ مسلسل ہونے والی برف باری سے۔۔اسکا سر سن ہو گیا تھا کیونکہ وہ بنا کسی کیپ کے تھی

اور بال بھی گویا برف سے جم رہے تھے

یہ آسان نہیں تھا اسکا اپنے دماغ پر جیسے کنٹرول کھو رہا تھا۔۔ اسنے ہاتھوں کو آپس میں رگڑا کر۔۔ کچھ گرمائش پیدا کرنی چاہی۔۔ مگر انگلیاں سرخ ہو رہی تھیں اور ایسا معلوم ہوا اگر وہ زیادہ دیر رگڑنے لگی تو لازمی انگلیوں سے خون نکل آئے گا۔۔

جبکہ یہ اوور کوٹ اس ماحول کے لیے نہ کافی ثابت ہو رہا تھا وہ پھنس گئی تھی

دماغ ماؤف ہو رہا تھا۔۔۔۔

جبکہ۔۔۔ سن ہوتے دماغ سے کچھ نہ کرتے ہوئے وہ ۔۔۔وہیں۔ بیٹھ گئی۔۔ آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔۔۔۔۔

جب اسے احساس ہوا کہ یہاں اسکی مدد کو کوئی نہیں آئے گا تو۔۔ وہ اٹھ کر جتنی ہمت ہوئی چلنے لگی

[12/23/2022, 7:32 PM] Tania Tahir: سر

میڈیم نہیں ہیں کاٹیج میں" گارڈ دوڑ کر اس تک

پہنچا۔۔۔ویسے ہی ماہر اٹھ کھڑا ہوا وہ جو اسی کے بارے

میں سوچ رہا تھا۔۔۔ایک خوبصورت سوچ۔۔۔وہ

لمس جو ابھی ابھی۔۔اسنے حاصل کیا تھا اس سے

اپنے دل کی دھڑکنوں میں بھرتا انتشار وہ یہ

سب محسوس ٹھیک سے کر بھی نہیں سکا اور۔۔آکر

گارڈ نے یہ خبر دی

کہاں گئی وہ" وہ پریشان ہوا اسکے بھاگنے سے نہیں۔۔

اسکے اسطرح گم ہو جانے سے نہ جانے وہ کاہن ہو

دیکھو ڈھونڈو" زوردار دھاڑ ابھری۔۔۔

اور۔۔۔تمام گارڈز باہر نکلے جبکہ وہ آپ لنی گن نکال کر

۔باہر بھاگا۔۔۔۔

گارڈز چاروطرف پھیل گئے تھے۔۔

وہ۔۔۔خود سیدھا چل رہا تھا برف باری ہو رہی تھی

چلنا محال تھا۔۔اور اچانک اسکی نگاہ۔۔۔

وجدان پر پڑی۔۔

وہ دور سے اسکو پہچان گیا تھا اور اسنے یہ بھی

پہچان لیا تھا۔۔کہ اسکے بازوؤں میں کون ہے۔۔۔۔

روشنی اسکے بازوؤں میں تھی بے ہوش تھی اسکا

سر ڈھلکا ہوا تھا لمبے بال۔۔۔برف سے جمنے لگے تھے

وجدان مسکراتا ہوا۔۔ماہر تک پہنچا۔۔۔

روشنی کو اسنے نہیں چھوڑا البتہ ماہر کی حالت ایسی

تھی کہ۔۔صہ وجدان کا قتل کر دے

وجدان اسکی آنکھوں میں مسکراتی نظروں کو ڈالے

ریلکس تھا۔۔۔

چچ چ تم ایک لڑکی کو نہیں سنبھال سکے یار۔۔اگر میں نہ آتا تو یہ دنیا سے جاتی۔۔اتنی آرام سے دنیا سے جانے دینا کچھ مناسب نہیں لگتا کیوں" وہ بول رہا تھا ماہر کا خون کھولنے لگا۔اسنے۔۔بنا کسی لحاظ کے۔۔اپنی گن کا بولڈ۔۔۔اسکے منہ پر دے مارا ایک خون کا دوسرا اٹھا تھا جو۔۔۔۔برف پر پھیل گیا۔۔۔

وجدان کا ہونٹ پھٹ گیا تھا۔۔

وجدان کے ہاتھوں سے روشنی برف پر جا گیری

وجدان نے ماہر کا گریبان پکڑ لیا

ٹریننگ تو اسکی بھی اسی شخص کے ہاتھوں تھی جس نے ماہر کو ٹرین کیا تھا۔۔

وجدان نے ماہر کو گھورتے ہوئے مکہ جڑا مگر ماہر اپنا آپا کھو گیا جیسے۔۔

ماہر نے۔۔بنا کسی توقف کے۔۔۔وجدان کے سر پر گن کی بیک سائڈ کھینچ کھینچ کر آمری کے سردی اور اس قدر جارحانہ رویے پر۔۔۔وجدان کی چیخیں نکل گئیں ماہر کے گارڈز کچھ نہیں کر سکتے تھے۔۔وجدان اپنے آپ وہ اس سے خود ہی بچا سکتا تھا۔۔۔۔

تم نے اسے چھونے کی ہمت بھی کیسے کی" وہ دھاڑا اس خاموشی میں اسکی آواز گونج گئی۔۔

میرے ہوتے ہوئے روشنی وک کوئی نہیں چھو سکتا" وہ حلق کے بل چلایا تھا جیسے خود کو بھی اس بات کا باور کرا رہا ہو۔۔۔

وجدان کفار سا ہو گیا اس میں اپنے بچاؤ کی ہمت ختم ہو گئی۔۔ تبھی ماہر اسپر سے ہٹا۔اور ۔۔اسنے روشنی کی جانب دیکھا۔۔۔

غصہ ایسا تھا شرارے مار رہا تھا یہ سردی بھی بے کار لگ رہی تھی

ایک منٹ میں اسنے روشنی کو اٹھا کر کندھے پر ڈالا اور وہ کاٹیج کی جانب چلا گیا

وجدان نے ایک آنکھ کھول کر ماہر کی پشت دیکھی تھی۔۔

وہ اٹھ بیٹھا اور ایک رف تھوک دیا۔۔۔

تمھاری اس محبوبہ کو تو جان سے مار دوں گا میں جلد۔۔۔بہت جلد" وہ دانت پیستا بولا۔۔

یہاں تک کے ماہر اسکی نظروں سے غائب وہ گیا ٹیچر نے اسے یہاں بلایا تھا۔۔

ورنہ وہ یہاں آتا بھی کیوں۔۔۔وہ دوسرے کاٹیج کی جانب چلا گیا۔۔۔

جہاں گارڈز تھے گارڈز نے اسکی مرہم پٹی کی تھی۔۔۔

ماہر نے روشنی کو اس گدے پر پھینک دیا۔۔۔

سارے کاٹیج کی لائٹس آف کر دیں۔۔صبح سردی سے نیلی پڑ چکی تھی اسنے۔۔ہیٹر کو تیز کر دیا ساتھ لکڑیاں بھی چمنی میں جلا دیں۔۔۔

وہ خاموشی سے کانپتی ہوئی روشنی کو دیکھ رہا تھا۔۔اسکی سردی تھی ختم ہی نہیں ہو رہی تھی اسنے کلائی میں بندھی گھڑی دیکھی اگر وہ اگلے دس منٹ میں ٹھیک نہ ہوتی تو وہ اسکے ساتھ ایسا کرتا۔۔جو اسکے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوتا اور وہ اپنے مطابق اسکی سردی ختم کرتا۔۔وہ گھورتا رہا۔۔گھورتا رہا اور ویسا ہی وہا۔۔

روشنی کا وجود اب بھی کانپ رہا تھا اسنے۔۔اسکے نیچے سے سارے تکیے کھینچ کر ایک طرف پھینک دیے۔۔غصے نے اسکے دماغ کو کھلا دیا تھا۔۔

رضائے کھول کر اس سے پہلے وہ روشنی کی جناب

ہاتھ بڑھاتا دل نے ایک بار اس حرکت سے روکا

جو وہ کرنے جا رہا تھا

اگر نہ کیا تو مر جائے گی" اسنے خود کو ہی ڈپٹا۔۔

اور روشنی کے بے حد نزدیک آگیا

وہ ٹھنڈی برف کی مانند ہو رہی تھی۔۔

ماہر ہو سخت غصہ تھا جو اسکے قریب ہونے پر بھی

نہیں گیا تھا۔۔۔

اچھا ہے پاگل ہو جائے یہ سوچ کر جو میں کروں گا۔۔"

اسنے جیسے خود سے کہا۔۔۔

اور اسپر موجود اپنے کفٹ کو دیکھنے لگا۔۔۔۔

ہاتھ بڑھ آکر اسنے وہ کوٹ نکال دیا۔۔۔

روشنی اب اپنے جمپر اور جینز میں تھی اسے پہلے

ہی بخار تھا کھایا پیا بھی کچھ نہیں تھا۔۔

وہ اس یخ بستہ چہرے پر جھکا۔۔۔۔

اور۔۔رضائے سر تک تان لی۔۔

اسکے ہاتھ تھام کر ماہر نے اپنے سینے پر رکھ لیے۔۔

روشنی کا چہرہ۔۔۔جیسے۔۔کچھ مناسب ہونے لگا۔۔۔

چہرے کے تاثرات میں بھی تبدیلی آ گئی۔۔۔

ماہر نے اسکی پیشانی پر۔۔لمس رکھا۔۔۔۔

روشنی کے وجود میں جیسے گردش سے ہوئے پھر

اسنے اسکے گال پر لمس رکھا۔۔۔۔

وہ کسمسائی۔۔۔

اپنے وجود کی گرمائش۔۔۔سے وہ اسے۔۔۔تقریبا

نارمل کرتا جا رہا تھا۔۔۔

گالوں سے نیچے تک کا سفر اسنے تیزی سے طے کیا

اور اسے آج ہی چند گھنٹوں میں دوبارہ اسے چھوٹے ہوئے

لگ اکہ وہ بیوقوف تھا جو اس سے اتنا دور تھا۔۔

وہ بیوقوف تھا جو شراب جیسے نشے وک پیتا تھا

۔۔۔

نشہ تو۔۔بس یہاں تھا۔۔جو وہ چھو رہا تھا۔۔۔جسے وہ

حرارت دے رہا تھا۔۔۔

نشہ تو اس قربت میں تھا

اور نشہ تو ان نگاہوں میں تھا جو ڈر کر ایکدم بند ہوتی

تھیں۔۔۔۔

اسنے خواہش کی وہ آنکھیں کھول کر اسکی جانب

دیکھے۔۔۔

روشنی۔۔۔نے رفتہ رفتہ آنکھیں کھول دیں اور ماہر نے اسکی پلکوں پر بوجھ سا ڈال دیا لمس کا بوجھ۔۔۔

بے انتہا دلکش تھا۔۔۔

روشنی نے سٹپٹا کر۔۔بمشکل ہٹ سے سب سمجھتے ہوئے آنکھیں کھولیں ماہر نے اسکی کمر میں ہاتھ ڈال دیا۔۔

تانیہ طاہر ناولز

روشنی کو اسکی ٹھنڈی انگلیوں اپنی گردن پر محسوس ہوئیں

کک

۔۔کون" وہ پریشانی سے بولی۔۔۔۔

ماسٹر" وہ اسکے کان کے نزدیک جھکتا بولا۔۔۔۔

ساتھ اسکے کان پر۔۔۔بھی لمس کی جاندار حدت بکھرتا گیا گویا وہ کانپ اٹھی

ماسٹر" وہ تڑپی

تم نگاری ہمت کیسے ہوئی تم یہاں سے نکلتی" اسنے سختی سے

اسکی گردن جکڑلی۔۔

روشنی مکمل حواسوں میں اگئ۔۔

بتاؤ"؛وہ غصے سے اسکی جانب دیکھے لگا۔۔۔

میں۔۔۔" وہ خوف زدہ ہوئ

کیا میں" وہ اس سے دور ہوا۔۔۔اور اسے مکمل

حواس میں آتے دیکھ اسپر سے رضائ کھینچ دی اور خود

بھی اس سے الگ ہوا۔۔۔۔

روشنی لال ٹماٹر کیطرح سرخ ہو گئ تھی۔۔۔

آپ آپ یہ بات بار کیا کر رہے ہیں جانتے ہیں

کتنا سخت گناہ ہے" وہ رونے لگی۔۔۔

تم اپنی بکواس بند کرو۔۔۔بات ٹال مٹول نہ کرو سیدھی طرح بتاؤ۔۔۔کہاں مرنے کا ارادہ تھا میں ہی نہ مار دوں تمھیں" وہ اسے اپنی جانب کھینچتا بولا۔۔

روشنی اس سے دور ہونے کی کوشش کرنے لگی

تمھیں صاف لفظوں میں بتا رہا ہوں روشنی تمھارے باپ کا پھیلایا رائتہ سمیٹنے دو میگے وعنہ مجھے۔۔۔ اسکی بات پوری کرنے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا سمجھی" وہ سختی سے اسکے اچھرہ جکڑ کر بولا۔۔

روشنی اس سے سہم گئی تھی۔۔۔

ایسے ہی بیٹھی رہی

اب کہیں نکلو گی" وہ پوچھنے لگا۔۔۔

روشنی کچھ نہیں بولی۔۔

بتاؤ" وہ غصے سے بھڑکا

ن۔۔۔ نہیں" وہ نفی میں سر ہلانے لگی۔۔۔

ماہر کو کچھ تسلی ہوئی۔۔ کم از کم وہ یہاں سے نہیں نکلے گی اور وہ وجدان کی آمد کی وجہ بھی جاننا چاہتا تھا زندگی سے ایک مسلہ ختم نہیں ہوتا تھا دوسرا پہلے منہ اٹھا کر پہنچ جاتا تھا۔۔

روشنی منہ نیچے کیے روتی رہی۔۔ ماہر اسکے بے حد نزدیک تھا دل تھا۔۔ کہ اسے پیار سے چھوے مگر جب یاد آیا وجدان کیسے اسے اٹھائے لا رہا تھا تو اسے کوئی افسوس نہیں ہوا الٹا اچھا ہی کیا تھا اسنے

وہ اٹھا اور۔۔۔ روشنی کے لیے کچھ کھانے کے لیے بنانے لگا وہ جانتا تھا وجدان اور اکسے گارڈز اسکے انتظار کر رہے ہوں گے۔۔ مگر اسنے پہلے روشنی وکے دیکھنا تھا۔۔ تبھی اسنے۔۔۔

اٹھ کر سوپ بنایا یہ وہ چیز تھی جو۔۔اسے نارمل کرتی اور جو ایک ایک منٹ میں اسکا دل ہلکا ہو رہا تھا وہ ٹھیک ہو جاتی

وہ سوپ بنا کر لایا اور اسکے سامنے ٹرے رکھی

کوئی انکار نہ ہوا اب " اسکے کچھ کہنے سے پہلے وہ بولا۔۔۔

روشنی مسکنے لگی۔۔اور چپ رہی۔۔ سر البتہ جھکا ہوا تھا۔۔

وہ چمچ بھر کر اسکے منہ کے قریب لے گیا وہ۔۔۔

پینے لگی ساتھ کے ساتھ۔۔۔

پیتی رہی یہاں تک کے وہ پورا پیالہ پی گئ

۔۔

سوپ ختم ہوا تو ماہر نے۔۔ایک طرف برتن رکھے۔۔۔

روشنی پیالے میں جھانکنے لگی۔۔۔

اور پینا ہے" وہ بولی۔۔۔

تمھارے باپ کا ملازم نہیں ہوں۔۔۔" وہ جھاڑ گیا

روشنی کے ہونٹ باہر نکلے اور وہ۔۔ شدت سے رو دی

۔۔۔

اوہ" ماہر کو ہنسی آئی

اچھا بنا دیتا ہوں بچوں کیطرح کیوں رو رہی ہو" وہ بولا۔۔

ہنسی البتہ ساتھ ساتھ آرہی تھی

آپ اسطرح رویہ رکھ رہے ہیں" وہ جیسے بڑی غم زدہ تھی

رومینس کروں تو تمھیں گناہ لگتا ہے۔۔۔ غصہ کروں تو رونے لگتی ہو۔۔ کروں تو کیا کروں" وہ اسکے آنسو صاف کرتا گھمبیر لہجے میں بولا

کچھ سنہ کریں آپ" وہ بولی اور آنسو صاف کیے۔۔

سوپ بنائیں بس" اسنے چپکے چپکے دیکھا

ماہر نے نفی میں سر ہلایا اور۔۔۔اسکے لیے دوبارہ

سوپ بنانے چلا گیا۔۔۔

روشنی اسکو کچن میں کھڑا دیکھتی رہی وہ دوبارہ بنا کر لایا

س

تانیہ طاہر ناولز

گرم گرم تھا اب تو اسکا خود کا دل بھی کر رہا تھا

اسنے روشنی کی جانب دیکھا جو اسکے احاس

میں دو چمچ رکھ چکی تھی

www.BestUrduBook.com

ماہر نے ایک چمچ اٹھا کر دوبارہ کٹنیٹ پر پٹخ دی۔۔اصر

اسک آیا تھا پکڑ کر اپنے ساتھ لے آیا۔۔

دونوں نے ایک ہی چمچ سے کھایا۔۔۔

روشنی زرا خفیف ہوتی رہی ماہر کو البتہ پرواہ نہیں تھی

نیند ارہی ہے" وہ سولا کرنے لگا۔۔

ن۔۔ نہیں" روشنی سے صاف انکار کیا

ماہر نے سناؤ کھینچا ابھی وہ موت کے قریب تھی

اب دو پیالے پی چکی تھی۔۔۔۔ سوپ کے۔۔۔

ٹھیک ہے پھر تم یہاں رہو مجھے کام ہے آتا ہوں" ماہر

اٹھتے ہوئے بولا

میں بھی ساتھ چلوں ہو سکتا ہے پیچھے سے بھاگ

جاؤ" وہ بولی اسے چہرے پر معصومیت تھی اسکی

آنکھوں میں معصومیت تھی۔۔

ماہر کے لب مسکرا دیے۔۔

اسنے ہاتھ اسکے آگے کیا

اور مجھے ڈر لگ گیا ہے کہیں تم بھاگ نہ جاؤ

۔" روشنی سر ہلاتی۔۔اسکے آیا تھا تھام گئ

پھر یاد آیا کہ اسکے اویس اتو کوئ تعلق نہیں تبھیا سو

ے ہاتھ چھڑانے لگی مگر ماہر نے اسے کمر سے تھاما

اور باہر لے ایا البتہ پوری طرح اسے کور کیا تھا اسکے

ہاتھ میں ڈرائے فروٹ بھی دیے۔۔۔

اور۔۔۔روشنی اسطرح دوسرے کاٹیج میں داخل

ہوئ۔۔مگر اسکے قدم وہیں جم گئے۔۔۔

ماہر البتہ آگے بڑھ گیا

وجدان کی جانب دیکھ کر وہ پتھر کی ہو گئ تھی

خوف سے ٹانگیں لرز گئیں۔۔۔۔

وجدان کی نگاہ اپر گئ وہ مسکرایا۔۔۔

روشنی نے چہرہ موڑ لیا۔۔

م۔۔۔ میں جا رہی وہ۔" روشنی نے بھاگنے کی ٹھانی

ماہر وک بلکل یہ بات پس دنہ آئی کے وہ۔ کسی اور

سے ڈر کر بھاگتی

سٹاپ" وہ روعب دار لہجے میں بولا

روشنی نے بے سبی سے اسکی طرف دیکھا

بیٹھو یہاں اور صرف مجھے دیکھو گی تم تمھارے نظر

ادھر سے ادھر بھی نہ وہ" وہ اسکے ساتھ آئی

کانٹیکٹ بناتا بولا

--

روشنی نے جلدی سے سر ہلایا ماہر نے اسکے کان

میں ائیر پورٹس لگائے اور۔۔ اسکو صوفے پر بیٹھا دیا

جو وجدان کے سامنے تھا

وجدان نے نفرت سے ماہر کو دیکھا۔۔۔

جو اسکی توجہ اپنی طرف کرا چکا تھا کہ روشنی ماہر پر سے نگاہ بھی نہیں ہٹا رہی تھی اور ماہر نے۔۔۔

جبکہ آ کسی جانب دیکھ نہیں رہا تھا پھر بھی اسکے اروشنی پر کمانڈ تھا۔۔۔

کس لیے آئے وہ تم یہاں" وہ وجدان کو گھور کر بولا۔۔

سمجھو تمھاری محبوبہ کی دوسری زندگی میرے ہاتھوں تھی" وہ اسے چیڑانے کو بولا۔۔

اگر تم چاہتے ہو تمھارے منہ کا نقشہ نہ بدلے تو۔۔ زبان کو لگام دو" وہ انگلی اٹھا کر بولا۔۔۔

[12/26/2022, 6:25 PM] Tania Tahir: تم کچھ زیادہ اوور جزباتی نہیں ہو رہے ہو وہ بھی ایسی لڑکی کے لیے جس کا تم سے کوئی تعلق نہیں جس سے تمھارا کوئی تعلق نہیں

اور تم۔۔ایسے اسے ٹریٹ کرتے ہو جیسے اسکے شوہر ہو"

وجدان کے لہجے کے طنز پر ماہر مسکرا اٹھا

تم کچھ بھی سمجھ سکتے ہو۔۔۔فلحال میرا سوال تم سے یہ ہے کہ تم آئے کیوں ہو یہاں" ماہر نے آنکھیں ترچھی کر کے اسکیطرف دیکھا۔۔

تمھاری نوکری خطرے میں ہے مسٹر ماہر

بس ہمدردی کے لیے۔اگیا" اسنے شانے اچکائے

بکواس ٹیچر نے بھیجا ہے تمھیں" وہ بولا تو اسکے چہرے پر غصہ تھا۔۔۔

ہاں تاکہ میں دیکھ سکوں تم کس کے ساتھ کیا گل کھلا رہے ہو" وہ بولا تو ماہر کا میٹر شاٹ ہوا اوپر سے اسکا بات بات پر روشنی کو دیکھنا گو کہ روشنی اسے نہیں دیکھ رہی تھی مگر پھر بھی وجدان کی توجہ اسی پر

تھی اور یہ بات ماہر کو سخت زہر لگ رہی تھی وہ

وجدان کی نظروں کے سامنے اگیا۔۔۔

کل تمھیں میرے ساتھ چلنا ہو گا"

میں کہیں نہیں جاؤں گا نہ میرا تم سے کوئی

تعلق ہے اور نہ ٹیچر سے تم دونوں اپنے کام سے کام رکھو"

وہ برہمی سے بولا۔۔۔

وجدان اسکی شکل دیکھنے لگا۔۔۔۔

یہ لڑکی ایک عزاب ہے تم اسے ہینڈل نہیں کر

سکتے اس کی وجہ سے آج تم۔۔۔سب کچھ بھلا

رہے ہو۔۔۔" وجدان غصے سے بولا

مائینڈ اپنی زبان سمبھال کر بات کرو۔۔۔۔۔وجدان۔۔اور

سب سے اہم بات تم کب سے میرے لیے اتنا

کنسرن کرنے لگے"

وجدان نے۔۔۔غصے سے منہ پھیر لیا

وہ بلکل آسان انسان نہیں تھا جسے۔۔ساتھ ساتھ لیے پھیر رہا تھا۔۔اسے سب کے سامنے تھپڑ مار سکتا تھا تو کسی کے ساتھ کچھ بھی کر سکتا تھا۔۔۔

وجدان اپنی جگہ سے اٹھا۔۔۔۔

دیکھو ماہر تمھارے باپ کے قاتلوں کو۔۔۔ہم ملکر ڈھونڈیں گے۔۔۔۔تم اس لڑکی کو اسکے حال پر چھوڑ دو" وہ آج الگ ہی ٹون میں بات کر رہا تھا۔

ماہر نے ایک پل کے لیے روشنی کیطرف دیکھا۔۔وہ اسکی بات مانتی بلکل اسی کی شکل دیکھے جا رہی تھی ماہر کے دیکھنے پر اسکی آنکھوں میں جو احساس اٹھا ماہر ۔۔۔پل میں نظر پھیر گیا۔۔وجدان کا ہاتھ اپنے شانے پر سے ہٹایا

میں بخوبی جانتا ہوں کہ تم میرے باپ کے
قاتل کو جانتے ہو۔۔۔۔ تمھیں ایسا کیوں لگتا ہے
میں بچہ ہوں بس اس وجہ سے کہ میں تم سے
چھوٹا ہوں تم مجھے بیوقوف سمجھتے ہو۔۔اور کسی کو بیوقوف
سمجھنا بے حد فضول بات ہے مطلب انسان خود کو
بیوقوف بنا رہا ہے اور میں پہنچ جاؤں گا جہاں تک
مجھے پہنچنا ہے بھولو مت میری ٹریننگ تمھاری ٹریننگ سے
زیادہ سخت ہوئی ہے۔۔۔ میں نے بہت چھوٹی عمر
سے وہ حالات دیکھیں ہیں جو تم نے۔۔ابھی کچھ
عرصے پہلے دیکھے۔۔۔

سمجھے تم" وہ تفصیلی جواب دیتا ایک ایک لفظ پر زور
دیتا۔۔۔منہ پھیر گیا چلتا ہوا روشنی کے پاس
آیا اسکو اٹھایا۔۔۔اور اسے ساتھ لیے باہر نکل گیا
میں امید کرتا ہوں اب تمھیں دوبارہ یہاں نہ دیکھو

ماروسیہ جیوں مجھ سے ہمدردی کبھی مت کرنا وجدان مجھے سخت زہر لگتے ہیں وہ لوگ جو مجھ سے ہمدردی کرتے ہیں نفرت کرو مجھ سے۔۔۔۔ میں تمھاری عزت کروں گا محبت کی مجھے ضرورت نہیں اور ہمدردی کا سوچنا بھی مت" وہ ایسے بولا۔۔ گویا۔۔۔ جیسے۔۔۔ بمشکل اسے برداشت کر رہا ہو۔۔۔

اگر یہاں روشنی نہ ہوتی تو ضرور وہ اسکو کئ ٹکڑوں میں تقسیم کر دیتا۔۔

وہ روشنی کو لیے باہر نکل گیا پیچھے وجدان کی کیفیت بھی اس سے کم نہیں تھی۔۔۔

وجدان تن فن کرتا اسکے گارڈز کو دور دھکیلتا وہاں سے نکل گیا

برف باری اب بھی ہو رہی۔ تھی

ایک نظر کاٹیج پر ڈالی تھی

یہ جو تم اپنی محبوبہ کو اٹھائے اٹھائے پھیرتے ہوئے یہ محبوبہ میری بیوی بنے گی۔۔۔ماہر اس دن تمھیں دیکھوں گا۔۔۔"

وہ نفرت سے سوچتا وہاں۔سے چلا گیا...

روشنی نے اپنے کانوں سے ائیر پوڈس اتارے اور وہ اچک اچک کر۔۔۔وجدان کی پشت دیکھنے لگی۔۔۔

جبکہ ماہر نے دروازہ بند کر دیا

زیادہ انٹرسٹ نہیں۔ہو رہا اس میں بلالوں سامنے بیٹھ کر دیکھتی رہنا" وہ چیڑ کر بولا

ن۔۔نہیں مگر وہ کون ہے یہاں کیوں آئے" اسنے پوچھا

-

تم توجہ نہ دو" ماہر نے اسکو خود کے نزدیک کیا

جبکہ۔۔روشنی ایکدم سٹپٹای۔۔۔۔

ماہر کے لب مسکرا دیے وہ۔۔۔اسے دیکھتا رہا اور کچھ ہی دیر

ابھی نگاہوں کو نگاہوں سے ٹکرائے ہوئ تھی۔۔۔۔کہ وجدان کا

سیل فون بلنک کرنے لگا اسنے نگاہ پھیری اور سیل

فون دیکھا

سر پلیز نیوز چیک کریں" گارڈ نے بتایا تو۔۔۔وہ دیوار

میں نسب ایل آئ ڈی کھول گیا۔۔۔۔۔

ایک بار پھر میڈیا کے اگے روشنی کا باپ گڑگڑا رہا

تھا روشنی ایکدم سکرین تک پہنچی جس طرح

ارمان رو رہا تھا۔۔۔روشنی کی آنکھیں بھی بھیگ گئ

۔۔۔۔۔

وہ مزید یہ سب سہہ نہیں سکتی تھی۔۔وہ رونے لگی

مجھے بابا کے پاس جانا ہے آپ کیوں کر رہے ہیں یہ سب " وہ ماہر پر چیخی ماہر کا دل کیا اٹھا کر کوئی چیز اس لڑکی کے سر میں ٹھوک دے مگر غصہ روکے وہ چپ چاپ وہاں سے باہر نکالا اور گارڈز کے ہٹ میں آگیا۔۔۔

اسنے فورا وہاں سے نکلنے کے ارڈرز دیا اور پلین کا اسکے حکم سے ریڈی کیا گیا۔۔۔

وہ روشنی کے پاس واپس ایا۔وہ اب بھی رو رہی تھی۔۔

اسنے ایک ہاتھ سے روشنی کو اٹھایا

چھوڑو مجھے " وہ چلائی

ماہر نے روشنی کیطرف دیکھا

تانیہ طاہر ناولز
www.BestUrduBook.com

میں نے کہا چھوڑو مجھے میرے باپ کا برا حال کر دیا تم نے مجھے یہاں رکھ کر۔ میری عزت لوٹ لی تم نے۔۔۔۔

تم ایک انسان نہیں ہو تم ماسٹر نہیں ہو تم درندے ایکدم اسکی، زبان کو لگام لگا جب ماہر کا تھپڑ اسکے منہ پر لگا

اگر میں تم سے اٹریکٹ ہوا ہوں تو اسکی وجہ صرف اتنی ہے کہ۔۔ میں تمھارے نرم انداز سے متاثر ہوا ہوں۔۔ مجھے آگے سے کہنا نہ پڑے بدتمیزی مت کرنا جس دن بھی تم ایسا کرو گی ایسا ہی تھپڑ کھاؤ گی

اور آج سن لو وہ تمہارا باپ نہیں" وہ چلایا۔۔۔ تھا روشنی کے رنگ سے اڑ گئے

ماہر کا غصہ دیکھ کر وہ۔۔۔۔روئے لگی۔جبکہ ماہر پرواہ کیے بنا اسے کھینچتا ہوا۔۔باہر لے ایا اور دونوں پلین میں سوار ہوئے۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میڈیا میں ہر جگہ بس اسکا ذکر تھا اسکا نام تھا ۔۔۔اسکو زلیل کیا جا رہا تھا

وہ گھر پہنچا تھا۔۔۔نہ جانے کس نے خبر دے دی تھی اسکے واپسی لوٹنے پر کہ اسکے گھر پہنچتے ہی میڈیا اسکے گھر کے باہر جمع ہو گئ

روشنی اس ماحول سے خوف زدہ تھی جبکہ۔۔ماہر نے باہر نکلنا۔۔۔

مناسب سمجھا۔۔وہ۔۔دروازہ کھول کر باہر نکلا تو۔۔کئ مائیک اور کیمرا ز اسکے ارد گرد ہو گئے۔۔۔۔

میں زیادہ سوالوں کے جواب نہیں دوں گا۔مجھے صرف ایک بات پوچھنی ہے۔۔کہ۔۔۔۔آپ لوگوں کے پاس میرے خلاف اب تک کوئ ثبوت ہے " اسنے سولا یہ نشان چھوڑ دیا۔۔۔۔

سب ایک دوسرے کی جانب دیکھنے لگے یہ بھی حقیقت تھی کوئ سی سی ٹی وی نہیں ملی تھی نہ ہوٹل کے اس وقت کے کیمرا ز کو نہ جانے ہوا کیا تھا

وہ سوال کرنے لگا مگر سر مس روشنی کے فادر کا کہنا ہے کہا وہ آپکے پاس ہے مس روشنی اگر وہ پولیس ریڈ کروائیں تو کیا مس روشنی آپکے گھر سے

نہیں ملیں گی" ایک نے پوچھا تو وہ صاف مکر گیا

آپ لوگ جا کر اب چیکینگ کر لیں کوئی بھی پولیس کوٹ سے وارنٹ لے کر اجائے میں خود اپنے گھر کی تلاشی کراؤ گا" وہ سنجیدگی سے بولا ماتھے پر تیور الگ تھے

مگر سر۔۔ آپ یہاں سے بھاگے کیوں" دوسرے نے سول کیا

کیا میں کہیں بی آتا جاتا ہوں اور میرے پیچھے سے آپ لوگوں میری غیر موجودگی وک بھاگنے اک نام دے کر مجھ پر الزام لگاتے ہیں تو کیا اس بات سے یہ ثابت ہو گیا کہ میں بھاگ گیا مجھے اپ لوگوں۔ کی سمجھ نہیں آتی کسی پر بھی بنا ثبوت کے آپ کچھ بھی کہ دیتے ہیں میری بات سنیں آپ سب۔۔ ایک بھی ثبوت میرے خلاف

جمع کر لیں اسکے بعد میرے گھر کے باہر کھڑے ہونا

--

اور کوئ بھی پولیس حتی کے افرار مان خود اکر تلاشی لے۔۔ آئ

ڈونٹ مائنڈ مگر اگر میرے پاس سے انکی بیٹی۔۔۔

نہیں ملتی تو اسی طرح آپ ان لوگوں کے گھر۔۔

پہنچیں گے اور وہ پورے میڈیا کے سامنے۔۔ مجھ سے

معافی مانگیں گے ورنہ میں انھیں سیسپینڈ کر دوں گا"

وہ دھاڑا۔۔ تھا گویا وہ سچ ہوا اسکے انداز پر ایکدم سب جیسے۔

یقین کرنے لگے تھے۔۔ اور اندر ہی اندر ماہر اپنی کامیابی پر

۔۔بے حد خوش تھا۔۔۔۔

جبکہ۔۔۔ دوسری طرف ارمان سمیت وجدان

بھی یہ سب سن رہا تھا

اور اگر انکی بیٹی مل جاتی ہے تو میں خود اپنا سیسپینڈ

لیٹر دوں گا"

وہ کہہ کر پلٹ گیا۔۔۔گارڈز نے میڈیا کو وہاں سے ہٹایا وہ مسکراتا ہوا اندر آگیا۔۔۔۔

روشنی سب سن چکی تھی بھیگی پلکوں سے اسے دیکھنے لگی

تم ایسا کرو شادی کرو لو مجھ سے تمھارے ضمیر پر سے بوجھ کم ہو جائے گا

مسکرا کر بولا تو۔۔۔۔روشنی نے منہ پھیر لیا

لمحوں میں بدل جاتی ہو" وہ مسکرا کر اسکے چہرے کی جانب دیکھنے لگا روشنی کچھ نہیں بولی جبکہ ماہر نے اندر کے ڈور لوک کیے اور وہ اپنے روم میں جانے لگا

تھک جاؤ تو کمرے میں آجانا" جاتے جاتے وہ بولا تھا روشنی نے اپنے آنسو صاف کیے اور ضد میں وہیں بیٹھی رہی

[12/27/2022, 3:46 PM] Tania Tahir: ارمان نے ایل سی ڈی بند کر دی۔۔غصے سے چہرہ سرخ ہو رہا تھا

یہ آدمی بے حد چالاک ہے اگر روشنی نے حقیقت پھوڑ دی تو ضرور مجھے جیل پہنچا دے گا۔۔ تمھیں یقین ہے روشنی اسکے پاس ہے" وہ پوچھنے لگا

نہیں فلحال یقین نہیں ہے مگر مجھے اندازا ہے۔۔۔"

وجدان کچھ سوچتے ہوئے بولا۔۔۔۔

اگر نہ نکلی تو یہ مجھے سسپینڈ کر دے گا" ارمان کا خون کھولنے لگا

تو اپنی بیٹی کو خود سمبھال کر رکھنا تھا نہ تاکہ سسپینڈ ہونے کا ڈر بھی نہ ہوتا۔۔" وہ منہ توڑ جواب دے کر اٹھا۔۔

ارمان اسکی شکل دیکھنے لگا

تم بیٹھو تو صیحی غصہ کیوں کیا رہے ہو۔" وہ چاپلوسی پر اتراوجدان اس آدمی کو جانتا تھا جو اسے نقصان پہنچانا چاہتا تھا۔۔۔جو اس تک پہنچ کر اسکو مار سکتا تھا۔اور یہ بات

وجدان نے ہی کہی تھی جب تک وہ اسکے ساتھ ہے کسی کو بھی اس تک پہنچنے نہیں دے گا۔۔۔ارمان ۔۔۔میں بہادری ہوتی یہ کوئی سچائی ہوتی تو وہ یقینا اس بات کی پرواہ نہ کرتا وہ اس بات کو تو نوٹس کرتا جب سے وجدان اسکے ساتھ تھا اسنے اسکے لیے کچھ نہیں کیا تھا۔۔۔

مگر ارمان ہی آنکھوں پر۔۔وجدان کی چڑھائی پٹی بندھی تھی اور وجدان اسے ہر لمحے ازیت دینا چاہتا

تھا اسکی بیٹی کو بھی۔۔۔وہ رات اسکی آنکھوں۔ میں اترتی تو خون میں شرارے دوڑ جاتے۔۔۔۔

جب اسنے اپنے رشتوں کو مرتے دیکھا اپنی عزت کی عزت لوٹتے دیکھی

روشنی سے اسکی دشمنی کم نہیں تھی وہ روشنی کو اسی ازیت سے گزارنا چاہتا تھا جس سے اسکی محبت گزری تھی۔۔۔

وہ ارمان اور روشنی کو زندہ دیکھنا ہی نہیں چاہتا تھا مگر نہ جانے ماہر کہاں سے بیچ میں آگیا جب اسے ماہر کی سچائی ارمان کے متعلق پتہ چلی تھی تو اسنے اپنے بدلے کے لیے ہر طرح سے ماہر کو ارمان سے دور رکھنا چاہا تھا مگر یہ تو تب ہوتا جب ماہر آسان ہدف ہوتا۔۔۔

وجدان کافی غصے میں تھا

میں تمھیں ایک اور کام دینا چاہتا ہوں" ارمان بولا

تو۔وجدان۔۔۔نے اسکی صورت دیکھی

جہاں کہیں تمھیں روشنی دیکھائی دے اسے مار دو"

ارمان بولا لہجہ سخت تھا۔۔۔۔۔

جبکہ وجدان کو زرا بھی حیرانگی نہیں تھی۔۔۔۔

جو آدمی دوسروں کی عزتیں لوٹنا جانتا ہو وہ اپنی بیٹی کو

مروادے بڑی بات نہیں تھی

نہیں" وہ اسکے ڈسک پر جھکا

کیوں وہ میرے لیے عزاب بن گئی ہے وہ گھر سے

بھاگی ہی کیوں" ارمان غصے سے چلایا۔۔۔۔

اسے میں ڈھونڈ کر لاؤ گا آپکا کام بس اتنا ہے اسکی شادی مجھ سے کرا دیں" وہ بولا تو۔۔۔ارمان چونک کر اس کی جانب دیکھنے لگا

یہ تو اسنے سوچا ہی نہیں تھا وجدان کا قد و قامت جامت دیکھ کر وہ کافی ایمپریس تھا جبکہ کئی بار چھوٹی چھوٹی لڑائی جھگڑو میں وہ اسکو بچانے اترا تھا

ارمان کو اسپر نہ جانے کیوں اندھا یقین ہونے لگا تھا اور اسی بات کا فائدہ اٹھا رہا تھا وجدان۔۔وہ ارمان کی آنکھوں میں بنا ڈرے دیکھنے لگا

تم پسند کرتے ہو۔۔اسے" اسنے سوال پوچھنا مناسب سمجھا

آپ اسے مارنا چاہتے ہیں۔۔۔۔تو مجھ سے شادی کرا دینا زیادہ مناسب ہے بانسبت مارنے سے"وہ مر

کر بھی یہ نہ کہتا کہ وہ اس سے پیار کرتا ہے۔۔ تبھی وہ ٹیبل۔پر سے ہٹا

مگر وہ میرا ایک سچ جانتی ہے" ارمان کو فکر ہوئی آپکو لگتا ہے آپکی کوئی سچائی میں کہیں بھی نکلنے دوں گا"

اور یہ ہی باتیں تو ارمان کا دل اسکے حق میں قائل کر لیتی تھیں ارمان نے سر ہلایا اور اسکا شانہ تھپتھپایا۔۔۔

اور۔۔اسکی آنکھوں میں دیکھا

لاؤ پھر ڈھونڈ کر اسے۔۔۔" وہ بولا تو وجدان نے سر ہلایا

۔۔۔

اور اس ماہر کا کیا کرنا ہے" ارمان کو فکر ہوئی

دیکھیں اس بندے کے متعلق میں نہیں جانتا مجھے انفارمیشن دیں گے تبھی میں اسے

دیکھوں گا" وہ ٹال کر اپنے سر پر سے اتار تا وہاں سے نکل گیا

پیچھے ارمان نے روشنی کو بے تحاشہ گالیوں سے نوازا تھا

روشنی اسی صوفے پر سو رہی تھی ماہر تیار ہو کر۔۔۔

باہر نکلا اسکی جانب دیکھا اور۔۔ نفی میں سر ہلایا

وہ ضد کر رہی تھی کہہ تو دیا تھا اسنے وہ اسکا باپ

نہیں جب کہ وہ بھول گیا تھا وہ اتنا کہہ دے گا اور

روشنی مان جائے گی۔۔

خیر اسکی ضد کچھ نہیں تھی جتنی ماہر کی تھی اور اسے یہ بات یاد رکھنی چاہیے تھی ماہر اپنی ضد کے آگے خود بھی ہارا ہوا ہے۔۔۔

ماہر اسکے نزدیک ایا تو اسے جیسے کچھ یاد آیا آنکھوں میں سوچ سی اتر گئ۔۔۔

روشنی کو اسنے ہلایا

اٹھو" حکم دیا مگر روشنی گھیری نیند میں تھی ماہر نے اسے جھنجھوڑ دیا روشنی سٹپٹا کر اٹھی اور اسکی شکل دیکھنے لگی۔۔۔۔

تانیہ طاہر ناولز
www.BestUrduBook.com

آنکھوں میں حیرانگی تھی جیسے۔۔۔وہ ماہر کو پہچان نہیں پا رہی وہ اسکے۔۔۔روشنی کی آنکھوں کے اگے چٹکی بجائ

کیا ہوا ایک رات میں بھول گئ" وہ بولا

۔تو روشنی نے انکھیں پھیر لیں

ماسٹر۔۔۔دور ہو کر بات کریں" ماہر کے ایکدم

قریب آنے پر وہ بولی۔۔۔

اوکے آج رات ہم کہیں جائیں گے"

ماہر دور ہوتا ہوا سنجیدگی سے بولا

مجھے اپکے ساتھ کہیں بھی کہیں بھی نہیں جانا" وہ بولی

ماہر نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔۔

اچھا۔۔مجھے اس وقت جلدی ہے میں تمھیں اکر

بتاؤ گا" وہ زرا سنجیدگی اور غصے سے کہہ کر اسکے پاس

سے ہٹا اور باہر نکلتا گیا

میں بھاگ جاؤں گی ماسٹر" وہ پیچھے سے بولی

ماسٹر کی جان تم بھاگ جاؤ" وہ آنکھ دبا کر بولا اور وہ

لمبے قدم بھر کر باہر چلا گیا

روشنی کی انکھیں پھر سے بھر آئیں۔۔وہ اٹھی تو ۔۔۔اگے ہی اسے نرمی سے مسکراتی وہ نظر ا۔ گئیں وہ اٹھی ا ور انکے سینے سے جا لگی

ماسٹر بلکل اچھے نہیں ہیں بابا بہت پریشان ہیں پلیز آپ مجھے باہر جانے دیں"

آپ یہاں محفوظ ہیں روشنی" وہ بولی

نہیں کہاں محفوظ ہوں میں۔۔۔ایسے محفوظ ہوتا ہے انسان" وہ منہ بنا کر بولی۔۔۔

اچھا آپ روئیں مت آپ فریش ہو جائیں پھر ناشتہ کر لیجیے گا

مجھے لگتا ہے آپ بھی اسی کے ساتھ ہیں" وہ غصے سے بولی

میں تو معمولی سی نوکر ہوں روشنی" وہ مسکرائی تو روشنی اداس سی ہو گئی اور وہاں سے

چلی گئ فریش ہونے

وہ دوبارہ سے جاب پر اگیا تھا۔۔۔کام کرتا رہا سارا دن سارا دن کام کرتے ہوئے اسنے ایک بات تو محسوس کی کہ اسکے کل کے ایک انٹرویو سے بہت کچھ تبدیلیاں ائ تھی اور اسے اپنے اس فیصلے پر۔۔۔ فخر ہوا کہ وہ اسی لیے۔۔خود سے سامنے آنا چاہتا تھا۔۔۔

اور جیسے ہی سامنے آیا سب ٹھیک ہو گیا۔۔۔

اور اگر ٹھیک نہیں بھی ہوا تو۔۔۔ بھی بہتر ہوا تھا۔۔۔

اسنے اپنے گارڈ سے پوچھا کہ وہ چیک کرے ارمان اون ڈیوٹی ہے۔۔۔

تو اسے پتہ چلا کہ ہاں وہ اون ڈیوٹی تھا اسنے گارڈ سے اسے طلب کرنے کا کہا۔۔۔ں

گارڈ باہر نکل گیا طنزیہ مسکراہٹ لبوں پر سجائے وہ آرام سے۔۔۔ سیگریٹ سلگاتا وہ چیئر پر جھول رہا تھا جانتا تھا ارمان کا اس تک پہنچنا کتنی بڑی اسکے نفس کی موت تھی۔۔۔

وہ مسکرا رہا تھا۔۔ اسے کچھ دیر انتظار کرنا پڑا اور پھر دروازہ ناک ہوا اب بدلا لینے کی باری اسکی تھی

شہر کے ڈے سی کو۔۔۔۔ انتظار کرانا کو معمولی کام نہیں تھا۔۔۔ اسنے اسے بھی بلکل اسی طرح انتظار کی سولی پر لٹکا دیا

اندر سے جواب نہیں آرہا تھا ارمان باہر چنے بھون رہا تھا گویا۔۔۔

کچھ دیر کے بعد اسنے اسے اندر بلایا اور گارڈ کو جانے کا اشارہ کیا ارمان کا بس نہیں چلا اسکے ٹکڑے کر دیے وہ چیئر گھسیٹ کر بیٹھ گیا

ماہر نے مسکرا کر رخ پلٹا

کیا ہوا ایسے رونے والے کیوں ہو رہے ہو'ءوہ ہنسی روک کر

پوچھنے لگا۔۔۔

کام کا برڈن بڑھ گیا کیا"وہ اسے چیڑا رہا تھا۔۔۔

روشنی تمھارے پاس ہے"ارمان نے دانت پیستے

پوچھا

ہاں میرے پاس ہے۔۔۔۔ تمھاری بیٹی"اسنے بنا کسی

بات کے جواب دیا اسکا بس نہیں چلا اسکا منہ

توڑ دے۔۔۔

مگر تم بلکل اس تک پہنچ نہیں سکتے تم کوششیں

کیوں کرتے ہو ارمان ت

ھارا بوڑھا دماغ کہاں مجھ تک پہنچ پائے گا پھر اپنی

پوزیشن دیکھو

دیکھو میرا مشورہ ہے منہ دبا کر ایک طرف ہو

جاؤ" اسنے کہا ماہر ہنسی روک رہا تھا

میں تمھارے گھر پولیس ریڈ پڑوا دوں گا"

شوق سے میں انتظار کروں گا تمھاری بیٹی بھی بے چاری

بہت آید کرتی ہے

میرے ساتھ یہیں ب کیوں کر رہے وہ تم" ارمان چیخا

ویٹ" ماہر نے ناگواری سے کہا۔۔

ارمان اسکے سخت تاثرات سے ایکدم چپ ہوا

روشنی تمھاری اپنی بیٹی ہے" وہ سوال کرنے لگا ایکدم ارمان کا

چہرہ ہونق ہو گیا

جواب دو"

یہ کیا بکواس کر رہے ہو" ارمان نے ادھر ادھر دیکھتے کہا

نہیں ہے نہ تو تمھیں کس بات کی فکر ہے وہ میرے پاس رہے یہ کسی اور کے پاس"

وہ میری بیٹی ہے" ارمان چلایا

ٹھیک ہے۔۔۔ کہتے رہو شاید مجھے یقین آجائے۔۔۔۔گا"

وہ چڑانے لگا

بات سنو ماہر۔۔ تمھیں میں چھوڑوں گا نہیں یاد رکھنا"

ارمان۔۔۔نے چلانے پر ماہر نے۔۔۔ سر ہلایا

ٹھیک ہے پہلے اپنی نوکری کو بچاؤ" وہ بولا اور۔۔۔۔چیئر پر سے اٹھا۔۔

چیختے چلاتے ارمان کو چھوڑ کر وہ۔۔۔وہاں سے باہر نکل گیا

[12/27/2022, 6:04 PM] Tania Tahir: وہ مطمئین

سا گھر لوٹا موڈ بہت اچھا تھا

اسنے الونھ میں روشنی وک تلاشہ مگر روشنی

دیکھائی نہیں دی اس سے پہلے وہ کوئ سولا کرتا اسکا

سیل فون بجنے لگا۔۔ا

سنے بنا نمبر دیکھے کال پیک کرلی

تانیہ طاہر ناولز

چلو آج تم نے کال پیک کر ہی لی" ٹیچر نے کہا تو ماہر

نے۔۔۔نے سیل فونکا نپر سے ہٹایا اور سکرین پر دیکھا

فون بند کر کرنا" وہ اس سے پہلے فون بند کرتا وہ بولے

یار کب تک ناراض رہو گے تم وجدان کے س ات

بھی کہیں گئے حالانکہ وہ کام بھی بہت اہم تھا۔۔ کسی کی

جان بچانا۔۔۔

بھی بہت اہم ہے ماہر تم پر جتنی زمہ داریاں ہیں تم ان سب وہ نبھاؤ نہ ہے تم ایک کیطرف اتنی توجہ دو کے سب بھول جاؤ"

کسی بھولا ہوں میں" اسنے صوفے پر خود کو پھینکا اور تلخ لہجے میں پوچھنے لگا۔۔۔

تم اپنے باپ وہ نہیں بھولا گے"

یہ بھولنے کی بات ہی نہیں ظے۔روشنی میرے ساتھ کس لیے ہے صرف اس لیے کیونکہ وہ میرے باپ کے قاتلوں کو جانتی ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں" وہ سخت لہجے میں بولا۔۔۔

جھوٹ"

بکواس" ماہر چیڑا جو وہ سوچ رہا تھا ویسا تو نہیں تھا دل کے مخالف وہ بولنے لگا

اچھا میں بکواس کر رہا ہوں اپنے دل سے پوچھو کیا
تمھیں روشنی پسند آ گئ" وہ شاید مسکرا رہے تھے

آپ مجھے چیڑا رہے ہیں مجھے یہ بات سمجھ نہیں
آتی اچانک وہ اتنی اہم ہو گئ آپ کے لیے۔۔۔۔کہا
آپ نے مجھے ہی چھوڑ دیا" ماہر شکوہ کرنے لگا

مجھے تم نے چھوڑا ہے ماہر میں نے تمھیں نہیں" وہ جیسے
حقیقت بتانے لگے۔۔۔۔

ہاں۔بہت اچھی باتیں کی تھیں نہ اپ نے مجھ سے۔"
وہ بھڑک کر بولا۔۔۔

اب میں نے ایسا بھی کچھ نہیں کہا تھا کہ تم اس
طرح کا رویہ روا رکھو میرے ساتھ" وہ بولے

آپ نے بحث کے لئے فون کیا ہے_ ماہر چیڑا

نہیں اس لیے کہ آج کے بعد جب وجدان تمھارے پاس آئے تو تم۔۔۔بنا کچھ بھی کہے اسکے ساتھ جاؤ گے۔۔۔دنیا میں بہت لوگ ہیں جنھیں تمھاری ضرورت ہے" وہ بولے

ماہر چپ رہا

میں گھر جا رہا ہوں آج" ماہر نے کہا۔۔تو۔۔۔ایکدم دوسری طرف خاموشی چھا گئ

تم کیوں اتنی جلد بازی میں ہو"

میری زندگی سٹیبل نہیں ہے اور میں مزید اس سیسپینس میں رہو کے۔۔۔کب آپ مجھے بتائیں گے" وہ زرا غصے سے بولا

یہ بات تو میں نے تمھیں کبھی نہیں کہی کہ میں تمھیں بتاؤ گا کہ۔۔تمھارے باپ کا قاتل کون ہے"

ہاں آپ تو میرے سب سے بڑے دشمن بنے ہوئے ہیں" وہ بولا۔۔۔۔

یہ بھی تمھیں ہی لگتا ہے" وہ مسکرائے۔۔۔۔

بس کریں میں بند کر رہا ہوں فون" وہ غصے سے بولا۔۔۔۔

ماہر مجھے تم پر یقین ہے۔ میں تمھیں صرف اس لیے ڈسٹرب کیا ہے تاکہ تمھیں اتنا سمجھا سکوں۔۔۔کے نظر کو چاروطرف رکھنا۔۔۔۔

کوئ بھی کوئ بھی۔۔۔ تم پر کہیں سے بھی وار کر سکتا ہے اپنا اور روشنی کا خیال رکھوں روشنی کو۔۔۔ پروٹیکٹ کرنا مگر اسکی حفاظت کے چکروں میں خود کو مت بھول جانا۔۔ کیونکہ میرے لئے تم بہت اہم ہو" بس اتنا سا کہہ کر انھوں نے فون بند کر دیا

ماہر نے فون کان پر سے ہٹایا

وہ ہمیشہ سے اسی وقت اسے کال کرتے تھے جب اسپر کوئی برا وقت آنے والے ہو یہ پھر وہ کسی جگہ سے لاپرواہی برت رہا ہو

وہ گھیری سوچ میں پڑ گیا۔۔۔

کہ آخر اس فون کا کیا مقصد تھا۔۔۔

پھر اچانک اسے خیال ایا کی اسنے تو اج گھر جانا تھا۔۔وہ روشنی کو اس جگہ پر دوبارہ لے کر جانا چاہتا تھا اتنا کہ اسکی یاداشت میں سب چیزیں واپس لوٹیں۔۔۔۔

وہ اٹھا روشنی کو تلاش کرنے لگا وہ اسکے پیچھے ہی کھڑی تھی

ماہر مسکرایا وہ اچھے رنگ کے لباس میں تھی اور بڑی بڑی آنکھوں کو اسپر ہی گاڑے تقریبا وہ اسے گھور رہی تھی

خیریت۔۔ایسی نظروں سے کیوں دیکھا جا رہا ہے مجھے "

کون ہیں آپ ماسٹر " روشنی کے اچانک سوال پر ماہر چونکا اور اسے اندازا ہوا کہ روشنی ساری گفتگو سن چکی ہے

تمھارا ماسٹر " وہ بولا اور اسکا ہاتھ تھام لیا

مجھے سچ بتائیں " اسنے کہا۔۔۔

سچ جاننا تمھاری لیے ضروری نہیں تمھیں بس ایک بات یہ جاننی ہے کہ تم یہاں سے کہیں نہیں

جاؤ گی اور تمھارا باپ ارمان نہیں ہے کم از کم یہ تو تم مان لو"

آپ کس قسم کا مزاق کر رہے ہیں میرے ساتھ" روشنی چلائی

ماہر نے اسکی جانب دیکھا

یہ کون سا کھیل کھیل رہے ہیں میرے ساتھ ماسٹر میں میں سمجھ نہیں پا رہی میں کس قاتل کو جانتی ہوں۔۔۔کون ہیں آپ کس کے باپ کس سے بات کر رہے تھے اپ۔۔۔میں صرف آپ کے لیے۔۔۔ایک ایسا شخص ہوں جو آپکے باپ کے قاتل کو جانتا ہے یہ سب کیا باتیں ہیں مجھے کچھ کیوں نہیں سمجھ آ رہی" وہ بے چینی سے۔۔۔اپنا سر تھامتی بولی

ماہر نے جلدی سے اسے سمبھالا۔۔

ریلکس روشنی" ماہر بولا

نہیں مجھے سچ بتائیں۔۔۔

میں مجھے اب سمجھ ارہی ہے میری زندگی نارمل

کیوں نہیں ہے مجھے اب محسوس ہورہا ہے آپ نے

مجھے یہاں رکھا ہوا ہے اور کوئی تعلق ہے ایک

دوسرے سے" وہ جیسے سوچنے پر مجبور ہو گئی تھی

ماہر خاموشی سے اسکی طرف دیکھنے لگا

بتائیں مجھے" وہ اسے جھنجھوڑنے لگی۔۔۔

جبکہ اس کے مروتر آنسو بہہ رہے تھے

ماہر کچھ نہیں بولا۔۔۔

جبکہ روشنی نے آنسو صاف کئے یعنی آپ مجھے کچھ

نہیں بتائیں گے" وہ بولی

ویسا کچھ نہیں جو تم سوچ رہی ہو

ماہر بھی ابھی اسے کچھ بتانا نہیں چاہتا تھا

پھر کیا ہے کیوں ہوں میں آپکے ساتھ میں

میں کون ہوں آپکی میں کیا لگتی ہوں میں ہوں کیوں

یہاں۔۔ کس حق سے کس حثیت سے مجھے رکھا ہوا ہے

کیوں سمجھتے ہیں آپ کے جو آپ نے کہہ دیا میں وہ

مان لوں گی مان لوں گی میں یہ کے۔۔ ارمان میرے بابا

نہیں۔۔۔" وہ چلا رہی تھی رونے لگی

تھی

کیا حثیت ہے میری کس قاتل کو جانتی ہوں

میں کون ہیں آپ۔" وہ ایک ہی سوال کر رہی تھی۔۔۔

ماہر کو اسکی حالت پر ترس آیا وہ ایکدم اٹھا اسکا

چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھام گیا۔۔۔۔

تم اتنا مت سوچو۔۔ تمھاری طبعیت ٹھیک نہیں ہے"
اسے اسکا خیال آیا کیونکہ ڈاکٹر نے اسکے لیے اچھی
بات نہیں کہی تھی

میں مر رہی ہوں جیو آپکو کیا فرق پڑتا ہے ہیں وہ۔
آپ۔۔۔پیار کرتے ہیں مجھ سے نہیں نہ۔۔ تو کیوں
رکھا ہے مجھے۔" وہ اسکے ہاتھ جھٹکتے بولی۔۔۔

ماہر نے بالوں میں ہاتھ پھیرہ سارا موڈ سپوئیل ہو
گیا تھا اسنے یہ سوچا ہی نہیں تھا روشنی کو
ہینڈل کرنا مشکل ہو جائے گا۔۔۔۔۔

وہ اٹھ گیا

جیسے اسے جواب نہیں دینا چاہتا ہوں ابھی روشنی
کو سب بتا دینا مناسب نہیں تھا تبھی وہ اوویڈ
کر رہا تھا

روشنی نے بنا کسی بھی دوسری بات کے اب یہاں سے جانا مناسب سمجھا

مارا سے روکنے کا کوئی اختیار نہیں رکھتا تھا اسنے نہیں کہا تھا کہ وہ اس سے پیار کرتا ہے اور جب اسنے یہ نہیں کہا تھا تو وہ یہ بات کیوں مانتی کہ وہ اسکے ساتھ رہے گی

وہ اٹھی اور وہاں سے جانے کے لیے مین دروازہ کیطرف بڑھی

پاگل ہو گئی ہو تم" ماہر نے بھاگ کر اسکا ہاتھ جکڑا۔۔۔

ہاں ہوں میں پاگل آپ کو کیا مسلہ ہے" وہ بولی جیسے اب کچھ ماننا نہ چاہتی ہو

روشنی مجھے تنگ مت کرو"

ماریں گے مجھے آپ نے مجھے پہلے بھی اپنے ہاتھ کے تھپڑ سے نواز دیا ہے آپ دوبارہ بھی ماریں گے تو فرق نہیں پڑے گا اب مجھے کیونکہ میں جانتی ہوں کہ میں آپنے لیے کچھ نہیں تو مجھے اپنے ساتھ مت رکھیں

کیا سننا چاہتی ہو تم مجھ سے" وہ اسکی بات کاٹتا دھاڑا

کیا بتاؤں میں تمھیں۔۔۔ کہ میرے نزدیک تمھاری کیا اہمیت ہے میرے نزدیک تمھاری اہمیت۔ یہ ہے کہ تم میری بیوی ہو" وہ چلایا۔۔۔

روشنی نے ایک قدم ایکدم پیچھے کیے حیرانگی سے آنکھوں میں حیرت تھی یہ وہ کیا بول کر رہا تھا اسے سمجھ نہیں آئی آنکھوں میں حیرانگی سموئے وہ اسے دیکھنے لگی

ماہر نے اسکو دونوں شانوں سے تھام لیا وہ نہیں

چاہتا تھا وہ اپنی یاداشت پر زور دے۔۔ تبھی وہ اس

سے یہ بات چھپانا چاہتا تھا

مگر روشنی ماننے کے لیے تیار نہیں تھی اسی لیے اسے

کہنا پڑا

م۔۔مطلب " روشنی بے یقینی سے اسے دیکھ رہی تھی

مطلب یہ ہے کہ تم میری بیوی ہو اور اسی حق سے

میں نے تمھیں اپنے پاس رکھا ہوا ہے سمجھ آگئی اب

تمھیں کے تم کس لیے میرے ساتھ ہو" وہ بھڑکا

روشنی نے۔۔اسکی جانب دیکھا

جھوٹ ہے یہ سب " اسے یقین نہیں آرہا تھا اور آتا

بھی کیسے بات ہی ایسی تھی یقین کیسے کرتی وہ

ماہر نے دانت پیسے

میں کیسے مانو اتنی بڑی بات کب ہوا ہے ہمارا نکاح بتانا زرا مجھے" وہ پوچھنے لگی

جبکہ ماہر نے اسکا چہرہ جکڑ لیا۔۔۔

